دیوانی یار دی

ازقلم تانیہ طاہر

مکمل ناول

ناول بینک ویب پر شائع ہونے والے تمام ناولز کے جملہ و حقوق بمعہ مصنفہ کے نام محفوظ ہے۔ خلاف ورزی کرنے والے خلاف قانونی چارہ جوئی کی جا سکتی ہے۔ اگر آپ اپنی تحریر ناول بینک پر شائع کروانا چاہتے ہیں تو اردو میں ٹائپ کر کے ہمیں سینڈ کردیں۔ آپ کی تحریر ناول بینک ویب پر شائع کردی جائے گی۔

E-mail : pdfnovelbank@gmail.com
WhatsApp : 92 306 1756508

ناول بینک انتظامیہ

میں نے زندگی کو اپنے لیے ہمیشہ تلخ پایا ہے۔ شادی شدہ زندگی میں کوئ لمہ میرے لیے حسین یاد ثابت نہیں ہوا۔ بعض اوقات ہم کسی سے حادثاتی طور پر ٹکرا جاتے ہیں ۔ اور خواہش نا ہونے کے باوجود ہم انکی زندگی میں جبراً داخل کردے جاتے ہیں ۔

یہ بات ہی اذیت کے لیے کا فی ہے کہ جس سے ہم محبت کرتے ہیں اسکے لیے ناقابلِ برداشت ہیں ۔

میری شادی ہوی کچھ اسطرح تھی کہ میں اپنے باباک اکلوتی اور انتہائ سادہ شکل بیٹی تھی میرے چہرے کے نقوش بھی عام سے تھے اور رنگ بھی گندمی ۔ بابا ہارٹ پیشنٹ تھے ۔ اور کاروبار بھی بس گزارے لائق تھا اسی لیے بابا کا علاج گورمنٹ ہسپتال سے کرایا جا رہا تھا۔ اس رات بابا کی اچانک ہی طبعیت بگڑ گئ ۔میں ڈاکٹرز کو بلانے دوڑی تو کسی سے زور سے ٹکرائ ۔ تصادم بہت شدید تھا ۔

مگر میں بابا کی بگڑتی حالت کے پیشِ نظر بھکلائی ہوی تھی ۔ میں نے ایک نظر اس بھرپور وجاہت کے مالک شخص کو دیکھا ۔ جو مجھ سے انگلش میں بولا۔

" اس ایوری تھنگ اوکے"

" وہ وہ میرے بابا کو کچھ ہو جائے گا پلیز ڈاکٹر صاحب میرے بابا کو بچا لیں ۔"

میں ہاتھوں میں چہرا ڈھانپے شدت سے رو دی ۔ حالات ہی کچھ ایسے تھے کہ میرا دل بیٹھا جا رہا تھا ۔ انھوں نے میری بات سنی اور اگلے لمحے وہ اس وارڈ کی جانب بڑھ گئے جہاں بابا خستہ حالت میں لیٹے لمبی لمبی سانسیں لے رہے تھے۔ ۔

جلد ہی وہاں کا منظر ہیبت ناک ہو گیا بابا کو وارڈ سے آئی سی یو لے جایا گیا ۔ میں دم سادے ساری کاروائی دیکھ رہی تھی۔

تقریباً ایک گھنٹہ میں نے خدا کے حضور گڑگڑا گڑگڑا کر بابا کی زندگی کے لیے دعائیں مانگی مگر خدا کو کچھ اور منظور تھا نرس میرے پاس آئی اور اندر بابا کے پاس لے گائ

جہاں وہی ڈاکڑکھڑا تھا اور بابا کے نہیف ہاتھوں نے ان ہاتھوں کو مظبوطی سے تھام رکھا تھا ۔ بابا کی آنکھ سے آنسو کی ایک لڑی متواتر گر رہی تھی

میں تڑپ کر بابا کے قریب ہوئ ۔ تو میرے کانوں نے جو سنا اسپر میں شرمندگی کے مارے سر نہ اٹھا سکی ۔

بابا ڈاکڑ سے اپنی بیٹی کو تحفظ دینے کی التجا کر رہے تھے ۔

نہ جانے کب سے وہ آہوزاری کر رہے تھے ۔ ڈاکڑ پہلے گڑبڑایا ۔ اسنے مجھے دیکھا اور بابا کو کچھ سمجھانے لگا کے بابا تڑپ اٹھے ۔ اونچی آواز سے رونے لگے ۔

اور ڈاکڑ نے گھبرا کر خوشی کی نوید بابا کے ہاتھ میں تھما دی اور ۔ اور چند ہی لمہوں میں میرے سارے جملہ حقوق کا مالک ہو گیا ۔

وہ وہاں رُکا نہیں پھر ۔۔۔ ماتھے پر لاتعداد شکنیں تھیں ۔

اس رات مجھے اپنے بابا سے پہلی بار شکوے تھے شکایتیں تھیں ۔ میں ایک لفظ بھی بولے بغیر ایک سائیڈ پرچپ چاپ بیٹھ گئ مجھے لگا بابا میری ناراضگی سے با خبر

ہیں مجھے بلا کر سمجھائیں گے مگر پوری رات گزر گئ بابا نے مجھے نہیں بلایا ۔ ہوش تو میرے تب اڑے جب صبح ایک نرس نے ۔ مجھے بابا کی موت کی خبر سنائ ۔۔ میں پاگل سی ہو گئ ۔ چلا چلا کر پورا ہسپتال سر پر اٹھا لیا ۔ سب تاسف بھری نظروں سے مجھے دیکھ رہے تھے۔

اور پھر کب بابا کو انکے اصلی جگہ تک پہنچایا ۔ اور کب میں کسی کی ہمراہی میں اس محل نما گھر میں آئ مجھے کچھ پتا نہیں تھا پتہ تو تب چلا جب میری اوقات کا تعین کیا گیا۔

سارے گھر کا کام مجھ سے لیا جاتا میری ساس مجھ سے شدید نفرت کرتی تھی ۔ شوہر کو میں نے اس دن کے بعد دیکھا ہی نہیں ۔ میں سارے دن کام کے بعد کچن میں سوتی گھٹ گھٹ کے رونا مجھے اپنا مقدر لگ رہا تھا کھانا کھایا یہ نہیں کھایا کوئ مجھ سے نہیں پوچھتا تھا ۔ ۔

ایسی زندگی تو میں نے بابا کے ساتھ نہیں گزاری تھی ۔

بڑی بھواجیں بس مجھے دیکھ کر رہ جاتی کوئ کچھ نہ کہتا ہمدردی کے دو بول بھی نہیں ۔

اور پھر اس دن میں نے رضا احمد کو پورے چار ماہ بعد دیکھا ۔ وہ اول روز کی طرح منظر پر چھایا ہوا تھا ۔ اسکی چمکیلی آنکھوں سے مجھے پہلی بار محبت سی ہو گئ ۔ مگر اسکے لڑکھڑاتے قدم مجھے ڈرا گئے وہ ہوش میں نہیں تھے ۔ وہ میرے قریب آے ۔ تو ناگوار بو چار ۔ سو پھیل گئ ۔ میں ڈر کر پیچھے ہٹنے لگی کے انہوں نے میرا ہاتھ پکڑا اور اپنے کمرے میں لے گیے ۔ ۔۔ اس رات میں بہت روی ۔۔ اس شخص پر نظرڈالی جو بے چینیاں میرے ہاتھوں میں دے کر سکون کی نیند سو رہا تھا میں جانتی تھی صبح ۔ مجھے یہ ہی شخص گلیاں دے گا میرے وجود سے گھن کھاے گا ۔۔ اور یہ سوچتے ہی میں اور شدت سے رو دیتی ۔ صبح میری تواقع کے عین مطابق ہوا میری ساس نے بقائدہ مجھے لاتعداد تھپڑوں سے نوازا ۔

اور کچھ دن بعد اسی خبر ملی کے میرے اوسان خطا ہو گئے ۔

میرے وجود میں ایک نئ زندگی جنم لے چکی تھی ۔ اور پھر بہت اذیتوں کے بعد وہ میرے ہاتھوں میں آگیا ۔وہ ہوبا ہو اپنے باپ پر گیا تھا بہت حسین بہت خوبصورت میں نے شکرانے کے نفل ادا کیے میں خوش تھی ۔ کسی نے بھی میرے بیٹے کو ۔ نہیں دیکھا تھا ۔اسکے باپ نے بھی نہیں ۔ اور پھر میرا بیٹا بھی میرے ساتھ وہ تکلیفیں سہنے لگا میں اسکی ننھی سی جان کو بچا نہیں پا رہی تھی۔ اور جب وہ چار سال کا ہوا ۔تو میری ساس کو ایک بار پھر پوتے کی خبر ملی تو وہ بلبلا اٹھی ۔ مجھ سمیت اس بار میرا بیٹا بھی پیٹا ۔ اور وہ جو اس سب کا ذمہ دار تھا وہ ایسا بن گیا جیسے --- وہ کچھ جانتا ہی نہیں۔

تکلیفیں اور عزیتیں ایک بار پھر منہ کھولے کھڑی تھی ۔ اتنے امیر باپ کی اولاد دوسروں کے کپڑے پہن کر گزارا کر رہی تھی۔ حالانکہ دو بیٹے تھے ۔ مگر آنے والے وقت کا کوئ کچھ نہیں جانتا ۔

اور ایک دن ایسا ہی عام سا مشقت سے بھرپور تھا جب میں کام کر کے ہٹی تو کچن میں شاہ میر منہ پھولاے بیٹھا تھا جبکہ شہروز غائب تھا ۔

میں بھوکلہ کے اسکے تعقب میں دوڑی ۔ میں لاونج میں آی تو میری ساس شہروز کو بری طرح ڈانٹ اور مار رہی تھی جبکہ وہ سہما ہوا تھا ۔ لاونج میں موجود خوبصورت اور قیمتی واس ٹوٹ چکا تھا ۔ مجھے اپنے پیچھے شاہ میر کا احساس ہوا جو غصے کا تیز تھا وہ فوراً دادی کے پاس پہنچا اور اپنے بھائ کو انکے شکنجے سے چھڑوایا ۔

اسکے اندازبلکل باپ والے تھے ۔ میں بت بنی سب دیکھ رہی تھی ۔ دادی نے شہروز کو چھوڑ کر شاہ میر کے گالوں کو تھپڑوں سے سرخ کر دیا۔ میری بزدلی میرے بچوں کو رول رہی تھی تقریباً سب ہی وہاں موجود تھے ان بچوں کا باپ بھی ۔ جو ایک نئ تحریر رقم کر چکا تھا ۔۔ شاہ میر نے اپنا آپ چھڑوانا چاہا تو دادی کے منہ پر اسکا ناخون لگا اور ننھی سی خون کی بوند ابھری۔ اور میرے شوہر کی غیرت اچانک ہی جاگی اسنے اپنے ہی خون کو برئ طرح پیٹا گلیاں دیں احسان جتایا ۔

اور مجھ سمیت میرے دونوں بیٹوں کو بھی ماں کے ایک حکم پر اسنے گھر سے باہر نکال دیا۔

جبکہ وہ جانتا تھا ۔ ایک بار پھر میرے وجود میں اسکی نشانی تھی۔

------ زندگی کے یہ تکلیف دہ سال میں کبھی نہیں بھول سکتی ۔

مما "اسے اپنی چھوٹی بیٹی شانزے کی آواز آی تو وہ چونک سی گئ ۔ ماضی میں وہ" ایسے گم ہوی کے حال کو ہی بھول گئ اسنے ڈائیری بند کی اور بیٹی کی طرف متوجہ ہوی۔ جسے شہروز چھپکلی سے ڈرا رہا تھا ۔ وہ دوڑتی ہوی کمرے میں آگئ ۔ اور زور زور سے چیخنے لگی جبکہ شہروز قہقہ لگاتے ہوے اسپر چھپکلی پھنک چکا تھا۔

شہروز "اسنے شہروز کو زور سے تھپڑ لگایا اور شانزے جو گلہ پھاڑ کر چیخ رہی تھی" اسکے منہ پر ہاتھ رکھا ۔

زے بس کرو نکلی ہے "اور یہ کہتے ساتھ ہی شانزے حواسوں میں آی اور ایک"
بار پھر ان دونوں کی لڑائ شروع ہو گئ ۔ جبکہ وہ سر تھام کر رہ گئ۔
آنے دو شاہ میر کو کراتی ہوں تم دونوں کا دماغ درست ۔ "اسنے ان دونوں کو"
جس کی دھمکی دی تھی یقینی طور پرانکی زبان تعالو سے لگ گئ ۔

----------//////////----------//

"صفدر سب کیسا چل رہا ہے"
یس سر سب پری پلین چل رہا ہے ۔ بس اپکا ہی ویٹ کر رہے تھے کہ کب"
آپ ریٹ ڈالنے کی اجازت دیں ۔ "صفدر اسکا بہت اچھا دوست تھا کھاتے پیتے
گھرانے سے تعلق رکھتا تھا۔ اپنے شوق کی بنا پر پولیس فورس جوائن کی ہوی تھی ۔
مگر کام کے دوران وہ اس سے ہمیشہ ادب و آداب سے مخاطب ہوتا تھا۔
" ہمہ گڈ ۔۔۔سب ریڈی ہیں ۔"

یس سر "وہ اپنے آفس سے باہر نکلا تو صفدر بھی اسکے پیچھے تھا۔ پولیس یونیفارم" میں اسکا کسرتی جسم جیسے چٹان کی مانند لگ رہا تھا ۔ چہرے کے نقوش میں گھلی وجاہت ۔ مقابل کے ہوش گواہ دے رہی تھی ۔ لڑکیاں تولڑکیاں مرد بھی اسکی وجاہت کو لمہہ بھر کے لیے بس دیکھتے رہ جاتے۔ اور سب سے زیادہ خطرناک چیز شاہ میر خان کا غصہ تھا ۔ جو سب کو اس سے دس دس فٹ دور رہنے پر مجبور کر دیتا۔

وہ آفس سے بہر نکلا اور ایک طائرانہ نظر سب پر ڈالی جو سب الرٹ کھڑے تھے۔ اوکے کسی بھی قسم کی غلطی کی کوئ گنجائش نہیں ہے۔ جس نے غلطی کی وہ" اپنے آنے والے حالات کا خود زمہ دار ہے ۔ امید کرتا ہوں آپ میں سے کوئ نہیں چاہے گا کہ ہماری اتنے ٹائم کی محنت کا ضیائع ہو۔ "اسنے اپنی بات پوری کی ۔ اور باہر اپنی جیپ کی طرف بڑھ گیا۔ صفدر اسکے ساتھ تھا باقی سب بھی انسٹرکشن کو مدنظر رکھتے ہوے گاڑیوں کی طرف دوڑے۔

------/////////----------

یہ شہر کا مشہور کلب تھا جہاں امیر ماں باپ کی بگڑی ہوی اولاد ریفرشمنٹ کے لیے جمع ہوتی تھی اور ریفریشمنٹ بسا اوقات تمام اخلاقی حدوں کو توڑ دیتی۔ یہ کلب کسی بڑے سمگلر کے انڈر چل رہا تھا جو۔ نوجوان نسل کو نشے کی عادت بڑی تیزی سے ڈال رہا تھا تقریباً ایک ماہ پہلے شاہ میر کے انڈر یہ کیس آیا تھا اور آج وہ اسے پاے تکمیل تک پہنچانے یہاں پہنچ گیا تھا۔

شاہ میر خان کی جیپ کلب کے باہر رکی ۔ وہ ایک جست لگا کر جیپ سے باہر نکلا ۔ اسکے بوٹوں کی آواز کسی بڑے طوفان کے آمد کی گواہ تھی۔
اسکی جیپ کے پیچھے تین گاڑیاں رکیں اور کچھ پولیس اہلکار اسکی ایک آنکھ کے اشارے پر اپنی اپنی پوزیشن سمبھال گے جبکہ کچھ اسکے ساتھ تھے جس میں صفدر

بھی شامل تھا ۔ ڈھلتی رات کا سا سما تھا۔ اندر کا شوروغل باہر تک سنائی دے رہا تھا۔

فالو می "اسنے سر پر سے کیپ اتاری اور اپنے ٹارگٹ کی طرف قدم بڑھاے۔"

داخلی دروازے پر موجود گارڈ اسکے ایک مکے سے ہی زمین

بوس ہو گیۓ ۔

وہ اندر داخل ہوے ۔ تو وہاں کا ماحول حسبِ تواقع تھا۔ شراب شباب۔ نسوانی قہقہوں میں ملتے مردانہ قہقہے ۔اخلاق سے گری حرکتں۔ جیسے زندگی ایک نیا ہی رنگ

جی

رہی تھی۔

اسنے ایک خاموش نظر سب پر ڈالی اور ہاتھ اوپر کر کے ایک فائر چھوڑ دیا جو فانوس کو چیرتا ہوا گیا۔ فانوس کے ٹوٹنے کی آواز میں فائر کی آواز گھل کر وہاں سب کو خوف زدہ کر گئ۔ وہ سب جیسے ہوش کی دنیا میں لوٹے تھے۔ ان سب لوگوں۔ کو صفدر

اور باقی احلکاروں نے قابو کر لیا جبکہ شاہ میر وہاں سائڈ پر بنے ساونڈ پروف کیبن کی طرف بڑھ گیا۔ اور پھر چند ہی لمھوں میں وہ وہاں کے اونر کو گریبان سے پکڑے باہر لے آیا۔ وہاں سب کو تو جیسے سانپ ہی سونگ گیا۔

"اریسٹ کر لوسب کو"

وہ صفدر کو ارڈر دیتا باہر نکل گیا۔

-//---/--///---------///////---////////----------/

وہ چئیر پر بیٹھا۔ ان کو نظروں کے فوکس میں لیے ہوے تھا۔ وہ دو لڑکیاں اورایک لڑکا جن میں سے ایک لڑکی حُسن کا شہکار چہرے پر خوف اور ہوائیاں لیے کھڑی تھی جبکہ دوسری لڑکی کے چہرے پر دنیا جہان کی بے زاری تھی ۔ اورلڑکا سنجیدہ سا کھڑا تھا ۔ باقی سب زمانتیں کرا کر جا چکے تھے ..ان سب کے ہی والدین .کو بلایا گیا تھا ..جبکہ یہ تینوں اپنے گھر سے کسی کو بلانے کے لیے تیار نہیں تھے

اپنے باپ کو فون کرو "سرد آواز گونجی۔"

سر بلیو می ہمارا اس کیس سے کوئ تعلق نہیں ہے ۔"لڑکے نے اپنی سی"

آخری کوشش کرنی چاہی۔

غلبًا تم رات یہی گزرنا چاہتے ہو نو پروبلم ان کو لاکپ میں ڈال دو اور جب تک"

کوئ والی وارث نہ آ جاے آزاد مت کرنا ۔ "اسنے اپنے ایک اہلکار کو تنبہی کی جس

نے فورا گردن ہلائ اور اپنی گاڑی کی چابی اور والٹ اٹھایا ۔

پلیز معاذ چاچو کو کال کرو "وہ لڑکی اب بقاعدہ رونے لگی تھی ۔ لڑکا گھبرا سا گیا"

اسنے کسی کو کال کر کے فورا پولیس اسٹیشن بلایا۔

وہ اکتاہٹ سے سارا تماشا دیکھ رہا تھا۔ صفدر کی بھی ساری توجہ ان تینوں پر تھی۔

اورانکلے پندرہ منٹ میں جو چہرہ اسکے سامنے تھا اسکو دیکھ کر ۔ اسکے عصابوں پر گویا

بم پھٹا۔ وہ اس چہرے کے نقوشوں کو بس دیکھتا رہ گیا۔ نفرت کی چنگریاں وجود کو

۔

بھڑکا گئں ۔ جبڑے سختی سے بھنچ گئے جبکہ دماغ کی رگیں ایسے پھولیں کہ گویا ابھی پھٹ پڑیں گیں ۔ ہاں آج تیئس سال بعد اسنے رضا خان کو دیکھا تھا۔ ڈھلتی عمر نے انکے شانیں ضرور جھکا دیے تھے مگر چہرے پر رونک آج بھی ویسی تھی۔

اسنے بڑی مشکل سے اپنی بلبلاتی کفیت پر قابو پانے کی کوشش کی مگر بے سود اسے شدید گھٹن کا احساس ہو رہا تھا بس نہیں چل رہا تھا کہ وہ یہاں سے بھاگ جاے اور جب برداشت جواب

دے گئ ضبط کے دھاگے ہاتھ سے چھوٹنے لگے وہ اچانک ہی کھڑا ہو گیا۔

صفدر ہنڈل دس کیس "اتنا کہا اور کسی ہوا کے جھونکے کی طرح غائب ہو گیا۔"

بلیک ٹی شرٹ اور جینز میں شہروز بلیک ہی گاگلز لگائے ۔ نک سک سے تیر ہو کر ڈائینگ پر آیا جہاں کا ماحول اسے کچھ کھینچا کھینچا سا لگا ۔ اسنے ماں کی طرف سوالیہ

نظروں سے دیکھا تو انہوں نے لاعلمی کا مظاہرہ کیا۔ وہ خود نہیں جانتی تھیں شاہ میر کو کیا ہو گیا ہے۔ رات خاصا لیٹ گھر آیا اوپر سے بکھرا بکھرا حولیہ ۔ انہیں پرشان کر گیا۔

انہوں نے لاکھ اسکی حالت کی وجہ پوچھی مگر وہ کچھ بول کے ہی نہیں دے رہا تھا ۔اور اب بھی اسکے منہ کو جیسے تالہ لگا ہوا تھا۔ شہروز نے شیری کی طرف دیکھا جو چپ چاپ کھانا کھا رہی تھی ۔ یعنی یہ معمہ اسے حل کرنا تھا۔ وہ شاہ میر کے برابر کرسی گھسیٹ کر بیٹھ گیا۔

طبعیت ٹھیک ہے لالا "اسنے ٹوس پر جیم لگاتے پوچھا ۔"

"ہوں ہاں مجھے بھلا کیا ہونا ہے"

پھر بھی "وہ کون سا جان چھوڑ دینے والا تھا۔"

کچھ نہیں شہروز ناشتہ کرو خاموشی سے "اسنے جان چھوڑانا چاہی۔ "

لالا آپ جانتے ہیں آپ کتنے اہم ہیں ہمارے لیے ۔ اپکی پرشانی پر سارا گھر پرشان" ہو اٹھتا ہے۔ اور آپ نے کبھی مجھ سے کوئ بات نہیں چھپائ پھر اب یہ گریز "کیوں

وہ اب بھی کچھ نہ بولا ۔ تو وہ اور اماں سمجھ گئے یہ گریز شانزے کی وجہ سے ہے ۔کہ شانزے کو کبھی اسنے باپ کی کمی محسوس نہ ہونے دی تھی۔

شانزے کی یونی وین آ چکی تھی ۔ وہ جلدی سے اپنا بیگ اٹھا کر اٹھی۔ شاہ میرا سے محبت پاش نظروں سے دیکھ رہا تھا جس کی آنکھوں میں شہروز کو خاموشی سے ناشتہ کرتے دیکھ کر شرارت ناچ گئ ۔ شاید اس درودیوار میں رونک اسکے ہونے سے ہی تھی۔ ورنہ یہاں اترتی ویرانیاں اسکا دم گھوٹ دیتیں

شہروز لالا آج آپ مجھے پوکٹ منی دیں گے "اسنے کہتے ساتھ ہی شہروز کے والٹ" پر جھپٹا مارا ۔ اور ہزار کا نوٹ نکال لیا۔

.شہروز کی تو آنکھیں ابل آئ ۔ اس بھتا خوری پر

چڑیل چھوڑو میرا پرس اور ہزار روپے دماغ درست ہے تمھارا۔ "شہروز نے اسکو"
گھوری لگائی جس کا کوئی اثر لیے بغیر وہ منہ بنا کر بولی۔
"لالا آپ انتہائی بھوکے ہیں۔ آپکی بیوی تو ماری ہی جاے گی اپکی کنجوسی پر"
" خبر دار جو تم نے میری ان دیکھی بیوئ کو بیچ میں گھسیٹہ"
ہمہ بڑے آے بیوی کے حمایتی ۔ "وہ اسے منہ چڑاتی اماں اورشاہ میر کو پیار کرتی"
بھاگ گئ۔ شاہ میر کے چہرے کی مسکراہٹ دیکھ کر وہ دونوں ہی کچھ پرسکون
ہوے۔
بہت شرارتی ہوگئ ہے "لبوں کی تراش مہں چھپی مسکراہٹ اسیے مزید ہینڈسم بنا"
رہی تھی۔ آج شاید وہ ان ڈیوٹی نہیں تھا تبھی سکون سے بیٹھا تھا۔ ورنہ اتنی افرا
تفری مچا دیتا کے وجیہ پرشان سی ہو جاتیں
-------//////--------//////

وہ تینوں اسوقت اماں کے کمرے میں بیٹھے تھے۔ رضا خان سے ہوئ ملاقات اسنے منو عن ان دونوں کو سنا دی ۔ اماں خاموش بیٹھی تھیں ۔ تیئیس سال بعد پھر سے اس آدمی کا ذکر ہو رہا تھا۔ جس کو انھوں نے اپنا سب مان لیا تھا۔ مگر بعض اوقات ایسا ہوتا ہے نہ ہم جس پر اکتفا کر لیں وہی اسے ٹھوکر مارتا ہے ۔کہ ہم بس بے بسی سے اسے دیکھتے رہ جاتے ہیں ۔ اماں کی خاموشی اور جھوکیں نگھایں شاہ میر کا رہا سہا سکون بھی غارت کر گئ ۔ بے چینی حد سے سوا ہو گئ ۔بس نہیں چلا اسے شوٹ کر کے ایک ہی لمحے میں اپنے سارے حساب برابر کر لے۔ مگر نہیں وہ اسے اسی چوٹ دینا چاہتا تھا۔ کہ وہ چلائے۔ پل پل جیے پل پل مارے ۔ موت کی خواہش کرے۔ وہ اسے بلکل ایسی اذیت سے دو چار کرنا چاہتا تھا جو اسکی ماں نے سہی یہ جو بے بسی کا وقت اسنے کاٹا۔

کہ روپیے روپیے کو وہ چارو ترسے ۔

لالا ہمارا اس آدمی سے کوئ تعلق نہیں ہے ۔ تو ہم اس موضوع کو ڈسکس نہ ہی" کرئں تو بہتر ہے۔ ہم کیوں اس شخص کا ذکر کر کے تکلیف میں مبتلہ ہوں کیا جو ماہ و سال ہم نے دربدر گزارے وہ کم تھے کہ ایک نئے سرے سے خود اذیتی کا دور "شروع کر لیں

شہروز نے اماں کو بانہوں میں بھرتے ہوے کہا۔ جن کی نگاہیں بیتے دنوں کی اذیت یاد کر کے بھر آئ تھیں ۔

نہیں شہروز اتنے اچھے تم۔ ہو گے میں نہیں ۔ جب تک میں اسے اسکے انجام" تک نہیں پہنچا دوں گا سکون سے نہیں بیٹھوں گا۔ "اسکے لہجے میں اتنی سختی تھی کہ وہ دونوں بس اسے دیکھتے ہی رہ گے کسی میں آگے کچھ بولنے کی ہمت ہی نہ ہوئ ۔

جبکہ وہ تن فن کرتا انکے درمیان سے اٹھ آیا تھا۔

----/////-----/////----------

وہ دیکھ وہ دیکھ زبرداست یار "وقار نے اسکے کندھے پر ہاتھ مار کر سامنے متوجہ " کرایا جہاں ریڈ شلوار پر وائٹ شرٹ اور ریشمی دوپٹہ شانوں پر پھیلائے۔ کٹینگ بالوں کی پونی ٹیل بنائے شانزے اپنے ازلی لاپراہ انداز میں اپنی دوست کے ساتھ قہقہ لگاتی آرہی تھی ۔ وہ اتنی پیاری اور معصوم لگ رہی تھی کہ وہ تو ساکت ہی ہو گیا۔

تو کیوں شہروز سر سے پیٹنا چاہتا ہے اس بلا کے آگے وہ جلاد کھڑا ہے جسے کوئ" سر نہیں کر سکتا صرف ہم دیکھ کر آہیں بھر سکتے ہیں "عادی نے جیسے انکے خیالات پر برف ڈال دی۔

جبکہ وہ اب بھی اسی کی طرف متوجہ تھا جو کسی ہوا کے جھنکے کی طرح اسکے سامنے سے گزر گئ تھی۔

انجام کی پراوہ ہوتی تو میں عشق کرنا چھوڑ دیتا "اسنے لبوں میں دبی سگریٹ کو " پھینک کر جوتے سے مسلہ سٹائل سے بنے بالوں کو ایک بار پھر ہاتھ مار کر درست

کیا۔ ہیوی بائک پر لٹکا شلڈر بیگ کندھے پر ڈالا جس میں بمشکل ایک ہی کتاب تھی اور اسکے تعقب میں بھاگا۔ سر عمران کا لیکچر تھا اور وہ ہر حالت میں اسکے برابر جگہ چاہتا تھا۔ وہ تیز تیز قدم اٹھاتا ۔گلاس ڈور دھکیلتا کلاس روم میں داخل ہوا ایک نظر پورے روم پر دوڑائ ۔وہ اسے سیکنڈ رو میں کسی کتاب پر جھکی ملی ۔ وہ جانتا تھا فیزکس اسکے گروپ میں سے صرف اسی کا سبجیکٹ ہے تبھی اسکے ساتھ اسکی کوئ دوست نہیں تھی ۔ وہ ۔ مسکراتا ہوا جلدی سے عین اسکے برابر والی چیئر پربیٹھ گیا۔ پیچھے اسکے دوست جو لاسٹ بنچ پر بیٹھے تھے اسے بری بری گلیوں سے نواز رہے تھے کہ جب سے اسکے سر پر شانزے نامی بھوت چھڑا تھا بے چارہ ہر جگہ نمبر بنانے کی کوشش کرتا مگر سد افسوس کہ اب تک شانزے کی ایک نظرِکرم بھی اسپر نہیں پڑئ تھی۔

اسنے ایک اچٹتی نگاہ اپنے برابر میں بیٹھے لڑکے پر ڈالی جو اپنے بتیس دانت نہ جانے کیوں اسے دیکھا رہا تھا اور پھر اپنے کام میں مگن ہوگئ ۔ جبکہ مقابل کی

ساری شوخی ہوا ہو گئ ۔دوستوں کی دبی دبی کھی کھی پر وہ کھا جانی والی نظر ان پر ڈال کر رہ گیا مگر ہار ماننا سیکھا کب تھا۔ سر عمران کلاس میں داخل ہوے تو ایکدم سناٹا چھا گیا۔

شانزے نے اپنے نوٹس کھول کر آگے رکھے اور پوری طرح اس۔ میں غرق ہو گئ ۔

فیضان نے اپنے پھونک نکلے بیگ میں ہاتھ ڈالہ جس میں سے ایک مکھی بھی نہیں نکلی تو نوٹس کیا نکلتے ۔ اسنے ہمت کر کے شانزے کو پکار ہی لیا۔

" میں آپ کے ساتھ نوٹس شئیر کر سکتا ہوں"

ہر گیز نہیں "اسکا ٹکا سا جواب سارے ارمانوں پر پانی پھیر گیا۔"

فیضان غصے سے اسے دیکھا اور اسکے نوٹس جھپٹ کر اپنے سامنے پھیلا لیے۔

شانزے کا تو اسکی جرت پردماغ خراب ہو گیا۔

چھوڑو میرے نوٹس "اسنے ڈارک براون آنکھوں سے اسے گھورا جس کی صحت پر" خاک اثرپڑتا تھا۔ اور پھر ایک طرف سے نوٹس شانزے کے قبضے میں تھے جبکہ

دوسری طرف سے فیضان کے بے چارے اپنی قسمت کو رو رہے تھے ۔ سر عمران نے کلاس میں ڈسٹربنس محسوس کی ایک دو بار انہیں ٹوکا بھی جب کوئ فرق نہ پڑا تو انھوں نے ان دونوں کو کلاس سے اچھی خاصی عزت کر کے بے دخل کر دیا۔

وہ بھناتی ہوی باہر نکلی ۔

یو اِڈیٹ تمہاری وجہ سے میرا امپورٹنٹ لیکچر مس ہو گیا "وہ تو اسکے اندازِ تخاتب پر" چکرا ہی گیا مگر ہنسی بھی آی پہلی بار اتنی عزت کرائ تھی۔

دیکھئیں ------ "ابھی وہ کچھ کہتا ہی کے وہ پھر سی چیخی ۔"

تم دیکھو مسٹر---- "اس بار اسنے جاندار مسکراہٹ کے ساتھ اسکی بات کاٹی۔"

دیکھ تو رہا ہوں "اور بڑی شرارت سے وہ اسے دیکھنے لگا جبکہ شانزے بات کا" مطلب سمجھ کر مزید تاو میں آگئ اور اسکے ہاتھ سے نوٹس جھپٹتی آگے چلی گئ جبکہ اپنے پیچھے وہ اس چیپکو اجنبی کا قہقہ بڑی مشکل سے ہضم کر سکی ۔

--------////////---------

چلچو پلیز سوری "حرم پچھلے چار دنوں سے رضا صاحب کو منانے کی کوشش کر "
رہی تھی جو زندگی میں پہلی بار اس سے ناراض ہوے تھے۔
آپکا سوری بلکل قبول نہیں کیا جاے گا جانتی بھی ہیں ہم کتنے شرمندہ تھے بھائ"
صاحب کے سامنے کبھی آپ اسی جگھوں پر گئ ہیں جو اب چلتی بنی تھیں کیا شہر
میں ہوٹل ختم ہو گئے تھے جو برتھڑے پارٹی کلب میں بنائ گئ ۔ "اس سے بات
کرتے ہوے تو انکے لہجے میں رس سا گھول جاتا کہ ڈانٹتے بھی تو محسوس نہ ہوتا ۔
کہ غصہ کر رہے ہیں ۔جبکہ حرم جو اپنی حرکت پر بہت شرمندہ تھی منمنا کر رہ گئ۔
"وہ ونیزے کے فرینڈز نے کہا کہ اس بار کلب میں سیلیبریٹ کریں گے تو ۔ہم"
اور پھر وہ خودی خاموش ہو گئ اپنی بات جو بے وزن لگ رہی تھی

حرم کب آے گی آپکی عقل ٹھکانے ہمیں تو ڈر ہے کوی نقصان ہی نہ کر لیں"
اپ اپنا اس بے واقوفیوں کی وجہ سے کمال کرتی ہیں "اور بس اتنی کہنے کی دیر تھی
بھل بھل آنسو اسکے رخساروں پر بھینے لگے۔

کیا ہو گیا ہے رضا "رضا صاحب کی بیوی زرینہ نے اسے شانوں سے تھام کر سینے"
سے لگا لیا۔وہ ان دونوں کے لیے ہی بہت عزیز تھی ۔ جیسے ان دونوں کی تو جان
اس میں بستی تھی انتہائ بے وقوف ہونے کے ساتھ ساتھ حسن کی دولت سے
ملامال تھی

بہت چھوٹی تھی جب ماں باپ کی پلین کریش میں ڈیتھ ہو گئ اسکے بعد حرم کی
پرورش ان دونوں نے ہی کی کہ اپنی کوئ اولاد جو نہ تھی ۔

اتنی دیر سے کہی توجا رہی ہوں اب نہیں جاو گی مان کے ہی نہیں دے رہے"
ہیں "وہ آنسووں کے درمیان بولی رضا صاحب کو اچانک ہی ڈھیر سا پیار آیا اسپر
پیار بھری نگاہ اسپر ڈالی اور اسکے برابر بیٹھ گئے۔

"اب وعدہ کرو کبھی اس "فیضان کے بچے اور ونیزے کی باتوں میں نہیں آو گئ"

جی جی وعدہ "وہ ایکدم جوش سے بولی۔"

گڈ گرل "انہوں نے محبت بھرا بوسہ اسکی پیشانی پر کیا۔"

"ونیزے یو لوکینگ گرجیس"

آی نو دیٹ کچھ اور کہو "اسکے لہجے میں۔ بے زاری تھی۔ جیسے اسکی تعریف کے

سب لفظ پرانے ہو گئے ہو۔

تم تم ہنی کسی بھی باشعور کا ایمان خراب کر سکتی ہو "عدیل تو جیسے جان دینے

کے درپے تھا۔ شہروز جو انکی ٹیبل سے اگلی ٹیبل پر بیٹھا تھا ناگواری سے اسنے

لڑکے کے بے ہودہ ڈائلوگ سنے۔

یہ بھی جانتی ہوں کچھ اور بتاو "لڑکی کی بے زار آواز ابھری۔"

ائ ایم سیچ لیس "اور بلآخر لڑکے نے ہار مان لی کہ مزید وہ اسکے شعلہ صفت"
حسن کو خراج نہیں دے پا رہا تھا۔

ہاہاہاہا "نسوانی قہقہ ابھرا۔"

اچھی بات ہے ہار مان لی کیوں کہ جو انداز میں چاہتی ہوں وہ آج تک مجھے ملا"
نہیں بے زار ہوں میں تم لوگوں کے فضول ڈائیلوگز سے "لڑکی کی بات پر اسکا دل
کیا زور دار تماچا منہ پر مارے اور پوچھے بھلہ ایسے کبھی کیا تمھارے ساتھ کسی نے۔
وہ حیران تھا یہ لڑکی کس طرح اپنی ذات کو ان گھٹیاں لڑکوں میں ڈسکس کر رہی
تھی ۔

راحیل نے آج اسے ڈنر پر انوائیٹ کیا تھا اور وہ تو پہنچ گیا تھا جبکہ راحیل غائب
تھا۔

اور اب تو ان گھٹیاں لڑکی لڑکوں کی باتیں سن کر اسکا سردرد کرنے لگا تھا۔

وہ اٹھ کے جاتا کہ سامنے سے راحیل آگیا اسنے سکون کا سانس لیا۔

بئیر کی نازک بوتل بیچ میں گھومی تو اس بار بوتل کا رخ ونیزے کیطرف تھا

نو مین "اسنے ایک ادا سے اپنے ڈارک ریڈش بلیک بالوں کو جھٹکا۔ جبکہ سب کے"

ہرے کے نعرے بلند ہوے ۔

تمہارا ڈئیر یہ ہے کہ اس سامنے ٹیبل پر جو لڑکا بیٹھا ہے اس کے ساتھ کل اپنی

"ڈیٹ فیکس کرو

عدیل کے لاجواب ڈئیر نے سب کو پرجوش کر دیا۔ سب اسے چیئر اپ کرنے

لگے۔

نو پروبلم سوئیٹ ہارٹ بھلا کوئ ونیزے کو ریجیکٹ کر سکا ہے کبھی "وہ کہتے ساتھ"

ہی اٹھ کھڑی ہوی ۔ وہ سب اسے چیئراپ کر رہے تھے اسکا رخ شہروز کی ٹیبل کی

جانب تھا۔

- - - - - ----------

شہروز نے کھانا کھانے کے دوران اپنے قریب کسی کی موجودگی محسوس کی تو منہ اٹھا کر اس چلتے پھیرتے

حسن۔ کے تحفے کو دیکھا۔

بلیک ٹائٹ جینز پر بلیک ہی ٹایٹ شرٹ جس کا کشادہ گلہ تھا اوپربلیک جیکٹ جس کا ہوڈ اسنے سر پر لیا ہوا تھا اور شوولڈرز پر ریڈش بلیک بال لاپراوہی سے پھیلے ہوے تھے۔ وہ کوئ قیمتیی خزانہ لگ رہی تھی۔

راحیل منہ کھولے اسے دیکھ رہا تھا جبکہ اسکی نظریں اسپر تھی جس نے ایک نگاہ غلط ڈال کر کھانا کھانا شروع کر دیا تھا۔ گویا نظرانداز ہی کیا۔

ونیزے اس ادا پر مسکراے بغیر نہ رہ سکی ۔

نام کیا ہے تمہارا "بے تکلفانہ انداز میں پوچھا گیا۔"

شہروز نے جواب دینا مناسب نہ سمجھا جبکہ عدیل نے اسکا نام بتایا۔

"اسکا نام شہروز ہے"

خاصا روبدارنام ہے "اسکی دلچسپی بڑھی اوروہ انکے پاس بیٹھ گئ"

شہروز اب بھی اسے نظرانداز کیے ہوے تھا۔

کیا آپ لوگوں کو مہمان کو ٹریٹ کرنے کے رولز نہیں آتے۔ کچھ افر بھی نہیں "کیا آپ نے

اُہ پلیز آپ لیں نہ "عدیل نے شرمندہ ہو کر اسکے سامنے مختلف لوازمات کی" ٹرے رکھی۔ مگر اسے بھلا کھانے میں کب ۔ دلچسپی تھی ۔

مسٹر شہروز کیا میں آپ کی پلیٹ شئیر کر سکتی ہوں "وہ اپنا ہر گُر صرف اسے" متوجہ کرنے کے لیے اپنا رہی تھی۔ مگر مقابل بھی شہروز خان تھا کوئ سڑک چھاپ عشق نہیں۔

ول یو پلیز شیٹ اپ "وہ بڑے ضبط سے بولا۔"ِ

چاہتی کیا ہیں آپ "بلآخر وہ مدے پر آہی گیا۔"

آپ کے ساتھ کل ڈیٹ بس سیمپل "وہ سکون سے بولی۔"

آپ کا معیار اتنا نہیں ہے جبکہ شہروز خان صرف اپنے معیار کے لوگوں سے بات"
"کرتا ہے۔

وہ نخوت سے کہتا چیئر چھوڑ کر ہوٹل سے باہر ہی نکل گیا جبکہ عدیل بمشکل ہنسی روکتا بل پے کر کے اسکے پیچھے بھاگا۔ جبکہ -- وہ مسکرا اٹھی ۔

مین آف سٹون "ٹائٹل دے کر ..وہ خود بھی وہاں سے نکل گئ

-------///////----------

اسنے"

راستے میں سے صفدر کو پک کیا۔ اور منیسر حیدر یزدانی کی کوٹھی کے آگے گاڑی روکی ۔ وہ دونوں اندر داخل ہوے وہاں کا ماحول بہت لگزری تھا۔ خواتین مرد حضرات نوجوان جنریشن یہ تقریباً مکس گیدرنگ تھی ۔ وہ حیدر یزدانی سے ملا اور جسٹیس ریاض کی جانب مڑ گیا۔ محفل اپنے اروج پر تھی ۔ ماحول بھی خاصا

زبردست تھا ۔ وہ جسٹیس ریاض کی کسی بات پر مسکرا رہا تھا کہ حیدر صاحب کی پکار پر پلٹا۔ اور انکی جانب چل پڑا جن کے ساتھ انکی بیٹی گرے میکسی میں چہرے کے نقوشوں کو میکپ سے مزید پر کشش بنائے کھڑی تھی۔

"شاہ میر ہماری بیٹی سے ملو ونیزے حیدر یزدانی"

اور بیٹے یہ ڈی ایس پی شاہ میر ہمارے ڈیپرٹمنٹ کے نڈر اور سنجیدہ سے"

"کاریندے ہیں

ہیلو "لڑکی نے اپنا نازک مرمری ہاتھ اسکی طرف بڑھایا۔"

جبکہ اسنے ایک ناگوار نظر اسپر اٹھائ ۔

میں خواتین سے ہاتھ نہیں ملاتا۔ "ونیزے کے چہرے پر سرخی سی پھیل۔ گئ"

جبکہ ۔ حیدر یزدانی اسے اپنے کسی دوست کی جانب لے کر بڑھ گئے ۔ جو پیٹھ موڑے کھڑے تھے۔

رضا ان سے ملو یہ ڈی ایس پی شاہ میر ہیں"

اور شاہ میر یہ میرے بہترین دوست رضا خان "شاہ میر خاموشی سے انکی طرف دیکھ رہا تھا۔

جنہوں نے خوش اخلاقی سے اسکی جانب مصحافے کے لیے ہاتھ بڑھایا۔

کیسے ہو برخوردار "انکے انداز تخاتب پر اسکے وجود میں چنگاریاں سی بھرنے لگی۔"

کیوں بار بار اسکی قسمت اس ناپسندیدہ شخص سے ملوا رہی تھی۔ ا

ضبط کی حدیں بھی اب کہ پار ہونے لگی تھیں۔ انکا ہاتھ اب بھی اسکی طرف بڑھا ہوا تھا۔

اسنے انکی جانب ہاتھ نہ بڑھایا۔

مجھے ان الفاظوں سے کبھی کسی نے نہیں پکارا میں یہی چاہوں گا مجھے میرے" "نام سے پکارا جائے

سرد آواز میں کہا گیا۔ وہ کچھ خفت ذدہ سے ہو گئے۔ حیدر صاحب کو بھی اسکا انداز ناگوار گزرا جبکہ صفدر جو اسکے ساتھ ساتھ تھا ایک ملامتی نظر اسپر ڈال کر رہ گیا۔

کیسے ہیں آپ مسٹر شاہ میر "انہوں نے اب کہ اسکی منشا کے مطابق اسے پکارا ۔"
اللہ کا خاص کرم ہے رضا صاحب ورنہ لوگو ں نے تو سب بگاڑنے میں کوئ کثر "
نہیں چھوڑی تھی ۔ "وہ طنزیہ لہجے میں بولا ۔ اور دوسری جانب چل دیا۔ ماحول کی
کثافت کم کرنے کے لیے یہ ضروری تھا کہ وہ وہاں سے ٹل جائے ۔
جبکہ رضا صاحب نہ سمجھی سے اسکی پیٹھ کو دیکھ رہے تھے۔ ذہن کی سکرین پر
کسی اپنے کا جھپاکا سا ہوا ۔ وہ کچھ بے چین سے ہو گئے اسکے اندازچہرے کے
نقوش شخصیت کی بے نیازی ان کے ذہن کو منتشر کر رہی تھی۔ پرتکلف ڈنر کا
احتمام تھا ۔ حیدر صاحب نے سب کو کھانے کے لیے ایک ہال میں بلایا ۔ جہاں
بوفے سسٹم تھا ۔ وہ اور صفدر کھانے کی جانب بڑھے وہ کچھ خاموش خاموش سا تھا
۔ صفدر نے اسکی پلیٹ میں کھانا نکال کر اسکے ہاتھ میں پلیٹ دی اور پھر خود بھی
کھانا نکال کر وہ دونوں باتوں کے درمیان کھانا کھانے لگے ۔ رضا صاحب کی نظریں

کافی دیر سے اسپر ٹکی ہوئ تھیں ۔ اور بلآخر وہ اپنے اندر اٹھتی بے چینی کے ہاتھ مجبور ہو کر وہ اسکی جانب بڑھے۔

ایکسکیوزمی "شاہ میر پیٹھ سے آتی آواز پر پلٹا۔ اور رضا کو دیکھ کر اسکا حلق تک" کڑوا ہو گیا ۔ چہرے کے نقوشوں میں بزاریت ناگواری کیا کیا نا گھل گیا۔

"جی فرمائیے"

انکی آنکھیں اسکی آنکھوں میں کچھ ڈھونڈ رہی تھیں جیسے کسی بات کا یقین چاہ رہی ہوں ۔

اپکا نام شاہ میر رضا "انکا لہجہ کانپ سا گیا دل کی کفیت ناقبلِ یقین سی ہو گئ ۔" کہنے کو تو یہ صرف الفاظ تھے مگر اسکے مظبوط اعصابوں پر ہتھوڑوں کی مانند برسے۔

اسنے کلیجہ چیئر دینے والی نظروں سے انہیں دیکھا۔ سرخ نگاہیں نم نگاہوں میں گاڑ دی ۔

اب کہ چھوپانے کا کیا فائدہ تھا جب وہ خود ہی اس تک پہنچ گئے تھے ۔ اور وہ تو چاہتا تھا ۔کہ ان کے حصے میں بھی وہ اذیاتیں ڈال دے ۔ جو ان لوگوں نے سہی۔

بد قسمتی سے "سلگتا ہوا لہجہ تھا۔ جبکہ رضا صاحب پورے وجود سے کانپ گئے جی" چاہا رب کے حضور سجدہ ریز ہو جائیں ۔ بے قصوروں کے ساتھ کیے ہوے معملے کی سزا انہوں نے اور انکی

ماں نے کیسے بھگتی تھی وہ وہی جانتے تھے ۔کتنی نی انکے مل جانے کی رب کے حضور گڑگڑا گڑگڑا کے دعا مانگی تھی۔ وہ لڑکھڑا سے گئے مگر وہ سہارا نہ دے سکا۔ اور سفاقی سے وہاں سے نکلتا چلا گیا۔ وہ اسے روکنا چاہتے تھے۔گلے سے لگانا چاہتے تھے ۔اپنے گناہوں کی معافی منگنا چاہتے تھے مگر زبان کو تو جیسے چپ کا قفل لگ گیا۔

جبکہ انکے برعکس مقابل کا بس نہیں چل رہا تھا سب تہس نہس کر دے۔ کب تک وہ اکیلا ہی یہ تکلیفیں برداشت کرتا ۔ اسنے سوچ لیا تھا ۔ رضا خان کے خاندان کے ایک ایک فرد کے اندر وہ وہی اذیتیں اتار دے گا جو اسکی ماں اور وہ آج تک سہتے آے۔

کل سے اسے رونگ نمبر سے کال آ رہی تھیں ۔ اور جب جب بے وقت اسکا سیل بجتا ۔اور اماں کی نظریں اسپر اٹھتی وہ عجیب سا محسوس کرتی اب بھی کچھ دیر پہلے وہ اماں کے پاس بیٹھی تھی معمول سے ہٹ کر موسم میں آج خوشگوار سا تاثر تھا اچھی ٹھنڈی ہوا چل رہی تھی شہروز وہ اور اماں باہر لان میں بیٹھے تھے ۔ اسکی اور شہروز کی بحث اروج پر تھی کہ اسکا سیل زور سے بجا۔ اسی رونگ نمبر سے کال آتی دیکھ کر اسنے کال کاٹ دی۔ دس منٹ بعد پھر سے فون بجنے لگا ۔ اسنے غصے سے سیل فون اُف ہی کر دیا۔

جاو چائے بنا لاو اور اس کو زرا کم۔ ہی استعمال کیا کرو غیر ضروری اس کا"
استعمال مجھے پسند نہیں "اور بلآخر اماں نے اپنی ناگواری ظاہر کر دی ۔ شانزے کا
غصے سے برا حال ہو گیا ۔

اسنے سیل فون اٹھا کر لاونج کے صوفے پر پٹخا۔ اماں اور شہروز کے لیے چائے بنا
کر باہر لان میں دی اور اٹھ کر اپنے کمرے میں آگئ۔

سیل فون اون کیا اسی اجنبی کی کالز آئ ہوئی تھی اسنے بغیر کچھ سوچے سمجھے اسی
نمبر پر کال ملا دی غصہ تو اتنا تھا کہ اسنے نقصانات کے بارے میں سوچا بھی
نہیں ۔ نہ یہ سوچا کہ اگر گھر میں کسی کو پتا چل گیا تو کیا ہو گا۔

کال جا رہی تھی۔ اور کچھ ہی دیر میں فون اٹینڈ کر لیا گیا۔

زاہے نصیب آپ نے ہمیں یاد کیا۔ فیضان اتنا خوش نصیب بھی ہو سکتا"
تھا"اسکی شوخ آواز اسے سخت زہر لگی ۔

گدھے ۔الو کے پٹھے۔ پگل انسان آج کے بعد مجھے فون کیا تو تمھاری ساری ہڈیوں" کا سوپ بنوا کے تمھیں ہی پلا دوں گی سمجھے "وہ گرجی ۔۔۔ مگر کیا خوب انداز تھا گرجنے کا ۔ مقابل کا قہقہ بے ساختہ تھا۔

میرا مستقبل سیا ہ کیوں لگ رہا ہے مجھے "اسنے حیرانگی سے اسکے فقرے سنے اور" جل۔ کر کال۔ ہی۔ کاٹ دی۔

بکواس سنو زرا اس کم بخت کی پیچھے ہی پڑ گیا ہے "فیضان ہاتھ دھو کر اسکے پیچھے" پڑ چکا تھا وہ جہاں جاتی وہ پہلے سے وہاں موجود ہوتا۔ وہ تنگ آگئ تھی اسکی اُچھی حرکتوں سے ۔۔۔

وہ فل سپیڈ سے ڈرائیو کر رہی تھی پورے ایک ہفتے بعد آج اسے بلآخر چاچو کی طرف سے گھر سے باہر نکلنے کی اجازت ملی تھی۔ خوب دل لگا کر پہلے تو وہ تیار ہوئ گھر میں رہ رہ کر اسے اپنا آپ ڈل اینڈ بور سا محسوس ہو رہا تھا حالانکہ صرف ایک ہفتے

بمشکل گھر پر رکی تھی ۔ مہرون جینز پر پنک شرٹ اور گلے میں بڑے سٹائل سے مفلر کو سیٹ کیے وہ بہت حسین لگ رہی تھی ۔ ااور سب سے پیاری بات اسکے ہونٹ پر موجود سیاہ تل ۔۔۔

اسکو بہت منفرد اور مزید خوبصورت بنا دیتا تھا۔ گاڑی میں لائٹ سا انگلش سونگ چل رہا تھا جسے وہ خوب انجوائے کر رہی تھی۔ اور وہ ایسی ہی تھی۔ زندگی کی تلخیوں سے دور ۔ اپنے ہی جہان میں مست ۔

اسنے شہر کے سب سے بڑے مول۔ کے آگے گاڑی روکی ۔ اور کیرنگ گھوماتی ہوی اندر کی جانب چلنے لگی ۔ پنک ہیل میں اسکی نازک سے پاوں بہت حسین لگ رہے تھے۔ اسکے چلنے کا انداز بھی ایک ادا لیے ہوے تھا۔ بہت سے لوگوں کی نظریں اسپر گڑھی تھی ۔ وہ جانتی تھی۔ وہ خوبصورت ہے ۔۔ اور بے وقوفانہ سوچ تو یہ تھی کے خوبصورتی کو ہر کوئ دیکھتا ہے ۔ چھوپانے سے بھلہ کیا فائدہ جبکہ اسکی یہی فضول سوچ زرینہ کو پریشان کیے رکھتی تھی۔

وہ سب سے پہلے ٹواے شاپ میں گئ ۔ اسیے جانور بہت پسند تھے ۔ اور اکثر وہ رضا صاحب سے ضد لگا لیتی کے مجھے گھر کے بیک یارڈ میں چھوٹا سا زو بنوا کر دیں ۔ جبکہ رضا صاحب سر پکڑ کر رہ جا تے ۔ وہ بہت عجیب تھی عام لڑکیوں سے بہت مختلف ۔

اسنے وہاں سے ٹیڈی بیرز لیے کیوٹ سے نرم گداز روی کے ریبیٹ ۔۔۔ لیے اور پیمینٹ کر کے باہر نکل اب اسکا رخ شو شاپ کی جانب تھا۔ باتوں کا اتنا شوخ تھا کہ مدھم آواز میں وہ روئ کے خرگوش کے ساتھ مسلسل بولتی جا رہی تھی۔

وہ مختلف ریکس میں ہیل شوز دیکھ رہی تھی ۔ اور ساتھ چاکلیٹ بھی کھائ جا رہی تھی جبکہ خرگوش سے اسکی چوائس بھی پوچھی جا رہی تھی۔

جبکہ سیلز مین لڑکی کی بے وقوفانہ حرکتوں پر بمشکل اپنی ہنسی روکے ہوے تھا۔

اور بلآخر اسے ایک نازک سا بلیو کلر کا ہیل سینڈیل پسند آہی گیا۔ اسنے سیلز مین کو نکلنے کو کہا اور اپنی ہی دہن میں آگے چلنے لگی کے کسی سے زبردست ٹکرائ ۔

اف خدا اس دوکان میں پہاڑ بھی ہیں ۔۔۔وہ اپنی پیشانی کو سہلاتی ہوئ بولی "اور" نظریں اٹھائیں تو غصے سے چہرہ سرخ ہو گیا۔ وہ وہی پولیس والا تھا جس نے انہیں بلاوجہ ہی جیل کی ہوا کھیلائ تھی جس کی وجہ سے وہ پچھلے ایک ہفتے سے گھر میں بند تھی ۔ جبکہ جان سے پیارے چاچو بھی اس سے خفا ہوے تھے۔ یعنی شاہ میر خان ۔۔۔ اسکا بس نہیں چلا اسکو کچا چبا جاو مگرکچھ کچھ وہ اس سے خوفزدہ بھی تھی جو سردوسپاٹ نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا۔

"تمیز کیا گھر بھول آے ہو چلنے کی"

وہ اسے گھورتی ہوئ بولی جس کے چہرے پر بلا کی سختی تھی ۔۔جو شاید ہمیشہ ہی رہتی تھی۔

شاہ میر نے کچھ حیرانگی اور نفرت سے اسکیطرف دیکھا۔ دل تو کیا اس بدتمیزی پر اس پانچ فٹ کچھ انچ کی لڑکی کے منہ پر تھپڑ دے مارے مگر پبلیک پلیس پر وہ

کوئ ہنگامہ نہیں چاہتا تھا تبھی عادت کے بر خلاف اسنے خاموشی سے نکلنا چاہا مگر حرم نے نکلنے نہیں دیا۔

ایڈیٹ بھاگے کہاں جا رہے ہواب --- اس دن تو بہت بول رہے تھے"

اورمیرے چاچو کے آتے ہی دم دبا کر بھاگ نکلے۔ آے بڑے ڈی ایس پی ڈر پھوک ڈی ایس پی اور اب مجھے بھی جواب دے بغیر بھاگ رہے ہو۔ دیکھ رہے ہو "ریبیٹ ---- ایسا بھی کوئ پولیس والا ہوتا ہے۔ -- بزدل کہیں کا۔ ----- ہمہ وہ نخوت سے بولی جا رہی تھی یہ سوچے بغیر کہ مقابل اسکی باتوں کا کتنا اثر لے رہا ہے۔

وہ اپنی بے وقوفی اورنا دنستگی میں ہی شیر کے منہ میں ہاتھ ڈال چکی تھی۔

ارد گرد کے لوگ بھی انکی طرف متوجہ تھے اور اس کی جیسی کئ لڑکیاں حرم کی کارکردگی پر مسکرا رہی تھی۔ شاہ میر کے وجود میں اسکے الفاظ اور بزدلی کا تعنہ نیزے کی مانند لگ رہے تھے ۔ وہ زخمی نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا۔ جبکہ اب حرم کو اس

سے خوف آنے لگا ۔ وہ اسکے پاس سے ہٹ جانا چاہتی تھی کہ شاہ میر کے لوہے جیسے ہاتھوں میں اسکے نازک ہاتھ کانپ گے ۔

تمھاری اس بکواس کا جواب بہت تکلیف دے ہو گا حرم خان شاہ میر کبھی اپنے" دوشمنوں کو نہیں بخشتا "اسنے ایک جھٹکے سے اسکی کلائ چھوڑی اور باہر نکل گیا ۔ جاہل گوار "وہ نم آنکھوں سے اپنی کلائ سہلانے لگی۔"

کلائ میں اسکی فولادی انگلیوں کے نشان پڑے تھے ..موٹے موٹے آنسو گال پر ...پھیسل گئے

وہ آنسو رگڑتی ..باہر نکلی عقل تو بس اتنی ہی تھی یہ بھی نہیں سوچا اس اجنبی کو اسکا نام کیسے پتا ہے

یونیورسٹی میں کنوکیشن ڈے تھا۔ اور سیاسی لیڈرز کی اس فنکشن میں شمولیت کے باعث سیکیورٹی کی ضرورت تھی ۔ اسنے یہ تمام کام صفدر کے ذمے لگایا۔

صفدر مجھے زبیر باجواہ سے ملنا ہے تم سیکیورٹی کنڑول کر لینا۔ "اسنے فون پر اسے" اطلاع دی جس نے یس سر کہا تو شاہ میر نے فون بند کر دیا۔ اسکی زبیر باجواہ سے میٹنگ چار بجے تھی جبکہ ابھی ایک بجا تھا۔ شہروز اور شانزے بھی گھر پر تھے۔ فنکشن کی وجہ سے ان دونوں نے شام چھ بجے تک نکلنا تھا۔ اماں کچن میں تھیں تو وہ خاموشی سے سٹڈی میں آگیا۔

کچھ کیس کے بارے میں بھی الجھا ہوا تھا۔ کچھ رضا خان کی چہیتی بھتیجی نے بھی دماغ خراب کیا ہوا تھا۔ وہ نفرت سے اس لڑکی کے بارے میں سوچ کر رہ گیا۔

اسنے ایک فائل اٹھائی اور اپنی چیئر کی جانب آگیا۔ جہاں ٹیبل پر پہلے سے ہی ایک فائل موجود تھی اسے یاد آیا کل ہی یہ فائل صفدر نے اسے دی تھی۔ وہ جانتا تھا خان ہاوس کے ایک ایک بندے کے بارے میں ڈیٹیل اس فائل میں موجود

ہے ۔ مگر اب تک اسنے اس فائل کو نہیں کھولا تھا ۔ وہ کھولنا ہی نہیں چاہتا تھا۔ جب جب رضا خان کا عکس اسکی ذہن کی سکرین پر ابھرتا یہ جب جب وہ انہیں اپنے مقابل پاتا۔

وہ اپنا آپ کسی بھڑکتی آگ میں جلتا محسوس کرتا۔ گزرے دنوں کی تلخیاں آج بھی اسکے لہجے میں گھولی ہوئیں تھیں ۔ وہ رضا خان کو ختم کردینا چاہتا تھا۔ بعض اوقات تو دل کرتا ایک بار ہی شوٹ کر کے اپنے سارے بدلے لے لے ۔۔۔ مگر ایک بار کی موت رضا خان کو وہ تکلیف نہیں دے سکتی تھی جو اتنی سی عمر میں اسنے سہی تھی ۔

جب سے رضا خان کو مقابل دیکھا تھا ایک آگ سی سینے میں بھڑک رہی تھی ۔

وہ فائل کو گھورتا جا رہا تھا ۔کہ دروازہ بجا اور شانزے اماں اور شہروز اندر داخل ہوے۔ شانزے کے ہاتھ میں ٹرے تھی جس میں کوئ میٹھی چیز تھی ۔

لالا ٹیسٹ کرِیں میں نے فرسٹ ٹائم میک کی ہے ۔"وہ بہت ایکسائٹیڈ لگ رہی" تھی شاہ میر نے مسکراتے ہوے اسکے ہاتھ سے ٹرے لے لی جس میں شاہی ٹکرے خوبصورتی سے سجے ہوے تھے۔ کچھ دیرپہلے کی تلخی اسکے چہرے سے غاب تھی ۔

لالا مت کھائیے گا ڈاکٹر کا خرچہ پڑے گا فضول میں "شہروز اپنی کٹوری سے انصاف" کرتا ہوا بولا۔

اف خدا کتنے گھنے میسنے ہو لالا آپ تیسری کٹوری کھا رہے ہو اور پھر بھی برائی کیے" جا رہے ہو "شانزے نے اسے کڑے تیوروں سے گھورا۔

سہی کہہ رہی ہے شانزے شہروز تمھیں اچھا لگ رہا ہے تو تعریف کرو نہیں کرنی تو" منہ بند رکھو رزق کی برائ نہیں کرتے "اماں نے اسے سختی سے کہا تو وہ منہ بسور کر رہ گیا جبکہ شانزے پھولے نہیں سما رہی تھی۔ آج پھر سے اسنے شہروز کو ڈانٹ پڑوا دی تھی۔

واہ بھئ زبردست "شاہ میر نے ایک چمچ منہ میں ڈالا اور محبت سے شانزے کو" دیکھا۔

"مجھے نہیں پتا تھا میری زے اتنے مزے کا کھانا بناتی ہے انعام بنتا ہے تمھارا" اسنے کہتے ساتھ ہی ہزار کا نوٹ نکال کر شانزے کے ہاتھ میں تھما دیا۔ جو مارے خوشی کے اچھلنے ہی لگی تھی۔

شاہ میر مت دیا کرو اسے یوں پیسے بہت فضول خرچ کرتی ہے "اماں نے اسے ٹوکا" ۔

کچھ نہیں ہوتا اماں سب اسی کا تو ہے "اسکی محبت لوٹاتی نظریں شانزے پر تھی" جو شہروز کو نوٹ دیکھا دیکھا کر چیڑا رہی تھی۔

واہ لالا واہ مطلب کتنے بے ایمان ہیں آپ مجھ پر تو نہ لوٹائے کبھی ہزار کے نوٹ وہ کمر پر ہاتھ رکھے فل لڑائ کے موڈ میں تھا۔ جبکہ شاہ میر اسکے انداز پر ہنس دیا" اور اماں بھی۔

"یار تو نے کبھی کوئ ایسا کام کیا بھی تو نہیں"

جی لالا آپ سر پر دوپٹہ لے کر اماں کے ساتھ کام میں مدد کرائیں پھر لالا سے" پیسے لے لیا کریں ۔ "شانزے ہنس ہنس کر دہوری ہو رہی تھی۔۔۔

زے پے تم نے مجھے ماسی سمجھا ہے کیا "اسنے اسکی پونی گھورتے ہوے پکڑی۔"

اور اسکا اچھا بھلا نام بگاڑ دیا

اف لالا۔ ۔۔۔ اچھا سوری "اسنے جلدی سے کان پکڑے۔ ۔اسکا انداز اتنا معصوم" تھا کہ شہروز کو بے اختیار اسپر پیار آیا اور یہی حال اماں اور شاہ میر کا بھی تھا۔

----//////----------

کیا پہن رہی ہو تم "ونیزے کی آواز ائیر پیس سے آ رہی تھی جبکہ وہ وارڈروپ" کھولے کھڑی تھی

نہیں سمجھ آرہا مجھے "اسنے منہ بسورا"

"ابھی پرسو ہی تو شوپنگ کی ہے تم نے"

ہاں کی تو تھی مگر اب سب برا لگ رہا ہے "وہ بیڈ پر بیٹھ گئ۔"

خیر تمھارا تو یہی کام ہے --- میں تیار ہو رہی ہوں تم اور فیضان مجھے پک کر"

لینا "ونیزے نے کہتے ساتھ ہی فون بند کر دیا۔

جبکہ وہ تو رو دینے کو ہو گئ ۔

کیا ہوا میرے چندا کو ایسے منہ پھولائے کیوں بیٹھا ہے "زرینہ جو ابھی ابھی اسکے"

روم میں آئی تھی اسے ایسے بیٹھا دیکھ کر رونے کی وجہ پوچھنے لگی۔

میرے پاس ڈریس نہیں میں کیا پہنوں گی "وہ سوں سوں کرتے ہوے بولی۔"

ابھی تو شوپنگ کی ہے آپ نے "وہ اسکی وارڈروپ دیکھتے ہو بولی جس میں نت"

نئے ڈریسز موجود تھے ۔

نہیں مجھے کچھ ڈفرنٹ چاہیے ۔"

کچھ سب سے الگ -- کچھ ایسا کے سب دیکھتے رہ جائیں ۔ "وہ منہ بسورتے ہوے

انھیں اپنی خواہش بتا رہی تھی

زرینہ اسکے زبردست خیال سن کر حیران رہ گئ ۔

"پھر کچھ سوچتے ہوے بولی "میرے روم میں آو پھر

اور وہ انکے ساتھ انکے روم میں چل دی۔

چاچی یہ یہ مجھ سے نہیں سمبھالی جاے گئ "وہ روہانسی ہو گئ۔ "

چپ کرو بس "انھوں نے اسے ڈپٹا اور اسکے بال بنانے لگیں ۔ اس وقت وہ"

لیمن ریشمی ساڑھی میں اپنے ریشمی وجود کی تباہکاریوں سمیت آفت لگ رہی تھی بلڈ

ریڈ لیپسٹک ہونٹوں کو سرخ کلئ کی پتی کا شبہ دے رہے تھے کانوں میں بڑے

بڑے آویزے --ہاتھوں میں بھری بھری چوڑیاں لیمن کلر کی پینسل ہیل --- وہ

نقابل بیان سی لگ رہی تھی زرینہ اسے تیار کر کے خود ہی خوف کھا رہیں تھیں

تبھی بار بار نظر اتار رہیں تھیں۔

جس نے بھی گھر میں اسے دیکھا ۔ دیکھتا ہی رہ گیا فیضان کا تو منہ ہی کھل گیا ۔ جبکہ وہ کھلکھلہ رہی تھی کہ جیسا وہ چاہتی تھی ویسا ہی ہو

رہا تھا۔

وہ اور فیضان ونیزے کو پک کرتے یونی پہنچ گئے ۔ ونیزے اپنے مخصوص حولیے میں حسن کا شہکار لگ رہی تھی ۔ ڈارک گرین پینٹ پر وائٹ شرٹ اور ڈارک گرین کوٹ میں وہ باکمال لگ رہی تھی چہرے پر کیا گیا میکپ اور بھی دلکشی بڑھا رہا تھا۔

لک ڈیفرنٹ "پوری محفل سے ستائشی فقرے سن کر اسنے اشہد سے بھی وہی" الفاظ سنے تو اکتا گئ۔ منہ بنا کر وہ سائیڈ میں ہو گئ جبکہ ونیزے سب سمجھتے ہوے ہنسنے لگی ۔

کیا ہوا "وہ حیران ہوا"

کچھ نہیں تم اپنا کام جاری رکھو "ونیزے جوس کا گلاس لبوں سے لگاتی ہوی بولی۔"

سٹوڈنس کو انکے انعامات دیئے جا رہے تھے ۔بڑی بڑی سیاسی ہستیاں اس فنکشن پرمدو تھیں جس کے وجہ سے سیکرٹی بھی خوب تھی ۔ انعامات کا طویل سلسلہ ختم۔ ہونے کے بعد سب کو ڈنر دیا گیا۔ وہ اپنے فرینڈز کے ساتھ کھڑی تھی۔ کہ نظر سامنے کھڑے شاہ میر پر گئ ۔ جو ڈنر ڈریس میں بہت خوبرو لگ رہا تھا۔

وہ سر شہروز اور ساتھ میں ایک دو پروفیسرز تھے انکے ساتھ تھا۔

یہ بھلہ یہاں کیا کر رہا ہے "وہ اسے دیکھ کر سوچتی رہ گئ۔ اور جب باقی پولیس" احلکاروں پر نظر گئ تو اسے سب سمجھ آگیا وہ یہاں سیکیورٹی کی وجہ سے موجود ہے ۔ جبکہ حقیقت تو یہ تھی کہ شہروز زبردستی اسے اپنے ساتھ لایا تھا کہ زبیر صاحب نے میٹنگ کل پر ڈال دی تھی۔

جانتے ہو اشہد یہ یہی وہ شخص ہے جس کی وجہ سے میں تم لوگوں سے نہ مل"
سکی "انکا تقریبا سارا گروپ کھڑا تھا اسکے اشارے پر سب اس طرف متوجہ ہوے ۔
جبکہ فیضان کی نظریں تو جیسے کسی منظر پر سے ہٹ ہی نہیں رہیں تھیں۔
شانزے پیچ سٹائلش شرٹ پجامے میں بہت پیاری اور کیوٹ سی لگ رہی تھی ۔
اہ پہلے بتاتی میں کرتا ہوں اسکا دماغ درست "اشہد غصے سے بولا۔"
"نہیں اشہد وہ پولیس والا ہے"
اف حرم تم انوسنٹ ہو ۔۔۔ مگر تم۔ مجھے نہیں جانتی میرے ڈیڈی کے آگے"
یہ پولیس والے دم ہلاتے پھیرتے ہیں "وہ سیاستدان مرزا کا بیٹا تھا غرور سے بولا۔
اور ویسے بھی ۔ان کا کام ہماری خدمت کرنا ہے زرا انکی اوقات یاد دلا دوں میں"
میرے ساتھ چلو تم بھی "وہ اسے گھسیٹتا ہوا گروپ سے نکال لایا وہ خود بھی اس
مغرور پولیس والے کا دماغ ٹھکانے لگانا چاہتی تھی ۔

اشہد نے اسکے کان میں کچھ کہا ۔ جس پر سر ہلاتی ہوئ ۔ آگے بڑھ گئ ۔ جہاں اب شاہ میر اکیلا کھڑا تھا۔ ہاتھ میں جوس کا گلاس تھا ۔ وہ تیز تیز چلتی جان بوجھ کر اس سے ٹکرائ۔

جوس سارا ان دونوں کے کپڑوں کو خراب کر گیا۔

"شاہ میر اسے کھانے کو دوڑا ۔ جس نے اتنے ہلکے رنگ کی ساڑھی اندھی ہو تم ڈالی ہوئ تھی کہ جوس گیرنے کی وجہ سے اسکا وجود صاف واضح ہو رہا تھا شاہ میر کو اسکا حولیہ دیکھ کر مزید تپ چڑھ گئ جبکہ مقابل کی بے نیازی اپنے ہوشربا حسن پر کمال کی تھی۔

"تم اندھے ہو جب تمہیں ایک لڑکی آتی ہوئ نظر آ رہی تھی تو سائیڈ میں نہیں ہو سکتے تھے۔ "وہ اشہد کی پڑھائ ہوئ باتیں بول رہی تھی۔

"شاہ میر دھاڑا تو تقریبا لوگ انکی طرف متوجہ ہو گئے ۔ تمیز سے بات کرو

کیوں چیخ رہے ہو بھئ۔ --- پولیس والوں کو تو عوام۔ کی خدمت کرنی چاہیے اور" غالباً تم ہماری خدمت میں حاضر ہوے ہو اور خدمت گار اونچی آواز سے نہیں بولتے "اشہد نے ہتک امیز لہجے میں اتنے باعزت شوبے کا تجزیہ کیا تھا کے شاہ میر کا خون کھول اٹھا ۔ اسنے اشہد کا وہی ہاتھ جو اسنے اسکے کندھے پر پھیلایا تھا پکڑ کر موڑا اور مارے تیش کے وہ ابھی وہ اسکے ہاتھ کی ہڈی توڑتا کہ صفدر دوڑ کر اس تک پہنچا ۔۔ شہروز بھی دور سے یہ کاروائ دیکھ چکا تھا انکی طرف دوڑا ۔

سر سر رہنے دیں پلیز --- یہ موقع نہیں ہے بہت کچھ بگڑ جائے گا "صفدر نے" اسکے ہاتھ سے اشہد کا ہاتھ آزاد کرایا ۔اشہد کچھ خوفزدہ سا ہو گیا تھا مگر صفدر کی بات سن کر اس کا حوصلہ بلند ہوا ۔ حرم دم سادھے اسکی سرخ آنکھوں کو دیکھ رہی تھی جو اسے ہی گھور رہا تھا۔

لالا گھر چلتے ہیں "شہروز نے اسکا ہاتھ تھام۔ لیا جو مارے غصے کے کانپ رہا تھا ۔"

" شانزے کو بولاو"

جی آپ چلیں"

صفدر لالا کے ساتھ رہو "اسنے صفدر کے کان میں ہدایت دی اوراشہد کو گھورا جو اپنی جان میں اکڑ رہا تھا جیسے شاہ میر اسکے باپ کے اثروسوخ سے خائف ہو کر یہاں سے نکلا ہے۔

ونیزے لبوں۔ پر مسکراہٹ لیے شہروز خان کو دور جاتا دیکھ رہی تھی۔

صفدر مجھے وہ لڑکا چاہیے ابھی کے ابھی "وہ باآواز بلند چلایا"

یس سر "وہ جانتا تھا شاہ میر سے دشمنی لگانا خطرے سے خالی نہیں تھا پھر"

چاہے وہ اشہد مرزا سیاسی لیڈر کا بیٹا ہی کیوں نہ ہو۔

" اور ساتھ میں وہ لڑکی بھی"

وہ مٹھیاں بھینچ کر جیسے ضبط کی انتہاوں پر تھا۔

جیسا حکم۔ سر "وہ اسوقت شاہ پیلس میں تھا شہروز کی ہزار ضدکرنے پر بھی وہ" اسکے ساتھ گھر نہیں گیا تھا۔ جب بھی اسکا ذہن منتشر ہوتا وہ شاہ پیلس کو اجاڑ دیتا ۔ اور یہاں موجود چیزوں پر غصہ نکل کر اسکے اعصاب کچھ ڈھیلے پڑتے ورنہ ناجانے وہ کیا کر دیتا۔

صفدر اسکے حکم پر عمل کرنے کے لیے فوراباہر کی جانب دوڑا تھا۔

نہیں نہیں حرم خان ------ نہیں ----- "اسنے واس اٹھا کر دیوار پر دے مارا"

۔

خاموشی میں کانچ کے ٹوٹنے کی آواز خوف طاری کر رہی تھی۔

تم۔ نے اچھا نہیں کیا ----- بہت غلط کیا ہے تم نے ---- تمھارے چاچا نے بھی بہت غلط کیا تھا ۔ اب شاہ ضبط نہیں کرے گا وہ ایک ایک چیز کو اٹھا ٹھا کر پٹخ رہا تھا کچھ ہی دیر میں لاونج اجڑ بیابان لگ رہا تھا کچھ کانچ کے زرے اسکے ہاتھ کو بھی زخمی کر گے تھے۔

اب بتاو گا میں تمھیں بھی اور تمھارے چاچا کو بھی شاہ میر خان اخر ہے کون "
وہ صوفے پر ٹانگ پر ٹانگ رکھ کر بیٹھ گیا۔ ضبط سے مٹھیاں بھنچ رکھی تھیں"

اسکا وجود پتے کی مانند لرز رہا تھا زہن کی سکرین پر سرخ دو آنکھیں--- اسے خوفزدہ کر رہی تھی وہ -- جلد از جلد گھر جانا چاہتی تھی --- کیونکہ اب اسے رونا آ رہا تھا نہ جانے کیوں--- فیضان اور ونیزے ابھی اندر ہی تھے جبکہ وہ پارکینگ میں کھڑی گاڑی کا ڈور کھول رہی تھی -- ا

تم اتنی جلدی جا رہی ہو ---چلو ہینگ اوٹ کرتے ہیں "اشہد نے نرمی سے اسکے بازو پے ہاتھ پھیرہ --اور مسکرایا -- جبکہ حرم کو اسکا انداز بہت برا لگا ---

ہٹو یہاں سے "وہ غصے سے بولی --- اور جلدی سے گاڑی میں بیٹھ گئ -- خوف سے برا حال تھا -- وہ فل سپیڈ میں گاڑی آگے بھگانے لگی --جبکہ اشہد --- کی

سوچ بھری نظریں اسپر تھیں --- وہ پلٹ کر دوبارہ یونی میں جانے ہی لگا تھا کہ کسی نے اسکے سر پر -- کوئ بھاری چیز ماری اور -- وہ ہوش و حواس سے بیگانہ ہو گیا -- --

گاڑی -- بہت تیز چل رہی تھی -- جبکہ وہ -- اپنی اس غلطی کی وجہ سے وہشت میں گھیری تھی

کہ اچانک گاڑی کے سامنے --- ایک گاڑی آ رکی --- اسنے -- بریک لگائ --- گاڑی سے ایک نقاب پوش -- نکلا اور اسکی طرف بڑھا ۔ وہ بھاگ جانا چاہتی تھیں مگر اسکا وجود خوف سے شل ہو گیا -- اسے اپنی ناک پر ایک بدبودار کپڑا -- محسوس ہوا اور -- وہ وہیں جھول گئ ---

---

ابھی تک بچے نہیں آے رضا "زرینہ پریشان سی ادھرادھر چکر لگا رہی تھی --

پچھلے -- کچھ دنوں سے رضا صاحب کی طبعیت کچھ ٹھیک نہیں تھی وہ پوچھ پوچھ کر ہار گئ تھی -- مگر وہ تھے کہ -- منہ باندھے پڑے تھے ---

آ جائیں گے فیضان ساتھ ہی گیا ہے -- "وہ نقاہت زدہ آواز سے بولے --

نہیں مجھے پرشانی ہو رہی ہے "وہ دل میں اٹھتے ہول کی وجہ نہیں جان پا رہی تھیں ---

لو آ گئے بچے خوامخواہ پریشان ہو رہی تھیں آپ "باہر سے آتی فیضان کی آواز پر رضا صاحب بولے --- زرینہ ایک لمحے میں باہر کی طرف دوڑی ---

حرم کہاں ہے فیضان ۔ "انھوں نے -- فیضان کو اکیلے دیکھا --- تو دل میں دوبارہ وسوسے سے اٹھنے لگے --

چچی وہ تو بہت پہلے نکل گئ تھی -- "فیضان حیران ہوا--

جبکہ زرینہ نے -- دل ہی تھام لیا ---

فیضان وہ گھر نہیں آئ -- "انکی آنکھوں سے آنسو روا ہونے لگے --

تم تم --اسکے ساتھ نہیں تھے - وہ تمھارے ساتھ گئ تھی تم کیسے --اس سے

"لاپرواہ ہو سکتے ہو

انکی آواز سن کر باقی گھر کے افراد بھی باہر آ گئے --

چچی وہ ونیزے کے ساتھ ہو گی -- میں دوبارہ چیک کرتا ہوں -- "وہ گاڑی کی چابی

ٹیبل سے اٹھاتا باہر کی طرف دوڑا --

رکو فیضان میں بھی چلو گا "رضا صاحب بھی اسکے ساتھ ہو لیے --جبکہ زرینہ کا رو

رو کر برا حال تھا --

اسے جب ہوش آیا تو سر بہت بھاری ہو رہا تھا --اسے اپنے ارد گرد تاریکی سی

محسوس ہوی چھوٹا سے پیلے بلب کی روشنی اسکے چہرے پر پڑی --- اسنے ارد گرد

دیکھا -- عجیب سا کمرہ تھا --- وہ ایک لمحے میں اٹھ کھڑی ہوی -- اسکا پورا وجود اپنے

ساتھ ہوے اس واقعے پر کانپ رہا تھا ۔۔اسنے چہرہ موڑ کر ارد گرد دیکھا ۔۔ سامنے شیشے کی دیوار سے اس پار اسے جو منظر نظر آیا اسکی آنکھیں خوف سے پھیل گیئں ۔۔۔ جبکہ انھیں سرخ آنکھوں نے اسے پھر سے گھورا تھا ۔ اسے اپنے وجود سے جان نکلتی محسوس ہوئ ۔۔۔ وہ اشہد کے ۔۔ہاتھ توڑ چکا تھا ۔۔اور اسکے کارندے ۔۔ اشہد کو .ڈنڈوں سے مار رہے تھے ۔۔ اور وہ ۔۔ بن پانی کی مچھلی کی طرح تڑپ رہا تھا ۔۔۔

اسے اپنے حواس غائب ہوتے محسوس ہوے ۔۔ اور اسنے پاگلوں کی طرح دروازہ پیٹنا شروع کر دیا ۔۔۔ مگر دروازہ نہیں کھلا ۔۔۔ مگر وہ پھر بھی پیٹ رہی تھی آنکھوں سے اشکوں کی برسات بہہ رہی تھی ۔۔۔وہ اپنے آپے میں ہی نہیں رہی تھی ۔۔

اسکے ہاتھ زخمی ہونے لگے تھی ۔۔ خون کی بندے دروزے سے ٹپک رہی تھیں ۔۔۔

کہ اچانک دروازہ کھلا -- اور شاہ میر اسے گھسیٹتا ہوا -- شاہ پیلس کی طرف چلنے لگا

--

چھوڑو میرا ہاتھ -- "وہ چلائ --

مگر اسپر اثر کوئ نہ ہوا --

آسنے اسے لاونج کے صوفے پر لا پٹخا --- پورے لاونج میں کانچ کے ٹکڑے پڑے تھے --

صفدر "اسکی گرج دار آواز ابھری --

یس سر "وہ بوتل کے جن کی طرح حاضر تھا ---

اس حرام خور کو اسکے گھر پھینک آو -- اور کسی مولوی کو بھی لیتے آنا -- صرف پندرہ منٹ میں تم مجھے یہاں ملو "

جی سر -- "وہ حرم پر افسوس بھری نظر ڈال کر پلٹ گیا --- جبکہ وہ صوفے پر سکڑی سیمٹی خوف ذدہ نظروں سے اسے دیکھنے لگی --

میرا کام تم لوگوں کی خدمت کرنا ہے -- کیوں ایسا ہی ہے نہ "وہ اسکے سامنے --- چیئر پر ٹیکتے ہوے -- غرایا--

--ن .نہی۔ "وہ دل ہار کر رونے لگی ---

ارے ارے ابھی نہیں بعد کے لیے بچا کر رکھو ان آنسوں کو ۔ "وہ اپنے پوروں پر اسکے آنسو چنتا ہی کہ حرم نے جھٹکے سے اسکے ہاتھ کو خود سے دور کیا -- وہ طلملاتی نظروں سے اسے دیکھنے لگا --- پھر سمبھل کر بولا --

" یہ ساری اکڑ -- میرے ایک تھپڑ کی مار ہے

وہ سرد نظروں سے اسکے گلابی گالوں پر پھیسلتے آنسو۔ کو دیکھتے ہوے بولا ---

تم--- تم --انتہائ -- نیچ قسم کے انسان ہو --میرے چاچو چھوڑیں گے نہیں تمھیں -- "وہ چلائ --

اس حرام خور کا نام مت لینا میرے سامنے "وہ چیل کی طرح اسپر جھپٹا -- اور اسکی نازک گردن پر پورا دباو ڈال دیا --کہ اسکی آنکھیں پھیل گئ --اور وہ ارد گرد ہاتھ مارنے لگی ---

سر --"۔ صفدر کی پکار پر وہ پیچھے ہٹا -- جبکہ حرم کا کھانس کھانس کر برا حال تھا ۔

رضا صاحب اور فیضان اسے پوری یونی میں ڈھنڈ چکے تھے مگر وہ وہاں ہوتی تو ملتی --رضا --- صاحب بے دم سے صوفے پر ڈھے گئے -- اسکی گمشدگی --- دل دہلا رہی تھی --ونیزے بھی --پریشانی سے باقی سب دوستوں سے اسکے متعلق پتہ کر رہی تھی مگر سب نے ہی لا علمی کا اظہار کیا -- زرینہ -- نے رو رو کر اپنی طبعیت ہی بگاڑ لی -- تھی گھر میں آگ کی طرح یہ افوا پھیل چکی تھی اسد صاحب -- پولیس میں رپوٹ درج کرانے کا فیصلہ کرتے باہر نکلے اور انکے پیچھے -- فیضان بھی تھا --- جبکہ تائ --ماں زرینہ کو سمبھال رہی تھی -- عجیب و غریب

صورتحال تھی ۔۔جبکہ رضا ۔۔ صاحب ۔۔کو آج شدت سے اپنی کی گئ غلطیاں یاد آ رہی تھیں ۔

مگر وہ ہمت باندھتے ہوئے ۔۔۔ ریپورٹ درج کرانے ۔۔۔ انانکے ساتھ ..ہو لیے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سر یہ آپ کیا کر رہے ہیں ۔۔۔ "صفدر نے ..اس بھوکے شیر کو سختی سے جکڑ کر ..۔۔۔اس لڑکی سے دور کیا ..جو بری طرح خوف ذدہ تھی

..چھوڑو مجھے بہت مان ہے اسے اسپر ۔۔۔ .اسکا قتل کر کے .زیادہ نہیں تو کچھ تو میرے وجود میں دہکتے کوئلوں پر اوس پڑے "..وہ چلایا ۔۔۔ چہرہ سرخ جب کے ماتھے کی رگیں اب کے پھٹنے کے قریب تھی ۔۔۔.

۔۔۔شائم اونچی آواز سے رونے لگی جبکہ ..وہ ایک بار پھر بھپرہ

سر سر پلیز۔۔۔ .مولوی آگیا ہے۔۔۔ "اسکا ذہن صفدر نے مولوی کیطرف لگایا تاکہ ۔۔۔کچھ تو ..وہ اس نازک لڑکی کی جان پر ترس کھائے ..مگر اب کہ یہ ناممکن تھا مولوی کا نام سن کر وہ تن فن کرتا وہاں سے نکلا۔۔۔ جبکہ حرم کی ہوائیاں اڑنے ۔۔۔لگائیں وہ بھی کچھ بھی دیکھے بغیر ..ساڑھی سمبھالتی ..وہاں سے ..بھاگنے لگی مگر افسوس کہ اسکے پہنچنے سے پہلے ہی۔۔۔ وہ ظالم شخص لاونج کے دروازے بند کر ..چکا تھا ..جبکہ حرم نے دروازے ..بری طرح پیٹ ڈالے

کھولو ..پلیز۔۔۔ اب میں کچھ نہیں کہو گی تمھیں۔۔۔ پلیز سوری۔۔۔" .وہ روتے ۔۔۔ہوئے بولے جا رہی تھی مگر دوسری طرف ..اسکی آواز کو کان پر بھی دھرا نہیں

.

اور جب دروازہ پیٹتے پیٹتے اسکی آواز بیٹھ گئ۔۔۔ تو وہ ..زمیں پر بیٹھ کر۔۔۔ رضا ۔۔۔صاحب کے بارے میں سوچنے لگی وہ کتنے پریشان ہوں گے

۔۔۔اب تو آنسو بھی تھم گئے تھے

...تقریباً ایک گھنٹے بعد دروازہ کھلا

...تو دروازہ ایک جھٹکے سے کھلنے پر ..اسکی کمر میں زور سے لگا..

شاہ میر نے نوٹس لیے بغیر اسکو انگلی سے صوفے پر بیٹھنے کا اشارہ کیا... اسکے پیچھے مولوی اور دو تین مرد اور ..انکے علاوہ اسکا چمچا صفدر بھی تھا..

اس وقت یہ بات وہ ہی جانتی تھی کہ اتنے آدمیوں کو دیکھ کر ..اسکو کتنا خوف محسوس ہو رہا تھا...

وہ ان سے دور ہونے لگی جب کہ وہ سب ... نگاہیں جھکائے اندر داخل ہوئے اور صوفوں پر ٹک گئے...

ان سب کی نظریں نیچیں تھیں جبکہ ... شاہ میر کھا جانے والی نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا جو فق چہرے سے کھڑی تھی....

ادھر آو "شاہ میر نے ... اپنی طرف آنے کا اشارہ کیا جبکہ وہ زور زور سے نفی میں گردن ہلانے لگی...

مگر مقابل کا ٹمپر اتنا نہی ں تھا کہ وہ چند لمحے مزید انتظار کرتا۔۔۔ وہ دو قدم چل کر ۔۔۔اس تک پہنچا

چھوڑو مجھے ۔۔۔ .کھڑوس بدماغ انسان ۔۔۔ نا جانے میرے پیچھے کیوں پڑ گئے ہو ...جو ۔۔۔تم چاہتے ہو میں نہیں ہونے دو گی وہ

..تمھارے ناپاک ارادے ہیں ..چھوڑو مجھے ہیلپ ہیلپ ۔۔۔" .وہ زور زور سے چیختی اسکے سینے پر مکے برسا رہی تھی ..جبکہ

.۔۔۔مقابل کا صبر حد سے سوا ہو گیا

اسنے بلا لحاظ کے اپنے بھاری ہاتھ کے زور دار دو چانٹے ..حرم کے نرم و نازک ۔۔۔کومل رخسار پر جڑ دیے ..جس سے ..اچانک ہی اسکا منہ بند ہوا

یہ مت سمجھنا میں کوئ تمھارے اس نکمے حسن کا دیوانہ ہو کر تم سے نکاح کر رہا .۔۔۔ہوں ..در حقیقت تم صرف بدلہ ہو

اس سے زیادہ نہیں جس دن میرا بدلہ پورا ہو جائے گا اس دن خود تمھیں ..طلاق دے کر ..کام تمام کروں گا...

اور یہ جو تم حد سے زیادہ بدتمیز ہو ..تمھاری کینچی کی طرح چلتی زبان بھی کاٹ کر علیحدہ رکھ دو گا اب اگر ایک لفظ اور بھی بولا تو..

وہ مجھے اس لائق کیوں نہیں سمجھتے ... کہ وہ مجھ سے محبت کریں ... .مجھ میں ...کیا کمی ہے ... کیا میں بدصورت ہو گئ ہوں

..کیا ناھیں میری آنکھوں میں اپنا عکس نہیں نظر آتا ... کیا انھوں نے نہیں دیکھا کہ وہ جیسا چاہتے ہیں میں ویسا کرتیں ہوں .. حتیٰ کہ میں نے اپنا لباس تک بدل ڈالا

اسنے ایک نظر ورنج اور وائٹ کیپری شرٹ پر ڈالی جینز شرٹ کے علاوہ" ...

اسنے کبھی یہ لباس نہیں پہنا ..تھا... .اور جب سے وہ یہاں آئی تھی ایسا ہی لباس زیب تن کراتا تھا وہ اسے ..مگر حرم نے تو کبھی آہنی مرضی چلانا بھی نہیں چاہی تھی ..وہ بس ..چاچو سے ..ملنا چاہتی تھی ..مگر انکے پاس رہنا نہیں ..ہاں وہ اب اسی کے ساتھ رہنا چاہتی تھی ..وہ جیسا بھی تھا...

اسے چند ہی دنوں میں بہت عزیز ہو گیا تھا...

..مگر اسکی نفرت حرم کی آنکھیں .. بھیگ گئیں

..بی بی ..آپ رو کیوں رہی ہیں"اچانک ہی سکینہ کی آواز سن کر اسنے جھٹکا کھا کر اوپر کی جانب دیکھا ..وہ دو دن بعد نظر آئی تھی...

حرم اسقدر پرجوش ہوئی کہ ... اچھل کر سکینہ کے گلے چپک گئ ..جبکہ سکینہ حقابق رہ گئ...

تم کہا چلی گئ تھی ..میر بلکل اچھا ناشتہ نہیں بناتے ... "..وہ نم لہجے میں منہ پھلا کر بولی ... تو سکینہ کو اسپر کافی پیار آیا ....

..جی وہ ..صاحب نے دو دن ..کی چھٹی دے دی تھی "..اسنے تسلی سے بتایا

..حرم ..اس سے دور ہوئ ..اور ..مسکرا کر اسے دیکھنے لگی

..مجھے نہیں پتا تھا ..مجھے تمھارا .یہ چہرہ اتنا یاد آئے گا ..اب تم کہیں مت جانا اوکے "اسنے جیسے آرڈر دیا تو ..سکینہ تو اسکے اس انداز پر پھلے نہ سمائ ..جی ٹھیک ہے ..بی بی ..میں ناشتہ لاتی ہوں "اسنے ..حرم کے آگے سے سیب اٹھائے ..اور اندر بھاگ گئ ..جبکہ حرم کا دل جیسے پرسکون ہوا تھا ...

اور پھر ناشتے کے دوران ..جب سکینہ ..صفائ کر رہی تھی حرم کی ٹیپ چل پڑی تھی ..وہ چکر چکر ... بولے جا رہی تھی ..جبکہ سکینہ اسکے قصوں سے محظوظ ہو رہی تھی ....

..یہ جھاڑو ہے ... "حرم نے جھاڑو ہاتھ میں لے کر پوچھا

جی بی بی مگر آپ چھوڑ دیں ۔۔۔ ہاتھ خراب ہو جائیں گے "..اسنے کہا ..تو حرم نے اسکی جانب دیکھا..

تمھارے نہیں ہوں گے "اسنے معصومیت سے پوچھا ۔۔۔ تو سکینہ ایک پل اسے دیکھتی تہ گئ ۔۔۔ پھر افسردہ سی مسکرا دی..

"بی بی ہمارا تو کام ہے یہ

۔۔۔اوکے تو آج میں تمھاری ہیلپ کرتی ہوں "اسنے پرجوش ہوتے ہوئے کہا تو سکینہ ۔۔۔ تو بھکلا گئ..

"بی بی جی ..صاحب پھر نکال دیں گے ۔۔۔ آپ چھوڑ دیں

..وہ بولی تو ..حرم نے برا سا منہ بنایا

۔۔۔آہ ہ کڑوے کریلے.

دیو ..جنگلی ... .اکڑو ... .وہ میری کیئر کر کے تمھیں نکالیں گے ... "وہ ہنسی اور الٹا سیدھا جھاڑو چلانے لگی ..اور کرپٹ کے نیچے جھاڑو پھنسا جر ..نیچے کی ... . دھول بھی نکال دی اور زور سے کھانسنے لگی

بی بی ... آپ ٹھیک ہیں "سکینہ پریشان ہو اٹھی وہ جانتی تھی کہ ..اسکے ساتھ کیا مسئلہ ہے ...

.... حرم ..کی کھانسی بڑھتی جا رہی تھی

..... جبکہ آنکھوں سے پانی بری طرح نکل رہا تھا

.... وہ اپنا گلہ تھامے کھانس رہی تھی ... جبکہ سکینہ ..کچن میں پانی لینے بھاگی اسوقت حرم کی حالت ..وہ خود ہی جانتی تھی کہ ..اسکا دل عجیب کیفیت کا شکار تھا ....

... ایسا محسوس ہونے لگا جیسے سانس لینے میں بھی دشواری ہو

اسکے دماغ و دل میں شاہ میر کا خیال تھا ..کہ لاونج کے مین دروازے سے وہ اندر آتا دیکھائ دیا .. حرم نے سرخ آنکھیں اسکی جانب اٹھائیں ... جبکہ کھانس وہ ابھی بھی رہی تھی ...

حرم "شاہ میر جو رضا ..کی وجہ سے موڈ خراب کر چکا تھا ..پہلے اماں کے پاس چلا گیا اور اسکے بعد وہ یہاں آیا ... صرف ڈریس آپ ہونے کے لیے تھا ...کیونکہ اسے ایک لنچ پر جانا تھا

مگر اندر آتے ہی حرم ... کی سرخ آنکھیں اور نیلے پڑتے ہونٹ دیکھ کر ... وہ گڑبڑا گیا ..اور بھاگ کر اس تک پہنچا ...

حرم" ..اسنے اسکا چہرہ دونوں ہاتھوں میں تھام لیا .. حرم اب بھی دھول میں بیٹھی تھی جبکہ سکینہ کچن سے پانی لے آئ ...

ایڈیٹ "شاہ میر بری طرح بگڑا ...

اور حرم کو اٹھا کر وہ اپنے روم میں لے آیا ..دھول سے آٹھ کر وہ فریش جگہ پر ..آی ..تو... اسکی کھانسی تو رک گئ مگر سانس لینا اسکے لیے دشوار تھا... حرم ....بری طرح رونے لگی

..جبکہ اسکا سانس پھول رہا تھا ..اور وہ منہ کھول کر سانس لینا چاہ رہی تھی

...شاہ میر زندگی میں کبھی نہیں بھلایا تھا

حرم... ادھر میری طرف دیکھو "بستر پر تڑپتی ہوئ .. حرم کو ..اسنے اپنی بانہوں میں ...بھر لیا ..کچھ ایسے ..کہ جیسے وہ کسی احساس سے خود بھی شدید خوف ذدہ ہو ....م... ..مجھے ..سانس "حرم مسلسل روے جا رہی تھی

..میر نے اسکے لبوں سے پانی کا گلاس لگایا ..اور اسکے پسینے میں لدے چہرے سے ...بالوں کی چپکی لٹیں ..ہٹائ

اسے شدید گڑبڑ کا احساس ہو رہا تھا ..کیونکہ اسکی نظروں کے سامنے ہی حرم ..کی ...ہونٹ نیلے پڑ رہے تھے

حرم ... میری طرف دیکھو ... تمھیں سانس آ رہی ہے ... "حرم نیم غنودگی میں ... جانے لگی ... جبکہ اسکا سر شاہ میر کے سینے سے لگا تھا

حرم ادھر دیکھو "..حرم .نے .. بھیگی ..آنکھوں کو معمولی سا کھول کر دیکھا ... شاہ ..میر کی آنکھیں خود سرخ تھیں ... اور وہ سختی سے اسے جکڑے بیٹھا تھا ... کچھ نہیں ہو گا تمھیں ... "اسنے ... حرم کے سر پر پیار کیا ..اور اپنی پوکٹ سے سیل نکال کر فواد کو کال کی اور اسے فورا پہنچنے کا کہا ..فواد بھی قریب ہی تھا ..پانچ منٹ میں اس تک پہنچا ..او جب وہ کمرے میں آیا تو آج سے پہلے اسنے ... شاہ میر کو اتنا پوزیسیو کسی کے لیے نہیں پایا

کیا ہوا ہے بھابھی کو" ..فواد کے آنے کے بعد بھی شاہ میر نے اسے آزاد نہیں ..کیا جبکہ حرم اب بھی نیم بیہوشی میں .. تھی

. ... فواد اسکو فورا ٹھیک کرو "..وہ دھاڑا

تو فواد اسکی کیفیت ..دیکھ کر حیران رہ گیا

۔۔۔تم چھوڑو انھیں "اسنے ..کہا تو شاہ میر نے حرم کا سر تکیے پر رکھا

اور فواد نے اپنی ٹریٹمنٹ شروع کر دی ..شاہ میر ۔۔۔ خاموشی سے ..جلالی نظریں حرم پر گاڑے کھڑا تھا جیسے دھمکا رہا ہو فورا ہوش میں آو ..مجھے تمھاری وہی ..آنکھیں دیکھنی ہیں۔۔۔

بیس پچیس منٹ بعد فواد نے شاہ میر کی جانب دیکھا۔۔۔

اب یہ نارمل ہیں ۔۔۔ .بٹ یہ ٹھیک نہیں ہے شاہ میر انھیں میڈیسن پروپر نہیں دی جا رہی اور یہ ذہنی طور پر بھی ڈسٹرب ہیں تم اسب جانتے ہوئے بھی لاپرواہی برت رہے ہو اور یہ لاپرواہی بڑے نقصان"

اچھا بس "وہ اکھڑ کر بولا تو فواد خاموش ہو گیا۔۔۔

جبکہ شاہ میر روم سے باہر نکلا فواد بھی اسکے پیچھے تھا۔۔۔

سکینہ "شاہ میر نے پکارہ تو سکینہ فورا سامنے آئ .. حرم کس وقت کی دوائ نہیں لیتی ..ناشتے کی میں دے کر جاتا ہوں ..اور اسکے بعد کھانے کے بعد کی دوائ"

...صاحب ..وہ ..وہ نہیں... لیتی ..بعض اوقات ضد لگا لیتی ہیں

باہر جانے کی تو نہیں لیتی"سکینہ بولی تو شاہ میر... کا بس نہیں چلا اسکا منہ توڑ دے مگر ..اس سے پہلے وہ کوئ ایکشن لیتا... فواد نے سکینہ کو بھگا دیا..

یہ تمھاری کوتاہی ہے کہ تم اپنی بیوی کا خیال نہیں رکھ سکتے دوسروں کا قصور نہیں "فواد غصے سے بولا... تو شاہ میر ..اسکو دیکھ کر رہ گیا.

...میں جانتا ہوں تم اپنا غصہ کنٹرول کر ہی نہیں سکتے .

...جتنی تمھاری اٹینشن کی ضرورت ہے انھیں اتنی کسی کی بھی نہیں

اپنے مجاز کو کم کرو کیونکہ تمھارے جیسے جن کے پلے میں .ایک معصوم چڑیا پھنس چکی ہے "فواد نے آخری فقرہ تیوری چڑھا کر بولا ..تو شاہ میر نے ..اسکی جانب دیکھا..

اب تم دفع ہو جاو"..اسنے غصے سے کہا..

بھلائ کا کوئ زمانہ نہیں ہے"فواد بربڑاتا ہوا ..نکل گیا جبکہ شاہ میر صوفے پر ڈھے گیا...

.....

..ونیزے لیٹ اٹھی... اور ایک پرزور انگڑائ لے کر ..وہ فریش ہونے چلی گئ بیس منٹ میں وہ پہلے کیطرح... خوبصورتی سے تیار ہو کر... اپنے روم سے نکلی تو... .عادی کو... کو باہر لاونج میں بیٹھا دیکھا ..کل ہی اسے پتا چلا تھا ڈیڈ ..نیویورک چلے گئے ہیں ویکیشنز کے لیے... تبھی وہ پرسکون تھی

کیسے ہو عادی ..یہ فیضان ..اور حرم کا کچھ پتا چلا" ..ونیزے نے پوچھا تو عادی ...ہمیشہ کیطرح اسکے حسن میں جو کھو سا گیا تھا چونک کر اسکی جانب دیکھا

"...یار حرم غائب ہے... آج چار دن ہو گئے ہیں

...وٹ... یہ کیا بات ہوئ"ونیزے حیرت سے چلائ

...یہ ہی سچ ہے "عادی بھی پریشان تھا

تو تم فیضان سے ملے انکل آنٹ تو بہت پریشان ہو گے"ونیزے حقیقت میں

...کافی پریشان ہو اٹھی تھی

" میں وہیں جا رہا ہوں تم بھی چلو

"اوکے

...اور پھر وہ دونوں فیضان کے گھر کی جانب چل دیے

وہاں پہنچ کر ونیزے اندر گئ تو ..وہ سب لاونج میں ہی جمع تھے ..جبکہ آنٹی رو رہیں

.. تھیں کیونکہ رضا صاحب نے سب کو بتا دیا تھا کہ حرم شاہ میر کے پاس ہے

انکل میں اس ایس پی ... کو ... یہاں سے نکلوا دوں گا ... اس کا پیچھا میرے

بندے کر رہے ہیں مگر اب تک ..وہ کسی بھی مشقوق جگہ پر نہیں گیا .اور اسنے

"اپنے گھر میں حرم کو نہیں تھا ہوا ..یہ مینا چھے سے جانتا ہوں

...آبان مسلسل چلتے ہوئے بولے جا رہا تھا ..جبکہ وہاں سب کی آنکھیں نم تھی

میں جانتا ہوں ۔۔۔ کہ مجھے کیا کرنا ہے "رضا صاحب بولے اور اپنے کمرے میں چلے گئے جبکہ آبان نے انکی پشت کو گھورا..

میں بھی بخوبی جانتا ہوں کہ مجھے کیا کرنا ہے" ..وہ بڑبڑایا ..اور وہاں سے نکلتا کہ ونیزے کو اندر آتے دیکھا۔۔۔ اسکی گندی نظروں نے ..ونیزے کو اوپر سے نیچے تک دیکھا..

ہاٹ"اپنے جیسا ہی گندہ خطاب دیتا وہ اسکے کندھے سے کندھا ٹکراتا وہاں سے نکل گیا جبکہ ونیزے نے گھور کر اسکی طرف دیکھا ..اور آنٹی کیطرف بڑھی ۔۔۔ .جن کی حالت قابل رحم تھی.

.....

شہروز مجھے بلکل بھی گوارا نہیں ہے یہ بات کہ میرے بیٹے کی بیوی ۔۔۔ کہیں اور رہے ۔۔۔"اماں نے شہروز کی لاپرواہی پر ..اسکے سر پر چپت لگائی

اماں وہ بھاگی ہے یار "شانزے کی نیل پینٹ اٹھا کر اماں کے پاوں کی انگلیوں پر لگاتے ہوئے وہ مگن انداز میں بولا..

تمھیں شرم آ رہی ہے "اماں نے غصے سے ..اپنے اپوں ہٹائے ..اور ہٹانے کے چکروں میں نیل پینٹ زمین پر گیرا ..اور وہیں شانزے چلائ..

"لالا

آف میری توبہ "شہروز نے کانوں پر ہاتھ رکھ لیے جبکہ اماں نے جھک کر چپل اٹھائ ..اور دوسری طرف شانزے کمرے سے بھاگ گئ جبکہ شہروز کو... .تو بعد میں پوچھنے کا سوچ لیا تھا..

شہروز زہر لگ رہی ہے تمھاری یہ حرکتیں مجھے "اماں کو کسی طور چین نہیں مل رہا تھا...

یار اماں ..اڑنے دو ایک بار ہی پر کاٹ ڈالوونگا "اسنے کہا تو اماں نے آنکھیں گھما کر دیکھا.....

مجھے ایسا نہیں لگتا ..وہ تمھیں بھاری پڑنے والی ہے ..." .اماں نے کہا تو شہروز انھیں دیکھ کر رہ گیا.

فور یور کائینڈ انفارمیشن ایک رات میں ہی میں پتا کروا چکا ہوں وہ ..یہاں سے کب نکلی کیسے اپنے گھر پہنچی ..اور اب اسکا باپ بھی گھر نہیں ہے سب پتا ہے مجھے" ..شہروز نے اطلاع دی

اتنی کئیر ..واہ بیٹے "انھوں نے اسے تنگ کیا... جبکہ دبی دبی مسکراہٹ چہرے پر تھی...

...اماں یار پلیز "وہ کہتے ہوئے اٹھا

..اور باہر نکل گیا جہاں شانزے پہلے ہی کھڑی تھی

یہ تو پیسے دے دیں ورنہ ..اچھا نہیں ہو گا لالا "وہ بولی تو شہروز... نے ڈرنے کی اداکاری کی..

فقیرنی "اور پیسے دیتے ہوئے ..وہ اسے خطاب دے کر بھاگ لیا جبکہ وہ پاوں پٹخ کر رہ گئ

.....

ونیزے گھر لوٹی ... تو لاونج کے صوفے پر شہروز کو دیکھ کر اسکی آنکھیں ابل آئیں ..

"تم تم یہاں کیا کر رہے ہو

...وہ بولی تو شہروز نے اسکی جانب دیکھا

سسرال میں رہنے آیا ہوں .. بیگم ... "..وہ مسکرا کر بولا تو ..ونیزے ..نے الجھ کر ..اسکو دیکھا

...اووووو میرا بیبی کیا ہوا... بس آڈر گئ اتنے سے ہی"وہ اسکے نزدیک آتا بولا تو

دور رہو مجھ سے ..اور یہ تم کس خوشی میں اتنا اوور ہو رہے ہو... تمھارا میرا اب ...کوئ تعلق نہیں"ونیزے نے کہا ..اور چہرہ موڑ لیا

آہ ..سویٹ ہارٹ مگر .مین تو تمھیں اپنی بیوی مانتا ہوں نہ" ..شہروز اسکے مقابل کھڑا ...ہو گیا ..ونیزے نے ..اسکو گھورا

..یہ میرے ڈیڈ کا گھر ہے مسٹر شہروز "اسنے جتایا

آہ .ہ .ہ سسر جی... ارے او ..سسر جی ..داماد صاحب آئے ہیں... زرا خاطر مدارت تو کیجیے"وہ اسے دیکھتا زور زور سے چلایا ..جبکہ ونیزے... اس ڈھیٹ کو ...حیرانگی سے دیکھ رہی تھی ...

.....

یہ سب تم جان بوجھ کر کر رہے ہو... ..مگر تم یہ مت بھولو میں کس کی بیٹی ہوں ایک منٹ میں تمھیں اس گھر سے باہر نکلوا سکتی ہوں ..مسٹر میری شرافت

کو ..شرافت سمجھو اور چلتے بنو خود ہی"ونیزے نے بگڑ کر اسکو اسکی حثیت یاد دلانا چاہی مگر مجال ہے شہروز نے اسکی کسی بھی بات کا اثر لیا ہو... صوفے کی سائیڈ ٹیبل پر پڑے انٹیک سامان سے کھیلتے ہوئے وہ بولا ..تو ونیزے... اپنے قدموں سمیت کانپ گئ

.ہاں میں جانتا ہوں تم اس آدمی کی بیٹی ہو جو بچپن سے ہی تمھیں بوجھ سمجھتا ہے اور تمھاری ماں ایک طوائف تھی... تم ایک غلطی ہو تبھی کوئ تمھیں منہ نہیں لگتا سب جانتا ہوں میں"

..وہ تو لاپرواہی سے بولا تھا ..مگر ونیزے کا وجود ساکت رہ گیا تھا ..یہ وہ باتیں تھیں جنھیں وہ خود سے بھی کبھی نہیں کرنا چاہتی تھی... جبکہ اس شخص نے ایک لمحے میں اسکو اسکی اوقات باور کرا دی تھی ..مگر ونیزے سے یہ سب برداشت کرنا .....نہایت مشکل تھا

وہ اسکی جانب بڑھی۔۔۔ شہروز چہرے پر مسکراہٹ سجائے۔۔۔ خباثت سے اسکی جانب دیکھ رہا تھا۔۔۔

جبکہ ونیزے نے کچھ بھی نہ سمجھتے ہوئے ..شہروز کا گی ان پکڑ لیا۔۔۔۔۔۔ اسوقت اسکی آنکھیں سرخ۔۔۔ جبکہ چہرہ غصے سے تمتما رہا تھا..جبکہ آنکھوں سے چند آنسو ٹوٹنے کے لیے بے قرار تھے۔۔۔۔

میں کسی پر بوجھ نہیں ہوں۔۔۔۔

میری کوئ ماں نہیں ہے۔۔۔۔۔۔ آج کے بعد دوبارہ یہ بات مت دھورانا مسٹر شہروز۔۔۔ ورنہ ونیزے تمھیں جان سے مار دے گی"وہ ایک ایک لفظ پر زور دیتی۔۔۔۔

غصے سے چلائ۔۔۔ تبھی شہروز ..نے اسکے دونوں ..ہاتھ جو اسکے گریبان ..کو جکڑے ہوئے تھے پکڑ کر ..موڑ دیے۔۔۔۔

ونیزے کو تکلیف تو بہت ہوئ ..مگر وہ اس آدمی کے سامنے کبھی کمزور نہیں پڑنا چاہتی تھی....

کیسی لگی ..بے بسی... کہ جب آپکا کوئ قصور نہ ہو ..اور آپ... برے ٹھرائے جاو..... مزاہ آیا ونیزے میڈیم "شہروز اسکے کان کے قریب پھنکارہ جبکہ ونیزے نے اپنے بازو چھڑانے کی کوشش کی...

نہ نہ... لڑکیوں پر نازاکت جچتی ہے... یہ مرد مار والی حرکتیں مجھ پر مت آزماو اسنے ایک جھٹکے سے ..اس تڑپتی چڑیا کو آزاد کیا... اس سے پہلے "..... ونیزے گیرتی ..شہروز نے خود ہی اسے سہارا دیا....

جبکہ ونیزے ..نے غصے سے آپنے بازو آزاد کرا لیے...

تم یہاں سے دفع ہو جاو "..وہ بدلحاظی سے چلائ....

جبکہ شہروز نو لفٹ کا بورڈ لگائے ... ارد گرد دیکھنے لگا ... .ویسے ان سب کمروں میں سے تمھارا کمرہ کون سا ہو سکتا ہے "وہ ایسے پوچھنے لگا جیسے ان کے تعلقات ... بہت اچھے ہوں.

ابھی بتاتی ہوں تمھیں ... "ونیزے غصے سے دندناتی ہوئ ... .باہر کی جانب نکلی ...

..واچمین ... کارڈز "وہ لون میں زور سے چلائ

... جبکہ شہروز اندر شانے اچکا جر ..کمروں کی تلاشی لینے لگا

... کوئ بھی اس کی پکار پر .. نہیں آیا ..اسکا میٹر گھمنے لگا تھا

باسٹرڈ"وہ ان سب پر ایک لفظ بھیجتی ..اندر آئ ..تو شہروز کو اپنے کمرے کے دروازے کے سامنے پایا..

رک جاو "وہ زور سے چیخی ..اور وہیں ..شہروز کو انداز ہو گیا کہ یہ کمرہ انھیں محترمہ کا ہے ..آج کی رات تو کم از کم وہ اس سفید چڑیل کا جینا حرام کر دینا چاہتا تھا آجر ... کو ..اسے بھی پتا چلے ..شہروز ..کیا بلا ہے

وہ غڑاپ سے کمرے میں داخل ہوا ..جبکہ ونیزے ..اس اچھے شخص کی حرکتوں پر کھول کر رہ گئ ..وہ تیزی سے اپنے کمرے کی جانب دوڑی...

اور جب وہ روم میں داخل ہوئ شہروز چارو جانب سکون سے دیکھ رہا تھا...

وہ شاید کوئ پنک روم تھا ..ہر چیز وہاں کی پنک تے ھی جبکہ کارٹونز سے بھری ہوئ تھی..

اسکے علاوہ دیواروں پر ..شاید ..اسکے فیورٹ ..ایکٹرز... کے پوسٹرز لگے تھے...

کمرہ کم عجائب گھر زیادہ ہے"شہروز ..نے منہ بنا کر کہا...

یہ کون تیس مار خان ہے "..وہ ایک پوسٹر کی جانب بڑھا...

وہ بلکلے ہارڈر ..کی تصویر کو توجہ سے دیکھنے لگا...

" ہٹ جو ان کے پاس سے

ہیں ..ان... مطلب ..وہ تمھارا شوہر ..جس سے تم نے زبردستی بیاہ رچایا ....اسکی خوبصورتی پر مر کر ..شاید ..یہ جو بھی... اسکو تو تڑاک سے بات کر رہی ہو اور

"اس پانی کم چائے سے ... اتنی عزت ... ہضم نہ ہوا کچھ جیر بہت برا ہے اسنے ... .ایک ہاتھ بڑھا کر پوسڑ کو دیوار سے کھینچا ... .اور دو ٹکڑوں میں تقسیم کر دیا ...

. ... شہروز "ونیزے چلائ ... اسکا دل تیزی سے دھڑکنے لگا

. ... یہ پوسٹر کتنے دل سے .. بنوایا تھا اسنے

. ... اور ایک منٹ میں اسنے کئ ٹکڑوں میں تقسیم کر دیا

یو ..." .وہ دانت کچکاتی ہوئ اس تک بڑھی کہ شہروز جنپ لگا کر اسکے .. وائٹ اور پنک بیڈ پر چڑھ گیا ...

اے .. سفید حسینہ ... پلس ... زبردستی کی بیوی ... .دور رہو مجھ سے ... نیت خراب کیسے بھگی ہوئ آئ ہو .. میرا کوئ ارادہ نہیں تم سے رومینس جھڑنے کا "وہ ہاتھ نچا کر بولا ... ونیزے .. کی آنکھیں نم ہو گئیں .. اسکا پیارہ بیڈ شہروز کے جوتے

کے نشان سے بھر چکا تھا۔۔۔ جگہ جگہ ۔۔گندگی لگ گئ تھی ۔۔شہروز ونیزے کو سن ۔۔۔دیکھ کر نیچے اترا

آیا نہ مزاہ۔۔۔ .میری زندگی حرام کر کے تم نے سوچا بھی کیسے ۔۔کہ میں تمھیں ۔۔سکون سے جینے دوں گا "وہ مزے سے بولا ۔۔اور فروٹ باسکٹ سے انگور اٹھا کر اچھال اچھال کر

منہ میں کیچ کر کے کھانے لگا ۔۔ونیزے کی تکلیف اسے ۔۔سکون دے رہی تھی ۔

جبکہ ونیزے مزید وہاں رک نہیں سکتی تھی ۔۔وہ ۔۔پلٹی ۔۔شہروز نے آئی برو اچکا کر ۔۔۔اسکی جانب دیکھا

۔۔لاس سے پہلے وہ باہر نکلتی ۔۔شہروز نے دروازہ بند کر دیا

۔۔۔کدھر۔۔۔ چلی ہو منہ اٹھا کر"وہ انگور چباتے ہوئے بولا

شہروز ..مجھے جانے دو "ونیزے بڑی مشکل سے ضبط جرتے بولی ..اسکا دل چیخ چیخ کر رونے کو کر رہا تھا...

..میں نے پکڑا کب ہے تمھیں "شہروز سکون سے اسکی نازک کمر دیکھتے ہوئے بولا جو ..کورٹ میں چھپی تھی...

کبھی انسانوں والے کپڑے بھی پہن لیا کرو "شہروز .ناگواری سے اسکی ڈریسنگ دیکھتے ہوئے بولا...

شیٹ آپ ..ہوتے کون ہو تم ..مجھے سمجھانے والے "ونیزے غصے سے کھولنے لگی...

انگورکھاو "وہ الٹا جواب دیتا اسکے منہ میں انگور ٹھنستا ..وہاں سے جوتے سمیت بیڈ پر لیٹ گیا...

آ جاو تم بھی موی دیکھیں گے تمھارے ٹائپ کی "وہ اسکی جانب دیکھتے ہوئے معنی خیزی سے بولا تو... ونیزے ..حیرت زدہ رہ گئ..

"...کیا مطلب ہے میری ٹائپ

مطلب چھچھوری رومانٹک... گندی "وہ مزے سے طنزیہ مسکرایا..تو ونیزے نے سر تھام لیا...

وہ کم از کم شہروز کو ایسا ایکسپیکٹ نہیں کرتی تھی ..وہ اسے ہارڈ روڈ پرسن سمجھتی تھی مگر یہ تو اچھا خاصا ڈھیٹ چیپکو انسان تھا جو چند لمحوں میں اسے... جلا کر بھسم کر چکا تھا...

مگر وہ بھی ونیزے تھی...

.....

حرم سو کر اٹھی تو... اٹھتے ساتھ ہی اسکے چہرے پر مسکراہٹ تھی شاید اسنے کوئ اچھا خواب دیکھا تھا..

وہ اٹھی ..اور پرزور انگڑائ لے کر ..اسنے بالوں کو ایک جھٹکا دیا··· تو اسے ہاتھ پر ···ڈریپ محسوس ہوئ ..جس پر اسنے منہ بنا لیا

مگر وہ بہت اچھا فیل کر رہی تھی ..اچانک اسکی نظر سامنے اٹھی ..تو صوفے پر ···پاوں ہر پاوں جمائے ..ایک ہاتھ سر کے نیچے رکھے

···وہ آرام سے سو رہا تھا

سوتے ہوئے حرم کو وہ جلاد بہت پیارا سا لگا··· تو وہ اپنی جگہ سے اٹھی مگر یہ ڈریپ··· .اسکی جانب دیکھ کر اسنے ..بغیر لحاظ کی··· ڈریپ··· ہٹائ ..تو اسے ..درد سا ہوا··· .مگر اس وقت اسے شاہ میر کے پاس جانا تھا

.. تبھی ..سائیڈ]یبل سے ..فرسٹ ایڈ لگاتے ہوئے ..وہ شاہ میر کے قریب ..آئ ..اور اسکو گھورنے لگی··· اگر ..وہ یہاں ..اسکے ساتھ اسکے بازو میں··· بیٹھتی ..تو ···یقیناً ان دونوں سے پیارا کپل کسی کا نہ ہوتا

اور اب حرم کا افلاطونی دماغ حرکت میں آ چکا تھا ..اسنے ... اپنے بالوں کا جوڑا بنایا تو اسکے ہاتھ میں درد سا ہوا... جسے اگنور کر کے وہ آرام سے صوفے پر چڑھی ... .اور شاہ میر کا ہاتھ ٹچ ..کر کے دیکھا ...

...اسکے ٹچ کرنے سے ہی ..شاہ میر فورا الرٹ ہوا تھا

...مگر اسنے آنکھیں نہ کھولیں

حرم کو جب یقین ہوا کہ وہ نہیں جاگ رہا تو... اسنے ارد گرد دیکھا ..مگر شاہ میر کا موبائل نظر نہیں آیا ..پھر اسکی پینٹ کی پوکٹ پر نظر پڑی اور اسنے بڑی مہارت سے موبائل باہر نکال لیا ..شاہ میر کو غصہ آنے لگا ..شاید وہ پھر اپنے چاچو کو فون ...کرنے والی تھی مگر اسنے فل وقت کسی بھی ایکشن سے خود کو بعض رکھا

...حرم نے اسکا موبائل کھولا... جس پر قسمت سے پاسورڈ نہیں تھا

اسنے حیرت سے شاہ میر کو دیکھا... اور پھر... .اسکے دماغ میں ایک شرارت سوجی اور اسنے اپنے نام

حرم جان کا پاسورڈ شاہ میر کے موبائل پر لگا دیا۔۔۔ اور اس عمل سے وہ بے انتہا خوش ہوی تھی۔۔۔ اور اب اسنے احتیاط سے شاہ میر کا بازو اٹھایا ۔۔۔

اور اسکے بازو کے نیچے۔۔۔ خود بیٹھ کر اسنے ..اسکا بازو اپنی گردن کے پیچھے سے لے کر ..آگے اپنے اوپر گیرا لیا۔۔۔ اور اتنے میں ہی وہ اچھی خاصی ہلکان ہو چکی تھی ۔۔۔

اپنی جانب سے وہ اڈجیسٹمنٹ کر کے۔۔۔ اب ..شاہ میر کا موبائل کھول کر کیمرہ اون کر چکی تھی..

شاہ میر کا دل کر رہا تھا ..وہ اس لڑکی حرکات پر سر پیٹ لے ..وہ سکون سے ایسے ہی بیٹھا رہا ..ہاں البتہ۔۔۔ اسنے حرم پر اپنے بازوں کی گرفت کی تھی جسے وہ اپنی حرکات میں محسوس نہ کر سکی۔۔۔

حرم کا جوڑا ڈھلک کر آگے آ چکا تھا اسنے اپنی آگے آئ لٹوں کو پیچھے کیا اور کیمرہ اون کر کے اپنی اور شاہ میر کی سیلفی لینے لگی۔۔۔..

چند اپنی اور میر کی سیلفیاں کے کر اسنے سنیپ چیٹ ڈاون لوڈ کر کے .. سنیپ چیٹ کے فنی ایموجی شاہ میر کے فیس پر سیٹ کر کے .. بمشکل اپنی ہنسی روکی ...

اور پھر مزید سیلفیاں لے کر .. وہ اب .. ایک سیلفی کو کوریج ہر سیٹ کر رہی تھی کہ میر ... جو اب تھک چکا تھا .. ایک طرف گردن کیے .. اسنے .. اپنی پوزیشن بدلی اور حرم کیطرف دیکھا .. پھر اس تصویر کی جانب دیکھا جسے وہ .. بڑے مگن انداز ... میں ایڈجسٹ کر رہی تھی ....

ہو گیا شوق پورا "وہ اچانک ہی اسکے کان میں بولا ... تو حرم ... ڈر گئ ....

آف ... ".اسنے اپنا دل تھاما ....

مجھے ڈرا دیا .. ابھی میرا دل بند ہو جاتا "اسنے کہا ... اور جھجھک کر شاہ میر سے دور ہونے لگی ....

ہیلو ..... "شاہ میر نے .. اسپر گرفت سخت کر لی ... اور ... حرم کو بازو میں بھر کر .. اپنی ٹانگوں پر بیٹھا لیا ..

..وہ جیسے ایک گڑیا ..کی مانند ..اسپر ... بیٹھی سرخ ..چہرہ لیے کنفیوزڈ دیکھ رہی تھی

..اس دل میں شاہ میر ہے ... ہے نہ "اسنے ... حرم کے دل پر انگلی رکھی تو

... حرم کا وجود کانپ اٹھا

..امجیسے شاہ میر نے بھی محسوس کیا

اور جب اس دل میں ..شاہ میر ہے ..تو کیسے یہ دل بند ہو سکتا ہے ... آج کہ

بعد ایسی بات مت کرنا ورنہ ..اس دل کو خود ہی نکال کر تمھاری ہتھیلی پر سجا دوں

...گا... "اسنے گھور کر حرم کو دیکھا ..تو حرم جو اسکی جادوئ باتوں میں کھو گئ تھی

...اسکی جانب چونک کر دیکھنے لگی

آپ شروع سے ایسی ..خوف ناک باتیں کرتے ہیں..؟ "اسنے سوالیہ نظروں سے

...اسکی جانب دیکھا.

تو شاہ میر نے اسکی کمر میں ہاتھ ڈال کر ... .اپنے سینے سے لگا لیا... وہ اسے

...چاہ کر بھی کہ نہ پایا کہ وہ پہلی لڑکی ہے ..جس نے شاہ میر خان کو ڈرا دیا تھا..

...یہ شاید وہ اپنے دل کی آواز کو دبا رہا تھا کہ وہ اسے کھونے سے ڈر رہا ہے

...مگر یہ بھی حقیقت ہے... کہ وہ ساری زندگی اسے خود کہ ساتھ نہیں جوڑ پاتا

...اسے اسے ایک نہ ایک دن چھوڑنا ہی تھا

یہ معملہ اسکی غیرت کا تھا... یہ ان بچپن میں کیے وعدوں کی آواز تھی... یہ

...ان وعدوں کا مان تھا کہ ..وہ کسی صورت اسکے ساتھ خوش نہیں رہ سکتا تھا

یہ ان بے بس لمھوں کا تقاضہ تھا... .جن میں اسکے آنسو اسے اسکی کمزوری کا

...احساس دلاتے رہے

...یہ ان لمھوں کے لیے تھا

جن میں اسے اپنے باپ کی ضرورت تھی... .جب دنیا ..اسکے ساتھ کھیل رہی تھی

...

...وہ گزرے دن کبھی نہیں بھول سکتا تھا

...شاہ کر بھی اسکے گزرے لمھوں کا سایہ اسے خوش رہنے نہیں دیتا تھا

..حرم ..اتنا نہیں بولتے" ..اسکی پشت پر نرمی سے ... ہاتھ پھیرتے ہوئے وہ

....جیسے اسے سمجھا رہا تھا ..مگر دماغ اور دل ایک عزیت کا شکار تھے

...کاش وہ ایک نارمل زندگی گزار سکتا

....کاش وہ اپنے ماضی سے نکل ... سکتا

.....کاش

میر مجھے بھوک لگ رہی ہے "جبکہ دوسری طرف حرم شاہ میر کے اتنے نرم لہجے

...پر جیسے موم کی مانند پگھل چکی تھی

اوکے چلو... .آج تمھیں اپنے ہاتھ کا ناشتہ کھیلاتا ہوں "شاہ میر... نے ..اسی طرح اسکو گود میں بھر لیا ..جبکہ حرم ..تو اسکی اس توجہ پر پھولے نہیں سما رہی

....تھی ..اسوقت وہ خود کو خوشقسمت ترین سمجھ رہی تھی

...ابھی وہ روم سے باہر نکلتا کہ اسکا سیل فون بجنے لگا

....اوہ "..شاہ میر نے پلٹ کر صوفے پر دیکھا

۔۔۔اور حرم کو نیچے اتار کر اسنے فون اٹھایا

۔۔۔حرم اسکو شوق سے دیکھ رہی تھی

جی اماں اسلام و علیکم "اسکے چہرے پر ہلکی سی مسکان تھی ان سے بات کرتے ہوئے۔۔۔

۔۔۔حرم حیرانگی سے شاہ میر کو دیکھنے لگی

۔۔۔وہ عورت کیسی ہو گی جس سے ۔۔۔ شاہ میر مسکرا کر بات کرے

۔۔۔ہاں وہ اس سے نرم لہجے میں بات کرتا تھا اپنا حق جماتا تھا

حق سے ..اسکو چھوتا بھی تھا مگر کبھی حرم نے اسکو خود سے بات کرتے ہوئے مسکراتے نہیں دیکھا۔۔۔

وہ ایکدم جو آنکھوں میں شوق تھا بجھ سا گیا ..حرم نے سر جھکا لیا ..اسکی آنکھیں نم ہو رہیں تھیں۔۔۔

آپ کہیں تو میں ابھی آ جاتا ہوں ..اماں"شاہ میر نے ایک نظر حرم پر ڈال کر کہا جو سر جھکائے منہ بنائے کھڑی تھی...

نہیں تم رہو اپنے اہم کیس میں بیزی "..اماں نے خفگی سے کہا... تو شاہ میر نے .. سر جھکائے کھڑی حرم کو ہاتھ بڑھا کر اپنے نزدیک کر اپنے بازو میں بھر لیا ....

نہیں میری کوئ مصروفیت آپ سے زیادہ قیمتی نہیں...آپ میرا ناشتے پر ویٹ ..کریں میں آتا ہوں "اسنے کہا تو اماں مسکرا دی اور ٹھیک ہے کہ کر فون بند کر دیا ..جبکہ شاہ میر نے گھیرہ سانس بھر کر حرم کو دیکھا

..سکینہ تمھیں ناشتہ کرا دے گی .. تم دوائ ٹائم پر لو گی ..اوکے "اسنے اسے کہا تو ...حرم اس سے دور ہوئ

...میر اماں کون ہیں"وہ افسردگی سے پوچھ رہی تھی

...میری ماں ہیں"شاہ میر کے لہجے میں زرا سختی سی گھل گئ تھی

...وہ کیسی ہیں "حرم نے ایک اور سوال کیا

...یہ تمھارا ٹاپک نہیں "میر نے کہا اور اسکے پس سے اٹھا

میر پلیز مجھے بھی یہاں سے باہر جانا ہے بس ایک بار چاچو سے ملنا ہے "حرم نے

...نم لہجے میں التجا کی تو شاہ میر .. غصے سے پلٹا

کیا تمھیں میری بات سمجھ نہیں آتی تم ..یہاں سے کہیں نہیں جا سکتی "وہ غصے

...سے بولا ..تو حرم اسکی صورت دیکھنے لگی

...میر میں یہاں سے بھاگ جاوگی "وہ بولی تو شاہ میر طنزیہ مسکرایا

تم نے یہاں سے نکلنا چاہا تو میرے گارڈز تمھیں جان سے مر دیں گے ٹرائے کر

..کے دیکھ لو

..وہ سفاکی سے بولا ..تو حرم ..پھوٹ پھوٹ کر رو ..دی

...مگر اسنے اسے چپ نہیں کرایا ..اور واشروم میں بند ہو گیا

.....

انکل مجھے پتا چل گیا ہے خلحرم کہاں ہے ..اس زلیل پولیس والے نے کہاں چھپایا ہے اسے "ابان نے رضا صاحب کی جانب دیکھا ..جن کے وجود میں جیسے ایکدم جان بھری تھی...

"تم سچ بول رہے ہو.

جی انکل ..چلیں آپ میرے ساتھ ..آج وہ ایس پی روے گا ..اور ہم حرم کو نکال لائے گے ... اور اسکا ٹرمننٹ لیٹر .. بھی ریڈی ہو چکا ہے ..اب اسکے گھر میں جب پہچے گا تب اسے انداز ہو گا کہ ..ہم کیا ہیں اور وہ کیا ہے ..سالا اپنی پولیس وردی سے بھی ہاتھ دھو بیٹھا "وہ نفرت سے بولا ..تو رضا ..صاحب خاموش ہو گئے ..شاید وہ یہ کہنے لائق بھی نہیں تھے کہ وہ ایسا نہیں چاہتے تھے ... جیسا آبان کر چکا تھا...

چلیں انکل حرم ویٹ کر رہی ہے ہمارا "اسنے کہا ..اور فیضان کو پکارہ جو ... ایک پل میں کمرے سے نکلا تھا...

.اور وہ تینوں ..شاہ پیلس کی جانب چل دیے

.....

شاہ میر گھر میں داخل ہوا تو... اماں سامنے ہی ڈائنگ ٹیبل پر سامنے رکھتی ہوئ ملیں... جبکہ باقی کوئ بھی گھر پر نظر نہ آیا تو اسے انداز ہو گیا... کہ لازمی شہروز ...اور شانزے یونیورسٹی گے ہوں گے

اماں کو دیکھ کر تو ہمیشہ اسکے چہرے پر مسکراہٹ آ جاتی تھی... سفید دوپٹے کے ...حالت میں انکا پورنور چہرہ اسے دنیا کا خوبصورت ترین چہرہ لگتا تھا

وہ چپکے سے انکے نزدیک آیا... اور پیشے سے انھیں اپنے بازوں میں بھر لیا... اور .اپنا سر انکے شانے پر ٹیکا دیا...

وہ ایسا ہی تھا .. بچپن میں بھی جب... کسی بھی بات پر وہ اداس ہو جاتا ..تو اسی طرح انکے ..وجود میں چھپنے کی کوشش کرتا تھا... اور آج کافی وقت بعد اسنے یہ

حرکت کی تھی ..وہ مسکرا کر ..پلٹیں ... تو شاہ میر کے لب بھی مسکراہٹ میں ڈھلے تھے...

خیریت ... .کس بات کی فکر ہے ... میرے بیٹے کے اس دل کو "انھوں نے لاڈ سے ..اسکے دل پر انگلی رکھ کر ..پوچھا تو... وہ ہنس دیا...

یہ وہ ہنسی تھی ...جو شاید... بس... اماں ہی دیکھتی تھی ..آج تک شانزے یہ پھر شہروز نے بھی نہیں دیکھی تھی...

مجھے بھلہ کس بات کی فکر ہو سکتی ہے "اسنے شانے اچکا کر ..بے پرواہی سے کہا تو اماں نے اسکے .چئیر پر بیٹھنے کا شارہ کیا ...

اور وہ چئیر پر بیٹھ گیا جبکہ ... اماں اسکے ساتھ چئیر پر بی"ٹھ گئیں...

اور اسکو ناشتہ نکال نکال کر دینے لگئیں ... جسے وہ پر سکون ہو کر کہا رہا تھا مگر حقیقتاً اسکا دل اداس تھا ..وجہ شاید اسے خود بھی معلوم نہیں تھی ..یہ پھر وہ اس وجہ سے آنکھیں چرا رہا تھا...

حرم کو ڈانٹنا۔۔۔ اسے اب بلکل اچھا نہیں لگتا تھا ..مگر وہ چاہ کر بھی خود کو نارمل رکھ کر اسے ٹریٹ نہیں کر پا رہا تھا۔۔۔

شاہ میر۔۔۔ کس بات پر اداس ہو "اماں نے۔۔۔ اسکو غور سے دیکھا۔۔۔

تو اسنے انکی جانب دیکھا۔۔۔

آپکو ایسا کیوں لگ رہا ہے میں اداس ہوں "اسنے لاپرواہی سے پوچھا۔۔۔

جانتے ہوں۔۔۔ تمھارا میرا دکھ ہمیشہ سے ایک جیسا رہا۔۔۔ ہے۔

اور تمھاری اور میری کمزوری بھی ایک شخص رہا ہے "وہ پھیکا سا مسکرا دیں جبکہ شاہ میر بات سمجھتے ہوئے کھانا چھوڑ چکا تھا..

یہ آپ بلکل غلط بات کر رہیں ہیں"وہ ناگواری سے بولا۔۔۔ کیونکہ وہ کبھی اس بات کو ایکسیپٹ نہیں کرنا چاہتا تھا کہ اسے اپنے باپ سے۔۔۔ دلی لگاو تھا ہے۔۔۔ وہ ان سے اس حد تک محبت کرتا تھا ..کہ ہر۔۔۔ زندگی کے موڑ پر وہ لاشعوری طور پر انکا منتظر رہا ہے۔۔۔..

۔۔۔حقیقت کو کب تک جھٹلاو گے

جانتے ہو تم۔۔۔ دو لوگوں سے مل کر بنے ہو۔۔۔ میں نے کبھی شہروز میں ..یہ بات نہیں دیکھی۔۔۔ ..جو مجھے تم میں نظر آتی ہے۔۔۔ وہ لاپرواہی ہے جزباتی ہے ..مگر ..تم بظاہر بلکل اپنے باپ جیسے ہو۔۔۔ اسطرح بلکل جس طرح میں ..۔۔۔نے اسے دیکھا

..۔۔۔خوبصورت .. حسین۔۔۔۔۔۔ غصیلہ۔۔۔ ..بلکل ویسے ہو

مگر اندر سے تم مجھ پر گئے ہو۔۔۔ ایک حساس۔۔۔ دل۔۔۔ جس میں محبت کی دو ..۔۔۔بوند گیرنے کی چاہ ہے

جانتے ہو ..میں نے تم سے ..بہت محبت کی۔۔۔ مگر میری محبت عجیب تھی ..کہ میں تمھیں دنیا کی دھوپ چھاو۔۔۔ سے بچا نہ سکی۔۔۔ چھا کر بھی "انکی آنکھوں ۔۔۔سے آنسو ٹوٹے ..جبکہ شاہ میر کو۔۔۔ اس وقت اپنا کھانا کھانا حرام ہی لگا ۔۔۔یہ سب حقیقتیں اسکے لیے ناقابل برداشت تھیں

چھا کر بھی اپنے پلو۔۔۔ کی نرمی۔۔۔ تمھارے چہرے پر نہیں پھیر سکی۔۔۔ تمھیں ۔۔۔یہ احساس نہ دلا سکی ..کہ میں تمھارے ساتھ ہوں ..تم سے محبت کرتیں ہوں میں نے تمھیں ان احساسات .کو سمجھانے کے بجائے صرف اتنا سمجھایا ..کہ . تمھارے دو چھوٹے بہن بھائ ہیں۔۔۔ تم نے انکا پیٹ پالنا ہے۔۔۔ تم نے اپنی ماں کا سہارا بننا ہے۔۔۔..

.شاہ میر میں نے تمھارے اندر سے ..سب احساسات کو ختم کر دیا

.۔۔۔میں۔۔۔ .چاہ کر بھی تمھیں بچا نہیں سکی

.۔۔۔آج یہ سب ..آرام سکون ..آرائش۔۔۔ .یہ سب بعض اوقات کاٹتے ہیں مجھے جب تم ساری ساری رات ڈیوٹی پر ہوتے ہو۔۔۔ مجھے یہ سب سکون ڈنستا ہے ۔۔۔.

۔۔۔۔۔یہ آرام ..میرے بچے کی خواہشات ..اور احساسات کا خون کر کے ملا ہے

تمھارے اندر کا شاہ میر ... کہیں چھپ گیا ... تب ... مجھے مجھ خود غرض اور
".. ... میرے دونوں بچوں کو .. یہ سب ملا
..وہ بری طرح رو رہیں تھیں ..جبکہ ..شاہ میر ..کے اندر عجیب ٹوٹ پھوٹ تھی
... اسنے ایک گھیرہ سانس لیا ..اور اماں کے ہاتھ تھام لیے
آپ کو کیا ہو گیا ہے ... .یہ سب ... .ہمارا ہے ہم خوش ہیں ... اور یہ سب
"سے بڑی حقیقت ہے ... اور کوئ حقیقت نہیں جو گزر گیا ..اسے بھول جائیں
... اسنے پیار سے انکی جانب دیکھا
میں بھول جاو ... سب بھول جائیں مگر میں جانتی ہوں .. تم یہ باتیں وہ گزرے
لمحے کبھی نہیں بھولے گے ... تمھارے اندر کی یہ سرد مہری ..کیا مجھے دکھ نہیں
"رہی ... تمھیں سکون وہ ہی شخص ... دے

بس کریں پلیز۔۔۔ ..مجھے نفرت ہے اس آدمی سے نفرت نفرت نفرت اس سے زیادہ نفرت تو ہو سکتی ہے مگر کم نفرت نہیں ہو سکتی۔۔۔ میری نفرت کا کوئ پیمانہ نہیں۔۔۔ .بس

جو آپکے تجزے ہیں سب غلط ہیں۔۔۔ "وہ بولا تو ..اسکی آواز بلند تھی جیسے ..وہ .. ..ساری آوازوں کو دبا دینا چاہتا تھا

۔۔۔لالا "شہروز کی پکار پر اسنے پلٹ کر دیکھا

شاید وہ ابھی ابھی آیا ..تھا ..اور اسکی توجہ ..اس جانب نہیں تھی ..وہ حیران و ..پریشان ..اس لیٹر کی جانب دیکھ رہا تھا

وٹ ہیپینڈ۔۔۔ "شاہ میر نے ایک بار اپنے اندر کے ابال کو سب سے چھپا لیا تھا ..اور شہروز کی جانب لپکا

..جبکہ اماں بھی۔۔۔ آنسو پوچھتی اٹھیں

۔۔۔لالا یہ سب "..شہروز سے کچھ بولا نہیں گیا

اسے سمجھ نہیں آیا یہ ٹرمینٹ لیٹر ... شاہ میر کو کیسے ..دیکھئے ..شاہ میر نے ...اسکے ہاتھ سے لیٹر ..چھینا

اور جیسے جیسے وہ اس لیٹر کو پڑھتا گیا ..ویسے ویسے ... اسکے قدموں سے زمین کھیسکتی گئ .....

...اسے ایک پرسنٹ بھی اس لیٹر کی امید نہیں تھی .....

...ایک بار وہ پھر وہیں جا کر کھڑا ہو چکا تھا .....

...جہاں سے یہ سفر شروع ہوا تھا .....

...کیا ہوا ہے .. تم دونوں ایسے کیوں کھڑے ہو "اماں کو پریشانی ہوئ

شہروز نے آہستگی سے انھیں بتایا ..تو وہ دل تھا .کر رہ گئیں ..جبکہ ... شاہ میر ...اب تک اپنی جگہ ساکت تھا .....

Once again"

.اسکے لب پھڑپھڑائے ..اور اسنے لیٹر کو فولڈ کر ..کے اپنی پوکٹ میں رکھ لیا

اٹس اوکے میں دیکھ لوں گا۔۔۔ پریشانی کی بات نہیں ہے"اسنے اپنی آواز ہی کسی کھائ سے آتی محسوس ہو رہی تھی۔۔۔

نہیں شاہ میر۔۔۔ .ادھر دیکھو ..کیسے ہوا ہے یہ سب ٹھیک جا رہا تھا پھر یہ لیٹر کیوں "انھوں نے روتے ہوے ..اسکا چہرہ تھامہ۔۔۔

شاہ میر کو آج اپنے ضبط کی آخری حد کا انداز ہو رہا تھا۔۔۔

اماں ..کچھ بھی نہیں ہوا۔۔۔ آپ۔۔۔ فکر مت کریں۔۔۔ بلکل بھی میں سب دیکھ لوں گا۔۔۔ "اسنے پیار سے ..انکے آنسو صاف کیے۔۔۔ جبکہ اماں اب بھی نفی میں سر ہلا رہا تھیں۔۔۔.

شہروز اب بھی خاموش کھڑا تھا۔۔۔

جبکہ اسی دوران شاہ میر کا سیل بجنے لگا ..اسنے صفدر کا نمبر دیکھا اور شہروز کو غصے سے گھورا تو وہ ہڑبڑاتا ہوا۔۔۔ اماں کی جانب بڑھا جن کی طبعیت خراب ہونے لگی .. تھی..

ہاں بولو صفدر" ..اسنے اپنے چہرے پر آیے پسینے کو ایک ہاتھ سے پوچھا اور صفدر ..سے پوچھا

...سر ..شاہ پیلس پر ریٹ پڑی ہے "صفدر کی آواز بھی پریشان تھی

جانتا ہوں تم صرف حرم کو وہاں سے غائب کرو ..حرم انکے ہاتھ نہ لگے ... باقی ....میں خود دیکھ لوں گا "اسنے کہا ..اور صوفے پر ..گیرتی اپنی ماں کو ..دیکھا

....جبکہ شہروز کچن میں پانی لینے دوڑا تھا ..وہ ایک قدم بڑھا کر انکے نزدیک ہوا

...سر وہ لیٹر "..صفدر نے سوال کیا

..صفدر جو تم سے کہا ہے وہ کرو "شاہ میر غرایا اور فون بند کر دیا

..اماں ... " .اسنے انکا چ ہی رہ تھپتھپایا ..جو مسلسل

"...میرا شاہ میر ..میرا بچہ ... کہے جا رہی تھیں

وہ انکے پاس سے اٹھا ..اس وقت اسے کچھ سمجھ نہیں آ رہا تھا

...چارو جانب جیسا اندھیری چھا گیا تھا

...تکلیف تو اس بات کی بھی تھی ..کہ ..آفیسرز اسکی کارکردگی سے واقف تھے

....پھر صرف ایک انسان کی سفارش پر اسے ٹرمینٹ کر دیا گیا

اپنے وجود میں اترتی کمزوری کو وہ خود پر ہاوی نہیں کرنا چاہتا تھا ..مگر یہ کمزوری اسے چارو جانب سے ..گھیر رہی تھی

شہروز... اماں کو پانی پیلا رہا تھا... جبکہ اماں... شاہ میر شاہ میر کیے جا رہیں تھیں ..وہ الٹے قدموں سے وہاں سے نکلا ...

..حرم "ایک خیال دماغ میں کندا... جس نے اسکے وجود میں بجلی بھر دی

اور وہ دوڑتا ہوا ..اپنی گاڑی میں بیٹھا ..اور شاہ پیلس کی جانب بڑھ گیا ..اسکی گاڑی کی سپیڈ ..ڈید سو کراس کر چکی تھی...

.....

حرم شاہ میر کے جانے کے بعد ..کافی زیادہ روی جس سے ..اسکا چہرہ ..بلکل سرخ ہو چکا کا تھا... اندر ہی اندر اسے اماں سے تھوڑی سی جلن بھی ہو رہی تھی ..جن کے ایک حکم پر وہ اسے چھوڑ گیا تھا...

...اسنے اپنے آنسو صاف کیے

...اور واشروم میں فریش ہونے چلی گئ

...فریش ہونے کے بعد ہو بہت ہلکا پھلکا محسوس کر رہی تھی

...جبکہ سکینہ نے اسی دوران ... دروازہ بجا دیا

بی بی جی ناشتہ کر لیں"اسنے کہا تو حرم نے اثبات میں سر ہلایا

...اور اسکو جانے کے لیے کہا

...اسکے جانے کے بعد وہ ..شاہ میر کے پرفیوم دیکھنے لگی

ناجانے وہ کون سا پرفیوم لگاتا تھا کہ ۔۔۔ .اسکے اندر سے ..اتنی مہک آتی تھی ..کہ حرم ..اسکی خوشبو۔۔۔ سے ہی بے حد متاثر ہوگئ تھی ..اسکی سمیل۔۔۔ .بہت اچھی تھی۔۔۔

.مگر وہ صرف اسکے لیے نہیں تھی۔۔۔

اسنے منہ بنا کر ..سارے پرفیومز کو . سمیل کیا مگر شاہ میر کے وجود سے اٹھتی خوشبو ان میں سے کوئ نہیں تھی ..مگر یہ سب پرفیوم اسی کے تھے .. تبھی اسنے ایک ایک کر کے وہ سارے پرفیوم۔۔۔ لگا لیے۔۔۔

اور بالوں کو۔۔۔ ایسے ہی کھلا چھوڑ کر ..چھوٹے سے کیچر میں قید کر کے۔۔۔ وہ نیچے ناشتہ ..کرنے آی۔۔۔

ہی تھی۔۔۔ کہ اچانک ہی اسے باہر سے آوازیں آنے لگیں ..جبکہ گمان ملازم لاونج میں اسکے گرد جمع ہو چکے تھے۔۔۔

وہ حیرت سے سب کو دیکھ رہی تھی۔۔۔

...جبکہ سب چیمگویاں کر رہے تھے

...کیا ہوا ہے سکینہ "اسنے سکینہ سے پوچھا اسکا چھوٹا سا دل بہت کانپ رہا تھا

..بی بی ریٹ پڑی ہے شاہ پیلس پر "سکینہ فق چہرے لیے بولی تو حرم کو ہنسی آگئ ہاو انٹرسٹینگ میر نے خود ہی پیلس پر ریٹ ڈال دی "وہ چئیر کھینچ کر بیٹھنے ہی لگی تھی کہ... سکینہ باہر کی جانب دوڑ گئ ..اسے کچھ ٹھیک نہ لگا تو وہ بھی باہر آ ..گئ

...پولیس ہارن... اور ..صدر دروازہ بری طرح پیٹا جا رہا تھا

...اب حقیقت میں اسکی جان ہوا ہو رہی تھی

...سارے ملازم... نہ جانے کس راستے پر دوڑ رہے تھے

شاید وہ دوسری طرف سے باہر نکل رہے تھے ..مگر وہ ..وہ سکینہ کو تلاش کرنا چاہتی تھی... مگر سکینہ بھی غائب تھی اور ایک ایک کر کے تمام ملازم اسکی

نظروں سے غائب ہو گئے جبکہ اب ۔۔۔ باہر ایک دو فائر چلا تو ۔۔ حرم کی چیخیں نکل گئیں۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سر باہر بہت پولیس ہے ۔۔اور اب تک واچمین نے گیٹ نہیں کھولا ہے جبکہ حرم میڈیم ابھی گھر کے اندر ہیں اور ملازموں کو ۔۔آپکے حکم سے ۔۔۔ دوسرے راستے سے نکال دیا ہے ۔۔۔ "صفدر ۔۔۔ نے شاہ میر کو اطلاع دی ۔۔۔ تو شاہ میر کا دماغ گھوم گیا۔۔۔

کیا بکواس کر رہے ہو ۔۔ حرم تک نہیں پہنچے ابھی تم "اسنے گاڑی کی سپیڈ مزید بڑھا لی۔۔۔

"سوری سر ۔۔مگر ۔میں کوشش کر رہا ہوں

باسٹرڈ ۔۔۔ "وہ غصے سے دھاڑا اور فون بند کر ۔۔کے اسنے ۔۔شاہ پیلس کا نمبر ڈائل کیا۔۔۔۔

.....

فائر کی آواز کے ساتھ ..اب سپیکر میں کسی کے بولنے کی آوازیں بھی آ رہیں تھیں جبکہ شور ہنگامہ سن کر اسکا وجود پتے کیطرح کانپنے لاگ تھا ..اور اسی دوران فون کی ...بیل بجی تو ..وہ ایکدم خوف سے اچھل پڑی ..اور ڈرتے ہوئے ..فون تک پہنچی

.

..جیسے ہی اسنے ..سپیکر اٹھایا

...حرم..." ..شاہ میر کی آواز سنتے ہی حرم ..بچوں کیطرح رو دی

"میر..... میر مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے

" حرم... .میری جان... تمھیں کچھ نہیں ہو گا... .بس ایک کام کرو ..شاباش ....نہیں میر... میں میں... کچھ آپ کہاں ہیں ..یہاں پولیس کیوں آئ ہے گولیاں چل رہیں ہیں "وہ حرم نے روتے ہوئے، سے کہا ..تو... شاہ میر نے سٹیرنگ پر گرفت سخت کر لی... جبکہ شاہ پیلس سے کچھ فاصلے پر گاڑی کھڑی کر

کے اسنے رضا آبان اور فیضان ..کو اپنے گھر کے دروازے پر پولیس ..کمشنر کے ساتھ دیکھا..

...اسکے دماغ کی رگیں جیسے پھٹنے کے قریب تھیں

حرم ... ..میں تمھارے بہت قریب ... ہوں ... پہنچ جاو مجھ تک "نہ جانے کس انداز میں ... وہ اسے یہ بات کہ رہا تھا ..حرم ..نے سپیکر پر خوف سے گرفت اور مظبوط کر لی ... جبکہ ..باہر کا دروازہ اب ..جیسے ..کھولا جا رہا تھا....

میر ... "حرم بری طرح رو دی .. تبھی اسکا ..صفدر نے ... ہاتھ پکڑا ..اسنے صفدر کیطرف دیکھا..

چلیں میڈم "صفدر نے کہا ... تو ..حرم بغیر یہ دیکھے کہ مین گیٹ سے اندر داخل ہونے والا ... شخص کون ہے....

صفدر کے ساتھ ہو لی جبکہ ۔۔۔ رضا آبان اور فیضان ..پولیس اور کمشنر کے ساتھ گھر ۔۔۔کے اندر داخل ہو چکے تھے ۔۔۔ ..شاید حرم انکی جانب ایک نظر دیکھ لیتی تو ۔۔۔صفدر کے ساتھ کبھی نہ جاتی

۔۔۔..

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔..

صفدر اسے پچھلے راستے سے نکال کر ..شاہ میر کی گاڑی تک لایا ..جو پہلے ہی پچھلے ۔۔۔راستے ۔۔۔ پہنچ چکا تھا

..حرم اسکے سامنے تھی

۔۔۔اب وہ یہ سب ۔۔۔ بہت سہلوت سے ہل کر سکتا تھا

اسکا دل جیسے ... پرسکون ..ہو چکا تھا... شاہ میر کو اپنے مقابل دیکھ کر .. حرم جلدی سے گاڑی میں بیٹھی اور شاہ میر کے سینے سے چیپک کر بری طرح ..رو دی ....

جبکہ شاہ میر نے صفدر کو ایک نظر دیکھا جو اپنی نظریں چرا ..کر وہاں سے ہٹ چکا تھا...

اب صفدر اپنی گاڑی میں شاہ پیلس ..کو یوں ہی ..ان سب کے حولے کیے ..اپنی گاڑی میں نکلا جبکہ ..شاہ میر نے بھی حرم کو ..ایسے ہی سینے سے لگائے ..گاڑی کچے .علاقے کیطرف اتار ..لی ...

حرم اب بھی اسکے سینے سے لگی رو رہی تھی ..جبکہ ..اسکا ہاتھ حرم کی پشت پر ..آہستہ آہستہ سے چل رہا تھا

حرم کا رونا اب سسکنے میں بدل چکا تھا جبکہ شاہ میر شاہ پیلس سے کافی دور گاڑی نکال لایا تھا..اسنے ایک حرے بھرے کھیت کے قریب گاڑی روکی ..اور حرم ..کو خود سے دور کف کے ..وہ دروازہ کھول کر گاڑی سے باہر نکلا. حرم اسی کی جانب دیکھ رہی تھی جو دوسری طرف سے ..گھوم کر ..اسکیطرف آیا ..اور دروازہ کھول کر حرم کو بانہوں میں بھر کر ..اسنے پچھلی سیٹ ہر حرم کو بیٹھایا..اور خود بھی اسکے ساتھ بیٹھ گیا

دوپہر کے وقت اس ..سائیڈ پر ..ایک بندہ بھی دیکھائ نہیں دے رہا تھا ..جبکہ حرے بھرے کھیتوں کی ٹھنڈک نے ساری روڈ کو ٹھنڈا کیا ہوا تھا

حرم نے شاہ میر کیطرف دیکھا..جبکہ شاہ میر بھی حرم کی جانب دیکھ رہا تھا ..مجھے بہت ڈر لگ گیا تھا ..میر ..مجھے لگا میرا دل بند ہو جائے گا "وہ بولی تو ایک بار پھر سے پلکیں نم اور آنکھوں میں اشک تھے

کیا تمھیں لگتا ہے ... میر تمھیں ایسے ہی چھوڑ دیتا... کیا گم میر کی قید میں نہیں تھی" شاہ میر نے اسکی پیشانی کا بوسہ لیا ..اور اسکو سینے میں جکڑ لیا ...

میر پولیس کیوں آئ تھی ..آپ لائے تھے نہ مجھے ڈرانے کے لیے" اسکی شرٹ کے بٹن سے کھیلتے ہوئے وہ بولی تو شاہ میر کو حرم ... کچھ ریلکس لگی ...

...میں کیوں اپنے گھر پولیس لاتا" شاہ میر کو وہ آج واقعی کم عقل لگی .

وہ اسکے بالوں سے کھیلتے ہوئے ... اس وقت صرف خود بھی ریلکس ہونا چاہتا تھا تاکہ اگلے اقدام سوچ سمجھ کر اٹھا سکے ..مگر ایک خوشی بھی تھی کہ ..رضا کو ... کچھ نہیں ملا سب کچھ کرنے کے بعد بھی ..کیونکہ اگر آج حرم راضا کو مل جاتی تو شاید شاہ میر حرم کو وہیں شوٹ کر دیتا ...

کچھ بھی تھا ...

وہ حرم کو کبھی بھی ان لوگوں کے حوالے نہ کرتا ..وہ اس انسان کو ایسے ہی تڑپانا چاہتا تھا ...

...تو پھر پولیس کیا کرنے آئ تھی "حرم ..نے آنکھیں اٹھا کر اسکو دیکھا

تمھیں لینے آئ تھی "..اسنے مسکراہٹ دبا کر کہا تو حرم ... حیرت سے اسکی

..جانب دیکھنے لگی

اگر تم میرے ساتھ رہو گی تو پولیس نہیں لے جائے گی اور اگر ..تم نے میرے

پاس سے بھاگنے کی کوشش کی تو ..پولیس تمھیں لے جائے گی ... "شاہ میر نے

..اسے اچھا خاصا ڈرایا تو... وہ خاموش ہو گئ

...البتہ اسکی پکڑ اسکی شرٹ ہر سخت ہوئ تھی

اب بھاگنے کا سوچو گی "شاہ میر نے اسکے گالوں پر انگلیاں چلاتے ہوئے ..پوچھا

...

...تو حرم نے معصومیت سے سر نفی مین ہلا دیا

....جبکہ شاہ میر کو پہلی بار وہ اچھی لگی

...اسنے ..اسکی ٹھوڑی ..کے نیچے انگلی رکھ کر

...حرم کا چہرہ اوپر کیا

حرم شاہ میر کی آنکھوں میں دیکھنے لگی۔۔۔ جبکہ شاہ میر نے ..اسکی کمر میں ہاتھ ڈال ..کر اسے مزید اپنے قریب کر لیا۔۔۔

آپ بہت وہ ہیں"حرم۔۔۔ .اس سے فاصلہ بنانا چاہتی تھی۔۔۔ مگر شاہ میر کو کچھ سجاہی نہیں دے رہا تھا..

شاہ میر۔۔۔ ہم گاڑی میں ہیں "حرم پھر سے بولی جبکہ شاہ میر اسپر جھک رہا تھا ۔۔۔

..می۔۔۔ میررر "شاہ میر نے اسکی بغیر سنے اسکے لفظوں کو اپنے لبوں پر چن لیا جبکہ اسکے عمل میں جتنی شدت تھی کہ حرم۔۔۔ اسکے جنون کے آگے۔۔۔ .خود کو بکھرتی ہوئ محسوس کرنے لگی۔۔۔

۔۔۔جبکہ شاہ میر۔۔۔ اپنے اندر کی ہلکی سی جھلک اسے ..دیکھا رہا تھا

.....

پولیس اہلکاروں سمیت رضا اور آبان اندر آئے تو ..چارو طرف پولیس پھیل گئ ..جبکہ گھر کی تلاشی لی جانے لگی...

مگر چند ہی منٹوں میں انھیں معلوم ہو گیا کہ یہاں کوئ بھی نہیں ہے...

کمشنر صاحب سمیت اب رضا آبان .. خود پورے گھر کی تلاشی لینے لگے مگر انھیں نہ وہاں کوئ ملنا تھا اور نہ ہی کوئ ملا ..تو آبان ہاتھ پر مکہ مار کر رہ گیا...

میری اطلاع غلط نہیں ہو سکتی "آبان غصے سے بولا تو کمشنر صاحب نے اسے کڑے تیوروں سے گھورا..

مسٹر آبان آپ کو کیا لگتا ہے ہم فارغ ہیں ..جو آپکے نے پولیس کو مزاق بنا لیا ہے ...کمشنر صاحب کا غصہ دیکھ کر رضا بھی خاموش ہو گئے "...

سر یہ نا ممکن ہے میری اطلاع کے مطابق اسنے حرم کو ادھر ہی چھپا رکھا تھا ..اور یہاں محسوس بھی ہو رہا ہے ..کہ یہاں پر لوگ تھے "اسنے چیزوں اور ناشتے کی میز کو فوکس کرتے ہوئے کہا..

مسٹر آبان ۔۔۔ کسی کے گھر پر ریڈ ڈالنا وہ بھی بنا کسی قصور کے جانتے بھی ہیں آپ کیا بن سکتا ہے الٹا پولیس والے پکڑے جائیں ..اور شاہ میر کو میں اچھے سے جانتا ہوں ۔۔۔ وہ اپنے ملازموں تک کو پروٹیکٹ کرتا ہے ..

اور اسے اچھے سے معلوم ہو گا یہاں یہ سب ہونے والا ہے ..مگر یہ سب باتیں الگ مجھے افسوس ہے کہ میں نے آپ لوگوں کی باتوں میں آکر ایک اچھے خاصے آفیسر کو ٹرمینٹ لیٹر بھیجا۔۔۔" وہ غصے سے بھنا رہے تھے جبکہ آبان اس چالاک انسان ..کا خیالوں میں ہی گلہ دبا چکا تھا کیونکہ حقیقت میں تو یہ نا ممکن تھا ہی ۔۔۔

رضا صاحب ۔۔۔ اب یہ کام آپ پولیس پر چھوڑ دیں وہ انھیں خود ہی ..ڈھونڈ لے گی ..بلکہ ..یہ کیس اب ..میں خود شاہ میر کے حوالے کروں گا ..اور امید رکھتا ہوں اگلی بار آپ لوگ ہمارا وقت ضائع نہیں کریں گے "

انھوں نے کہا اور وہاں سے سب کو لے کر نکلے جبکہ آبان اور رضا .. بھی باہر نکلے جہاں فیضان منتظر نظروں سے انھیں دیکھ رہا تھا مگر حرم ان کے ساتھ نہیں تھی رضا صاحب کے شانے وقت کے ساتھ ساتھ ڈھلتے جا رہے تھے

.....

شاہ میر نہ چاہتے ہوئے بھی حرم کو گھر لے آیا... وہ نہیں جانتا تھا اسوقت اسنے ...اماں کو کیا کہنا ہے

...مگر قسمت نے شاید اسے فل وقت ان سوالوں سے بچا لیا تھا

وہ رات گئے گھر میں داخل ہوا ..تھا... حرم ..اسکے ساتھ چپکتی جا رہی تھی جبکہ آج شاہ میر کو حرم کا کوئ بھی انداز برا نہیں لگ رہا تھا... وہ حرم کے گرد بازوں پھیلا کر اسے ..اندر لایا تو لاونج میں کوئ نہیں تھا ..اسنے شکر ادا کیا ..کہ وہ بچ گیا ...

..کم از کم اس وقت کے سوالوں سے

اور وہ ڈائرکٹ حرم کو اپنے روم میں لے آیا ..اور دروازہ بند کر دیا ..جبکہ حرم اتنا بڑا ..کمرہ دیکھ کر ..حیران تھی ..یہ کمرہ شاہ پیلس کے کمرے سے زیادہ خوبصورت تھا اور سب سے خوبصورت بات یہ تھی کہ اس میں میرر وال پر شاہ میر کی پوری وال ....جتنی تصویر بنی ہوئ تھی جو اس کمرے کی خوبصورتی میں چار چاند لگا رہی تھی

یہ بہت خوبصورت ہے "حرم نے ہر چیز کو اشتیاق سے دیکھتے ہوئے کہا جبکہ شاہ ...میر اسی کی جانب دروازے سے ٹیک لگائے دیکھ رہا تھا

یہ احساس ہی اسکے لیے خوش آئند تھا کہ حرم اسکے پاس تھی جبکہ رضا خالی ہاتھ تھا ...

اور یہ تو بہت ہی خوبصورت ہے "وہ شاہ میر کے سحر میں جکڑی ..میرر وال پر موجود اسکے چہرے کو چھونے لگی ..اور ہاتھ اسکے لبوں پر جا کر ٹک گئے وہ ایک ....ٹک ..شاہ میر کی تصویر کو جبکہ شاہ میر اسے دیکھ رہا تھا

اور پھر دو چار قدم چل کر اموہ اسکے نزدیک آیا... حرم کو اپنی حرکت پر شرمندگی ...ہوئ .. تبھی وہ جھجھک کر دور ہونے لگی ..کہ شاہ میر نے وہیں اسکا ہاتھ پکڑ لیا

اس چہرے پر سب سے زیادہ تمھیں کیا چیز اچھی لگی "اب وہ بھی اپنی تصویر کو دیکھ رہا تھا..جبکہ حرم کے ہاتھ کانپنے لگے...

کیونکہ شاہ میر اسکے ساتھ بلکل چپکا کھڑا تھا...

کیا یہ آنکھیں "اسنے حرم کی انگلی اپنی تصویر میں موجود آنکھوں پر رکھی حرم سے کچھ بھی بولا نہ گیا...

یا یہ ہونٹ "وہ اسکے کان پر جھک کر دھیمی آواز میں بولا... تو حرم کو اسکی گرم سانسوں سے آج شدید گھبراہٹ ہوئ...

بولو نہ حرم... "شاہ میر نے اسکی گردن پر سے بال..ہٹائے... اور اسکی نازک گردن پر ستم ڈھانے لگا..جبکہ حرم... پتے کی مانند کانپتی رہ گئ...

کیا میں تمھیں اچھا نہیں لگتا حرم "وہ ایک جھٹکے سے اسکا رخ اپنی جانب کر کے پوچھنے لگا..جبکہ حرم کے دونوں بازو اب شاہ میر کی گرفت میں تھے اور وہ ایک

جنون کی کیفیت میں پوچھ رہا تھا ..جبکہ دونوں کے چہرے ایک دوسرے کے بہت قریب تھا..

..میر ... "حرم کو وہ بہت الگ لگ رہا تھا اسوقت ..اسے خوف آنے لگا

کیوں حرم کیا تمھیں مجھ سے پیار نہیں "وہ اسکو دیوار سے لگاتے ہوئے بولا... اسکے عمل میں شدت تھی ....

حرم کی آنکھیں بھیگ گئ وہ اسکا جنون برداشت کرنے کے بلکل بھی قابل نہیں تھی...

...ہاں ہاں... میں کرتی ہوں میر سے پیار... ب... بہت... ز..زیادہ پیار ...م..مگر "وہ سسکتی ہوئ بولی تو ..شاہ میر کے دل پر ایک ٹھنڈی پھوار پڑ گئ

مگر... .حرم میں کبھی بھی تمھیں رضا کے پاس نہیں جانے دوں گا "وہ اسکے گلابی ہونٹوں کو دیکھتے ہوئے بولا...

...تو حرم کو بری طرح رونا آیا

...وعدہ کرو... "اچانک ہی شاہ میر نے اسکی کلائ تھام لی

وعدہ کرو حرم مجھے چھوڑ کر نہیں جاو گی ..یقین مانو میں تمھیں... پھولوں کیطرح

...سجا کر رکھو گا" ..وہ بولا ..تو لہجہ عجیب ٹوٹ پھوٹ کا شکار تھا

...میر... میں"وہ سسکی

نہیں حرم مجھے وہ ہی سننا ہے ..جیسے سننے کے لیے میرے کان ترس چکے ہیں

...وہ اسکے نزدیک ہوتا ہوا بولا" ...

جبکہ حرم ..اسکی سرخ آنکھوں میں اپنی آنسو بھری آنکھیں ڈالے ..اسکو سمجھنا چاہ

...تھی تھی مگر یہ انسان اسکی سمجھ میں نہیں آ رہا تھا

...آخر ..وہ پل میں ایسا ..اور پل میں ..اتنا ..کڑوا کیوں ہو جاتا تھا

...حرم نے آنسو صاف کیے اور شاہ میر... کا چہرہ تھام لیا

...میر..." .شاہ میر نے اسکی طرف دیکھا

میر .. می آپ سے محبت کرتی ہوں ... آپ سے وعدہ کرتی ہوں آپکو چھوڑ کر کبھی نہیں جاو گی ....

مگر ... .. میر آپ مجھ سے پیار نہیں کرتے "حرم ... کی آواز بھرا گئ .. جبکہ شاہ میر جیسے ... چونک سا گیا ... جیسے اسے کسی نے جھنجھوڑ کر جگایا تھا .... جبکہ حرم ... رونے لگی تھی

شاہ میر .. ایک بار پھر اپنے خول میں بند ہو آ .. اور حرم کو .. سینے سے لگا .. کر اسے چپ کرانے لگا ...

تمھیں بھوک لگی ہے ... "شاہ میر نے پوچھا تو حرم اسے دیکھ کر رہ گئ .. یعنی یہ حقیقت تھی ... اور اسنے اسے اس کا جواب دینا بھی ضروری نہیں سمجھا تھا ...

نہیں ہم نے ڈنر کیا تھا "وہ اپنے آنسو صاف کرتی اداس دل سے .. کہہ کر اسکے پاس سے ہٹ گئ ...

...تم... چینج کر لو" ..شاہ میر نے ..اسکی اداسی محسوس کر لی تھی

..جی "وہ بولا... تو حرم... نے اسکی جانب دیکھا

مگر میرے پاس کپڑے نہیں "اسنے الجھ کر دیکھا تو ..شاہ میر اپنی وارڈ روپ کیطرف بڑھا ..اور... اپنی ٹی شرٹ ..اور جینز اسکے حوالے کی جیسے حرم عجیب نظروں سے ..دیکھنے لگی

جاو چینج کر لو "اسنے اسکے گالوں ..کو پیار سے چھوا ..تو حرم ڈریسنگ روم میں طلی ...گئ ..جبکہ شاہ میر بھی پیچھے سے اپنے کپڑے لے کر ..واشروم میں چلا گیا

حرم جب باہر آئ ..تو شاہ میر الریڈی بیڈ پر بیٹھا ..تھا ..جبکہ حرم کو اپنے حولیے کا بلکل بھی انداز نہ ہوآ ..وہ نازک سی شاہ میر کی شرٹ ..میں... کافی مزاہیہ لگ ..رہی تھی جبکہ جینز... کافی لمبی تھی ..حرم جلدی سے ..بیڈ پر بیٹھی ..تو شاہ میر ...ٹی شرٹ کے گلے سے نکلتے اسکے شالڈر سے نظریں چرانے لگا

سو جاو حرم "شاہ میر نے کہا ..اسکے جزبات اسوقت کافی تیزی سے بدل رہے تھے جبکہ حرم اسکی بدلتی کیفیت سے انجان ... کمبل اڑھ کرلیٹ چکی تھی ... ..شاہ میر بھی اسکے ساتھ ..اسی کمبل میں لیاٹ .. حرم ..اسکا چہرہ دیکھنے لگی جبکہ شاہ میر نے ..اسکی آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر ..اسکا سر اپنے بازو پر رکھا ..اور اسکو خود میں بھینچ کر سونے کی کوشش کرنے لگا ..

.....

شہروز شاہ میر نہیں آیا ابھی تک گھر "اماں نے شہروز کی جانب دیکھا ..تو ..وہ انکو دوائ دینے لگا ...

وہ گھر ہر ہیں انکے روم کا دروازہ لوک ہے "..اسنے بتایا تو ..اماں کی آنکھیں بھیگ گیئں

..میرا بچہ ... "وہ ایک بار پھر غمگین ہو رہیں تھیں

پلیز اماں سب ٹھیک ہو جایے گا آپ جانتی ہیں لالا بہت سٹرونگ ہیں وہ سب خود مینیج کر لیں گے"

..شہروز نے انھیں تسلی دی

..یہ ہی تو بات ہے وہ سب خود کرتا ہے "اماں نے کہا تو شہروز خاموش ہو گیا

جاو اٹھاو اسے پتا نہیں کچھ کھایا بھی ہے یہ نہیں"اماں نے شہروز کو کہا تو وہ سر ہلاتا ..شاہ میر کے کمرے کی جانب چل دیا...

اسنے دروازہ نوک کیا تو... شاہ میر پہلی ہی دستک پر جاگ گیا...

ہاں بولو"اسنے آواز دی تو... حرم بھی کسمسا کر اٹھی ..اور... شاہ میر کیطرف دیکھتے ہوئے وہ جھٹکا کھا کر اٹھی...

اسے ڈر لگ رہا تھا...

لالا کافی دیر ہو گی ہے آٹھ جائیں "شہروز نے کہا تو شاہ میر نے اوکے کہا...

..آتا ہوں تم جاو "اسنے کہا تو شہروز وہاں سے چل دیا جبکہ شاہ میر اپنی جگہ سے اٹھا

..مگر حرم نے اسکا ہاتھ تھام لیا

..اب کیا ہو گا "اسنے ڈرتے ہوئے پوچھا

کیا ہونا ہے ... تم ڈریسپ ہو... پھر چلیں گے "وہ بولا تو حرم اسکے سکون پر

...حیران رہ گئ

...جبکہ شاہ میر اسکے گال تھپتھپا کر ..واشروم کی جانب چل دیا

...جب وہ باہر آیا حرم ویسے ہی بیٹھی تھی ..جبکہ شاہ میر کا فون بج رہا تھا

کمشنر صاحب کی کال دیکھ کر... اسنے کال پیک کی ..اسے انداز تھا یہ کال ضرور

آئے گی

..یس "اسنے بس اتنا کہا

..شاہ میر پولیس سٹیشن ..کب آ رہے ہو "انھوں نے سوال کیا

سر میں ٹرمینٹ ہو چکا ہوں"اسنے جیسے انھیں جتایا ..تو کمشنر صاحب ..کو افسوس ہوا اپنی حرکت پر..

کیا مجھے تم سے معافی مانگنی چاہیے "انھوں نے کافی بڑی بات کر دی تھی جبکہ شاہ میر خاموش رہ گیا....

وہ کچھ نہیں بولا ..جبکہ مقابل بیٹھی حرم کو شرارت سوجھ رہی تھی اسکا اتنا سنجیدہ چہرہ دیکھ کر...

وہ اپنی جگہ سے اٹھی ..اور ..شاہ میر... کے قدتک پہنچنے میں ویسے اسے کافی دقت ہوئ تھی مگر اپنا کام جاری رکھتے ہوئے اسنے ..شاہ میر کے کان میں اپنے بالوں کی لٹ ..کو پھیرہ تو وہ ..چونک کر ہوش میں آیا...

اسنے ھرم کو دیکھا ..جس کی بتیسی باہر آ چکی تھی..

نہیں سر اسکی ضرورت نہیں میں پہنچ جاتا ہوں"شاہ میر نے کمشنر صاحب کو جواب دیا جبکہ حرم .. مسلسل اسے ٹیز کیے جا رہی تھی ..شاہ میر کی پلکوں ہر

پھونک مارتے ہوئے حرم کو بلکل احساس نہ ہوا ..کہ وہ اسکے کاندھے پر چڑھ رہی ہے...

ڈیٹس گریٹ "کمشنر صاحب کافی خوش تھے ..جبکہ شاہ میر نے کال کٹ کی ..اور حرم کو... بانہوں میں جکڑ لیا...

اگر تم اپنی نازک جان پر مجھے برداشت نہیں کرنا چاہتی تو ..تیر کیطرح سیدھی ہو جاو ورنہ تمھیں پتہ نہیں ابھی میرا "شاہ میر حرم کے گال پر کاٹتا ہوا بولا ..تو ...

..ھرم

..آآآکر کے رہ گئ

...بیوقوف "وہ اسے کہتا ..ڈریس کے سامنے چلا گیا جبکہ حرم واشروم میں

....

...شاہ میر نیچے آیا تو... اماں شانزے ..اور شہروز... ٹیبل پر ہی تھے

وہ تینوں شاہ میر ..کے ساتھ اترتی چھوٹی سی لڑکی جو شانزے کی عمر کی ہی تھی اسے دیکھ کر ہونق رہ گئے ..جبکہ شاہ میر ..کا چہرہ بلکل نارمل تھا ..جبکہ حرم گھبراہٹ کے مارے شاہ میر مین چھپنا چاہ رہی تھی اور شاہ میر اسے غصے سے گھور ..کر دیکھنے لگا

اب شاہ میر کے ساتھ سب ہی اسے گھور رہے تھے

.

...حرم کی جان ہوا ہونے لگی

..میں وہ "حرم ..کی آنکھیں بھیگ گئیں

...جبکہ اب بقائیدہ اسکا رونہ سٹارٹ ہو چکا تھا ..جبکہ

...خان ہاوس کی درو دیوار میں ..23 سال میں پہلی بار شاہ میر خان کا قہقہ گونجا ..شہروز کو بھی ہنسی آگئ ..جبکہ شانزے بھی ہنسنے لگی

..اور اماں ان سب کو گھور کر رہ گئیں

..کون ہے یہ اور یہ کیا حرکت تھی ..شرم آتی ہے تم سب کو "اماں غصے سے بولی

وہ شاہ میر کے ساتھ اسے اسکے روم سے اترتا ہوا دیکھ کر ..بہت کچھ سمجھ گئیں

...تھیں مگر انکے لیے یہ شاکڈ ہی کافی تھا ..کہ شاہ میر کسی لڑکی میں انٹرسٹیڈ ہے

اب آپکی بہو اتنی کم عقل ہے تو ہم کیا کر سکتے ہیں "شاہ میر سکون سے چیئر

..گھسیٹ کر بیٹھ گیا ..جبکہ حرم منہ بنا کر آنسو صاف کرنے لگی

..سچ لالا "شہروز اور شانزے چیخے تو..اسنے ان دونوں پر ایک گھوری ..ڈالی

"..آہستہ ... کیا ہو گیا

...مطلب آپ نے شادی کر لی ... "شہروز اور شانزے ایک ساتھ بولے

...تو "شاہ میر نے لاپرواہی سے کندھے اچکائے

..یار ... "شہروز ..ابھی کچھ بولتا ہی کہ اماں نے اسے ٹوک دیا

خاموش ہو جاو تم ..اور تم "اماں نے شاہ میر کے کان پکڑے ... تو حرم ... کو

...جیسے سکون سا ملا

..کیا تم پوری بات مجھے بتاو گے ..یہ ... میں تمھیں بتاو "انھوں نے غصے سے کہا

...تو شاہ میر نے پیار سے انکا ہاتھ پکڑ لیا

...سب بتا دیتا ہوں یار... ابھی اتنا سمجھ لیں

" یہ آپکی بہو ہے ... بس

اسنے کہا اور ناشتہ کرنے لگا... جبکہ اماں ..تو سر 5 ھان گئ ..جبکہ شہروز اور

..شانزے ..مارے خوشی کہ اپنی جگہ ہر بیٹھ ہی نہیں رہے تھے

میں دوبارہ جوئنگ دے رہا ہوں ..میری جاب کو کچھ نہیں ہوا "شاہ میر نے ایک

...اور خبر دی ..جس پر ..سب کی خوشی کا ٹھکانہ نہ رہا

شانزے اور شہروز ..چمچے اور کانٹوں کے ساتھ تالیاں بجا کر اسکو مبارک بعد دینے

..لگے جبکہ اماں

ماشاءاللہ ماشاءاللہ کہتی ..اسکی سر کی بلائیں لینے لگئیں... حرم حیرت سے ..ان

...سب کو دیکھنے لگی

...اور ان سب سے نظر ہٹ کر شاہ میر پر نظر گئ

جس کے آج تیور ہی الگ تھے ..اسنے احرم کو آنکھ ماری ... .تو .. حرم سٹپٹا کر رہ گئ

..اور چیئر گھسیٹ کر بیٹھ گئ ...

...سب نے حرم کیطرف ایک بار پھر دیکھا ..جس سے وہ پھر سے کنفیوز ہو گئ

جبکہ اماں نے اپنے تینوں بچوں ..کو اپنا تھپڑ دیکھا یا ..جس سے انکے سر جھک گئے ..اور اماں

...حرم کو ناشتہ دینے لگیں

لڑکی چھوٹی ضرور تھی مگر انھیں شاہ میر کے کسی اقدام سے کوئ اختلاف نہیں

..تھا ..وہ بس اسے خوش دیکھنا چاہتی تھیں

اور یہ فیصلہ شاید اسکی زندگی کا پہلا فیصلہ تھا ..جس .کو اسنے اپنے لیے لیا ..ورنہ

..ہمیشہ اسنے اپنی فیملی کے لیے سب کیا تھا

..بھائی لو میرج"شہروز کی کھجلی ختم نہیں ہو رہی تھی ..جبکہ حرم ..سرخ سی پڑی

....تمھیں لگتا ہے لو کے کیس میں ..میرا پھنسنا ہو سکتا ہے

ہاں البتہ ..تمھاری بھابھی ..ضرور پھنس گئیں ..ہیں ..میری طرف سے تو صرف

انتقام ہے "اسنے چند لفظ بول کر ..سب سمیت حرم کو بھی ... جیسے بے سکون

..کر دیا ..حرم ..اسکی صورت تکنے لگی ..جبکہ شاہ میر بھی اسی کی جانب دیکھ رہا تھا

....حرم کی آنکھیں ..آنسوں سے بھر گئیں

...اور وہ اسی طرح ناشتہ چھوڑ کر ..اپنے روم میں چلی گئ

شاہ میر کو اپنی بات پر پہلی بار غصہ آیا اچھے بھلے ماحول کو ..اس کی حقیقت نے

..خراب کر دیا تھا

...اماں نے بھی ناشتہ چھوڑ دیا

...میرے کمرے میں آو دونوں ..انھوں نے شاہ میر اور شہروز کو کہا

اور تم ..اپنی بھابھی کے پاس جاو "شانزے کو بھی کہ کر ..وہ اپنے کمرے کی جانب چل دی...

جبکہ شاہ میر اور شہروز بھی ناشتہ وہیں چھوڑ کر اٹھ گئے...

.....

شاہ میر نے حرم سے شادی سے لے کر اب تک کی ساری بات ..ان دونوں کو بتا دی .. حرم کون ہے...

یہ جان کر اماں اور شہروز ایکدم خاموش ہو گئے ..جبکہ اب شاہ میر خاموشی سے ان دونوں کی صورت دیکھ رہا تھا..

شاہ میر تمھیں شرم آ رہی ہے کسی کمزور جان سے بدلہ لیتے ہوئے "بالآخر اماں ہی کچھ دیر بعد بولیں...

بدلہ لینا ہوتا تو اسے یہاں کبھی نہ لاتا "شاہ میر نے کہا... اور صوفے سے ٹیک لگا ..کر بیٹھ گیا...

شاہ میر مگر تمھارے ساتھ رہنے میں اسکی مرضی نہیں ہے اور میں یہ سب اپنے گھر میں بلکل بھی برداشت نہیں کروں گی کہ تم زبردستی کسی کو باندھ کر رکھو "وہ اب بقائیدہ غصے سے بولیں ..جبکہ شاہ میر کچھ بھی نہ بولا ..کرنا اسے وہی تھا جو وہ خود چاہتا تھا ...

..میں حرم کو اپنے ساتھ باندھ کر نہیں رکھو ..گا ..چھوڑ دو گا ..آپ فکر نہ کریں کیونکہ اپنے مجرموں کو میں تا عمر اپنے سامنے نہیں دیکھو سکتا "شاہ میر نے سرد لہجے میں سفاکی سے کہا ...

جبکہ اماں اور شہروز دیکھ کر رہ گئے ...

یہ کیا بول رہے ہیں آپ لالا ... اس میں مجھے نہیں لگتا بھابھی کا کوی قصور ہے بھی "شہروز نے اسکی سوچ کی نفی کی ...

ہے اسکا قصور کیوں نہیں نظر آ رہا تمھیں ...

کیا وہ محبت جو وہ ..گھٹیا ذلیل انسان ..اسپر لوٹا رہا تھا اور ہم در بدر کی ٹھوکریں کھا رہے تھے کیا ہمیں ضرورت نہیں تھی اس محبت کی ..چلو بھاڑ میں گے میں اور تم...

مگر شانزے آج تک اپنے باپ کے نام پر سوالیہ نشان لیے گھوم رہی ہے ... ..کیا .....اسکا قصور تھا..." .شاہ میر اچانک ہی غصے سے دھاڑا

مگر حرم یہ سب نہیں جانتی ہو گی "اماں نے کہا... تو شاہ میر سر جھٹک کر رہ گیا ...

کچھ نہیں کر رہا میں اسکے ساتھ نہ لیں آپ لوگ فکر مگر وہ میری قید میں ہے اور رہے گی کم از کم تب تک جب تک رضا اسکی جدائی میں مر نہیں جاتا" ..وہ بولا ..تو ...لہجے میں شعلے اگل رہے تھے اماں نے اسکی جنونیت دیکھ کر دل تھام لیا اور اگر وہ تمھاری اس قید میں نہ رہے پھر "اماں کو بھی اب اسکی حرکت پر غصہ آ رہا تھا...

وہ چاہے یہ نا چاہے ۔۔۔ وہ یہاں سے کہیں نہیں جا سکتی "وہ پھر اپنی بات پر زور دے کر بولا ۔۔۔

چپ ہو جاو شاہ میر بہت ہو گیا ..ضروری نہیں ہے ہر بار مرد اپنی حاکمیت چلائے عورت پر ..اور جب تمھارا دل بھر جائے ۔۔۔ تو تم چھوڑ دو کھیلونا سمجھ لیا ہے ..کیا تم نے عورت کو ۔۔۔ تمھاری بہن کو بھی کوئ یوں ہی اٹھا کر لے جائے پھر پھر کیا کرو گے ۔۔۔ تم رضا کو اسکی سزا دے رہے ہو ۔۔۔ اور کوئ تمھیں سزا دینے کھڑا ہو گیا تو کیا کرو گے شاہ میر ".

اماں کا بھی غصہ سوا نیزے پر پہنچ رہا تھا ۔۔۔

شاہ میر نے ایک لفظ بھی منہ سے نہیں نکالا ..جبکہ شہروز بھی شاہ میر سے متفق نہیں تھا ۔۔۔

جاو شہروز حرم کو بولا کر لاو "اماں نے شہروز کو کہا جبکہ شاہ میر بے چینی سے پہلو بدل کر رہ گیا... وہ تو تھی بھی سرا سر احمق لڑکی ..اگر کچھ الٹا سیدھا بول دیتی ...تو یقیناً شاہ میر ..اسکا قتل کر دیتا

...مگر وہ ضبط سے بیٹھا رہا

جبکہ دس منٹ بعد شانزے کے پیچھے چھپتی حرم ..اماں کے کمرے میں داخل ...ہوئ... اسے اس وقت بہت خوف آ رہا تھا

سب سے ہی اسنے ایک نظر... شاہ میر کو دیکھا جو مٹھی بھینچے بیٹھا ..تھا مگر اسکی جانب نہیں دیکھ رہا تھا..

...آو بیٹا "اماں نے حرم کو اپنی طرف بلایا... تو وہ جھجھکتی ہوئ انکے نزدیک آگئ بیٹھ جاو "انھوں نے اسے اپنے ساتھ بیٹھا لیا ..حرم کا دل مارے گھبراہٹ کے ...بہت تیزی سے دھڑک رہا تھا

...جبکہ ہاتھ پاوں بھی کانپ اٹھے تھے

بیٹا جو میں پوچھ رہی ہوں بغیر ڈرے سچ سچ بتاو شاباش ڈرو مت "انھوں نے اسکو پیار سے دیکھا ..وہ بہت معصوم تھی اس بات کا تو انداز ..انھیں ہو چکا تھا .. حرم ..انگلیاں مروڑتے ہوے ..انکے بجائے شاہ میر کو دیکھنے لگی

...اسے رونا آ رہا تھا ..وہ کیوں... سر جھکائے ..اس سے لاتعلق بنا بیٹھا تھا

کیا شاہ میر نے زبردستی نکاح کیا تھا تم سے "انھوں نے پہلا سوال کیا... جس

...پر حرم کی آنکھ سے آنسو ٹوٹا ..اور اسنے اثبات میں سر ہلایا

...شاہ میر نے ایک نظر شعلہ بار اسکی جانب دیکھ کر چہرہ موڑ لیا

...جبکہ اماں نے گھور کر شاہ میر کو دیکھا

کیا تم شاہ میر کے ساتھ رہنا چاہتی ہو "اماں نے ایک اور سوال کیا جبکہ اب شاہ میر کی نگاہ اسکے چہرے پر اٹک گئ... جبکہ نہ جانے کیسے دھڑکنوں میں بے ہنگم

...شور شروع ہو گیا

حرم نے بھی اسی وقت سر اٹھا کر شاہ میر کو دیکھا۔۔۔ دونوں کی نگاہیں ..ایک دوسرے سے الجھ چکیں تھیں۔۔۔

شاہ میر بے تابی سے اسکے جواب کا منتظر تھا۔۔۔

جی ..میں رہنا چاہتی ہوں۔۔۔ .اسنے مدھم آواز میں کہا۔۔۔ اس لمحے شاہ میر کے چہرے پر بڑی اطمینان بھری مسکراہٹ اٹھی اور اسی طرح شہروز اور شانزے بھی مسکرا دیے کیونکہ انکا بھائ خوش تھا۔۔۔ اماں بھی جہاں پرسکون ہوئیں ..وہاں حرم کی اگلی بات شاہ میر کو چنگاریاں لگانے کے لیے کافی تھی .

مگر میں اپنے چاچو کے پاس بھی رہنا چاہتی ہوں ..میں انھیں مس کرتیں ..ہو میں جانتی ہوں وہ پریشان ہوں گے۔۔۔ مجھے وہاں جانا ہے "حرم نے روتے ہوئے کہا ..تو اچانک ہی شاہ میر غصے سے اپنی جگہ سے اٹھا ..

بس ہوگئ بکواس پوری تمھاری۔۔۔ اپنے اس چھوٹے اور نہایت بیوقوف ذہن میں یہ بات بیٹھا لو کے تم ..میری قید میں ہو .. تمھیں مار تو دوں گا مگر ..اسکے پاس

نہیں جانے دوں گا"..غصے سے حرم کا چہرہ جکڑے ... .وہ بولا تو حرم پھوٹ پھوٹ کر رو دی ..جبکہ اماں نے شاہ میر کو پیچھے کر کے حرم کو سینے میں بھینچ لیا ...

دفع ہو جاو شاہ میر یہاں سے "وہ بلند آواز میں چلائیں شاید یہ زندگی میں پہلی بار تھا ...جو وہ اس سے ایسے بولیں تھیں..

شاہ میر نے ایک نظر انکو دیکھا ..اور اپنی بریڈز پر ہاتھ پھیرتا ..وہاں سے ... نکلنے ...ہی لگا تھا کہ

...اسے الٹے قدموں واپس پلٹنا پڑا.

حرم ... .شہروز دیکھو اسے کیا ہو رہا ہے "اماں کی پریشان آواز اور حرم کو انکی بانہوں میں بے ہوش دیکھ کر ..شاہ میر ... کا سکتا ٹوٹا اور وہ پل میں اس تک پہنچا ..مائے گاڈ ..حرم ادھر دیکھو "وہ گھٹنوں کے بل بیٹھا ..مکمل اسکو اپنے بازوں میں قید کر چکا تھا ..حرم کا سر اسکے شانے پر ڈھلکا

شاہ میر اسے ہوا کیا ہے "..اماں بولیں تو اسنے ادھر ادھر دیکھا .. حرم نے شاید ...میڈیسن نہیں لیں تھیں اور اسکی وجہ سے ناشتہ بھی تو نہیں کیا تھا

لالا میں گاڑی ریڈی کرتا ہوں آپ بھابھی کو لائیں "شہروز بولا تو شاہ میر نے نفی میں ...سر ہلایا... اور شانزے سے پانی کا گلاس مانگا

حرم... چندا اٹھو آنکھیں کھولو "وہ بے بسی سمیت بڑے لاڈ سے بولا... جیسے اگلے لمحے حرم اپنی آنکھیں کھول دے گی .. سب جہاں حرم کے لیے پریشان تھے شاہ میر کے ..ایسے انداز پر حیران رہ گئے..

....شاہ میر نے اپنی پور سے ..پانی حرم کے چہرے پر جھٹکا

...تو حرم کی پلکوں پر جنبش سی ہوی

....اسنے ..ہلکی سی آنکھیں کھول کر ..شاہ میر کو دیکھا

اب غصہ نہیں کروں گا... ڈرا کیوں دیتی ہو مجھے تم..."..شاہ میر نے جیسے خفگی سے اسکی جانب دیکھا... تو حرم... جسے اس وقت اپنا آپ بہت کمزور

محسوس ہو رہا تھا۔۔۔ اسنے ..ہمت کر کے اپنا ..ہاتھ اٹھایا اور شاہ میر کے گال پر جڑ دیا۔۔۔

جہاں شاہ میر نے ضبط سے برداشت کیا ..وہیں ..وہ تینوں تو غش کھا کر رہے گئے اگر اس کے گھر والے نہ کھڑے ہوتے تو لازمی وہ اپنی اصلیت پر اتر کر ۔۔۔ اسے اچھا سبق سیکھا دیتا ..مگر اس وقت اسے کنٹرول کرنا پڑا۔۔۔

حرم نے اسے ایک نظر گھور کر دوبارہ آنکھیں بند کیں ..تو شاہ میر نے جلدی سے اسے بستر پر لیٹایا۔۔۔

شانزے۔۔۔ کچھ کھانے کے لیے لاو" ..شاہ میر نے کہا تو وہ سر ہلاتی ..وہاں سے نکلی۔۔۔

حرم ہارٹ پیشنٹ ہے "اماں اور شہروز کی جانب ایک نظر دیکھ کر اسنے حرم پر اگلی نظر ڈالی۔۔۔

اور وہاں سے باہر نکل گیا۔۔۔

...اپنی آنکھوں کے سامنے ناشتہ کرا کر میڈیسن دے کر وہ جانے کا ارادہ رکھتا تھا

...جبکہ تھپڑ تو... وہ اب بلکل نہیں بھولنے والا تھا

.....پل

ونیزے یونیورسٹی کے لیے نکلنے لگی... تو لون میں اترنے سے پہلے ہی اسے

...ایک گارڈ نے روک لیا

کیا مسئلہ ہے "ونیزے نے کڑے تیوروں سے اسکیطرف دیکھا... جس کی اتنی

...جرت وہ ایک پل کو تو چونکی تھی

"میڈیم شہروز صاحب نے آپکو باہر جانے سے روکا ہے... آپ باہر نہیں جا سکتی

گارڈ بنا کسی تاثر کے سخت لہجے میں بولا تو ونیزے کی حیرت سے آنکھیں نکل آئیں

...

یہ باسٹرڈ . سمجھے کیا ہو خود کو تم ... .ہٹو راستے سے ..اور وہ کون ہوتا ہے مجھے روکنے ...والا "ونیزے کا دماغ بلکل اٹ ہو چکا تھا

بھلہ ایک گارڈ اسے کیسے روک سکتا تھا ..اور اوپر سے وہ شہروز اسکا وخب پی کر ابھی صبح ہی گیا تھا ....

میڈیم ... .معافی چاہتا ہوں مگر باہر نہیں جانے دا سکتا میں آپکو "گارڈ نے اپنی گن دیکھتے ہوئے ..کڑے تیروں سے کہا تو وہ ایک قدم پیچھے ہٹی اسے ... شاید ہی کسی چیز سے اتن آڈر لگتا ہو جتنا اس بندوق نامی شے سے لگتا تھا وہ قدم پٹختی پیچھے ہٹی..

وہ شخص اسے اسکے ہی گھر میں قید کر رہا تھا... یہ سوچ سوچ کر ہی ونیزے کا دماغ آوٹ ہونے لگا ..اسنے غصے سے ٹیبل پر پڑا واس اٹھا کر ..زمین ہر پھینکا ....

اور شہروز کو کال ملائ ۔۔۔ جو فون اٹھانے کا نام نہیں لے رہا تھا ..اسنے پھر کال ملائ تو کال اٹھا لی گئ ۔۔۔

تم کتنے گھٹیا انسان ہو مجھے اسوقت انداز ہو گیا ہے ..مگر ایک بات یاد رکھنا مسٹر شہروز میں تمھاری قید میں آنے والی نہیں سمجھے ۔۔۔ "وہ حلق کے بل چلائ جبکہ شہروز ہلکا سا ہنسا ۔۔۔

بہت شوق تھا میری بیوی بننے کا تو با بھگتو ..میڈیم میں ایسا ہی ہوں ۔۔۔ اور تمھیں یوں ہی رہنا ہے میرے ساتھ "شہروز سکون سے بولا جبکہ ونیزے نے مٹھیاں بھینچی ۔۔۔

طلاق دو مجھے ابھی "وہ بولی تو شہروز کے ماتھے پر بھی بل پڑ گئے ۔۔۔

طلاق تمھیں ۔۔۔ .. کبھی نہیں سوچنا بھی مت ..یوں ہی سسک سسک کر ..رہو گی میرے ساتھ ہی ۔۔۔ بھلے سے اس سسکنے میں مر جانا مگر مجھ سے اب آزاد نہیں ہو سکتی ۔۔۔ "شہروز سخت لہجے میں بولا ..تو ونیزے نے غصے سے سر ہلایا ۔۔۔

.....ٹھیک ہے ... تو تم دیکھو ..میں تمھارے ساتھ بلکے میں نہیں
تمھاری بیوی ... ..تمھارے ساتھ اب کرتی کیا ہے ... "اسنے کہہ کر کھٹاک سے
...فون بند کیا جبکہ شہروز ایک لمحے کے لیے سوچ میں پڑ گیا
یہ لڑکی لازمی کچھ غلط کرنے والی تھی ... اسنے سوچا اور یونی جانے کی تیاری کی
...کیونکہ اسے ایک تو سسکون تھا کہ باہر گارڈ ہے وہ کم از کم باہر تو نہیں جا سکتی

جبکہ دوسری طرف ونیزے کا غصے سے چہرہ شدید سرخ تھا ..اسنے عادی کو کال کی
..جس نے فٹ کال پک کی
کہاں ہو ..آج سارا دن تمھارے ساتھ گزارنا ہے مجھے" ..ونیزے بولی تو عادی تو
..مارے خوشی سے پھولے نہ سمایا
..ٹھیک ہے میں پیک کرنے آتا ہوں تمھیں "اسنے کہا

نہیں میں خود آ رہی ہوں بس تم سوسائٹی کے باہر آ جاو "ونیزے کے کہنے کی دیر تھی عادی جھٹ راضی ہو گیا...

اور ونیزے نے کال بند کر کے اپنے روم کی راہ لی... جہاں کافی بڑی کھڑکی تھی جو سیدھا دوسری طرف سے روڈ پر کھلتی تھی... یہ رزکی ہو سکتا تھا جو وہ کرنے جا رہی تھی ..مگر ناممکن نہیں تبھی اسنے... ونڈو کے باہر ایک رسی کی مدد سے اترنا شروع کیا....

اور بالآخر وہ صیحی سلامت اترنے میں کامیاب ہو گئ ..نیچے اتر کر اسنے اپنے کوٹ پر سے نہ معلوم گرد کو فخریہ انداز میں جھڑا... اور مسکراتی ہوئ اپنے گاگلز لگا کر وہ بڑے دھڑلے سے اپنے گھر کے آگے سے گزری....

اور سامنے سے آتے عادی کی گاڑی میں سوار ہو گئ...

تمھیں ونیزے سے پنگا بہت مہنگا پڑے گا ڈئیر غیرت مند "اسنے تلخی سے سوچا.. اور عادی سے باتیں کرنے لگی جس کا چہرہ خوشی سے سرخ ہوا جا رہ اتھا..

عادی یونی چلو... میتھس ڈیپارٹمنٹ کیطرف "اسنے شہروز کے ڈیپارٹمنٹ کا نام لیا
...اور گاڑی میں میوزک پلے کر دیا ...
.....

ہیلو انکل کیسے ہیں آپ "آبان نے رضا صاحب کیطرف دیکھا جنھیں زرینہ چائے
...دے رہی تھی وہ دونوں ہی برسو کے بیمار لگتے تھے
...ٹھیک ہوں... "رضا صاحب نے کہا اور سارا دیھان چائے کی جانب دے دیا
...انھیں اسوقت آبان کی آمد بلکل اچھی نہیں لگی تھی
...فیضان بھی اپنے روم سے نکل کر باہر آگیا
یہ اس ایس پی کے گھر کا ایڈریس ہے انکل اور مجھے یقین ہے اب حرم وہیں پر
..ہے "آبان نے انھیں اطلاع دی ..اور اپنا غصہ جو اسے رضا پر آ رہا تھا پی گیا

آبان بھائی مجھے نہیں لگتا آپکی انفارمیشن ٹھیک ہے ..تو بہتر ہے ہمیں معملہ پولیس پر چھوڑ دینا چاہیے "فیضان نے رضا کے بولنے سے پہلے کہا ..تو آبان مسکرا دیا..

..کیا تم اڈیٹ ہو یہ بن رہے ہو ..وہ شخص خود اپنے منہ سے اعتراف کر چکا ہے اور حرم کی کیا کنڈیشن ہے اس بات سے کون نہیں واقف اسے سٹوک بھی لگ سکتے ہیں ..اگر اسے ذہنی سکون نہ ملا اور پھر انجام یہ ہو گا کہ ہمیں حرم کی جان کے لالے پڑ جائیں گے مگر یہاں ... تو سب ایسے سکون سے بیٹھے ہیں جیسے حرم سے جان چھڑانا چاہتے تھے "آبان اچانک ہی غصے سے بولا ..تو فیضان کو بھی اسپر رج کر غصہ آیا ..کہ آخر وہ اسکو سنانے والا کون تھا ..پچھلے دو ہفتوں سے وہ یونی بھی نہیں جا رہا تھا اور اب اسے ذہنی سکون چاہیے تھا تبھی وہ آبان کو اگنور کر کے ..وہاں سے اٹھا اور یونی جانے کے لیے باہر نکلا ..آبان اسکے اٹیٹیوڈ پر ضبط کرتا

رہ گیا ..جبکہ رضا ..صاحم جو آبان کی باتوں سے نئے سرے سے پریشان ہو اٹھے تھے...

..اب کیا چاہتے ہو کیا کرنا چاہیے "وہ بولے تو آبان کو سکون ملا

شکر ہے بڈھا لائن پر آیا "..اسنے دل میں سوچا اور آگے کے پلین سے ..انھیں واقف کرنے لگا... مگر یہ حرکت اسے کتنی بھاری پڑنے والی تھی یہ اسکی سوچ مین بھی نہیں تھا...

.....

ونیزے میتھس ڈیپارٹمنٹ کی کنٹین میں ..عادی کے ہاتھ مین ہاتھ ڈالے ..سکون سے گھوم رہی تھی ..وہ جانتی تھی شہروز یہیں کہیں ہے ..اور بالآخر وہ کنٹین میں جا کر بیٹھ گئ..

کیا پیو گی "عادی نے سن گلاسز اتارتے ہوئے ونیزے کے سرخ ہو ٹون کو دیکھا جو بے حد حسین لگ رہے تھے...

اوریج جوس ۔۔۔ ون گلاس پلیز ..ہم شئیر کر لیں گے "اسنے ایک ادا سے اپنے بال جھٹکے اور ..شہروز کو کال ملائ۔۔۔

جو شاید لیکچر میں تھا تبھی اسکی کال پیک نہ کی ..بر حال وہ بیٹھی تو اسی کے علاقے میں تھی چارو نچار اسے باہر نکلنا ہی تھا ..اور باہر نکلتے ساتھ اسکی کنٹین پر نظر لازمی پڑتی ..کیونکہ وہ بلکل سامنے بیٹھی تھی اس روم کے جہاں شہروز لیکچر لے رہا تھا۔۔۔

عادی ..تو حیرت سے ..اسکو دیکھے گیا اور پھر مسکرا کر ایک گلاس ننگا لیا جس میں دو سٹرا تھے۔۔۔

ونیزے نے ایک سیپ لیا..

کیا ہوا تم نہین لو گے "اسنے پوچھا تو عادی ..نے آنکھیں کھول کر اسکو دیکھا کیونکہ وہ ونیزے کی نیک سیک عادت کو خوب جانتا تھا..

کیا مین تمھیں جوائن کر سکتا ہوں "اسنے پوچھا تو ..ونیزے نے مسکرا کر اثبات میں سر ہلایا ..اور عادی نے بھی اسی گلاس میں ونیزے کو جوائن کر لیا جبکہ ونیزے ..نے ..ہلکہ سا قہقہ لگایا ..اور اپنی اور عادی کی تصویر کھنچنے لگی

جبکہ اپنی کلاس سے باہر نکلتے شہروز کے لیے یہ منظر ... ایسا تھا جیسے اسے بھرے بازار میں ذلیل کر دیا گیا ہو ..ہاں وہ جانتا تھا کہ ادھر کوئ بھی انکے رشتے کے بارے میں آگاہ نہین مگر اسکی غیرت یہ ہرگیز گوارہ نہیں کرتی تھی کہ اسکی ..ان چاہی ہی صیحی مگر اسکی بیوی ..کسی اور مرد کے ساتھ یوں عیاشی ..کرے وہ ..مٹھیاں بھینچ یہ نظارہ دیکھ رہا تھا جبکہ اب ..ونیزے کی بھی نظر اسپر پڑ چکی تھی ..ونیزے نے بنا بات کے ایک قہقہ لگایا... جو شہروز کو سرا سر خود پر محسوس ہوا ...اور وہ عادی کے لیپس پر لگا جوس ..اپنی انگلی کی پور سے صاف کرنے لگی شہروز کا ضبط جواب دے رہا تھا ..مگر ..وہ ونیزے کی خواہش ..پورا کرنے والا بلکل نہین تھا ..یہ عورت چاہتی ہی یہ ہی تھی کہ ..وہ اسے ..سب میں اٹھا کر لے

جائے ۔۔۔ اور سب پف انکا رشتہ واضح ہو ..مگر شہروز اسے اس قابل بلکل نہیں سمجھتا تھا ..اسنے اپنے سن گلاسز ..آنکھوں ہر لگائے ..اور وہاں سے نکلتا چلا گیا .. چونکہ اب کوئ لیکچر نہین تھا اور وہ بلکل فارغ ..تھا .. تبھی اسنے ونیزے کے گھر کی راہ لی تاکہ ..اس فارغ عورت کے حواس ٹھکانے لگائے ..

کیونکہ وہ اپنی ان چاہی چیزوں مین بھی کسی کا شئیر برداشت نہیں کر سکتا تھا ..مگر اس گھٹیا لڑکی سے شہروز کو شدید نفرت محسوس ہو رہی تھی ۔۔۔

.....

ونیزے نے اسے جاتے ہوئے دیکھا ۔۔۔ تو ..جلدی سے سڑا سے اپنے لیپس کو چھوڑا ۔۔۔ اور شہروز کی پشت دیکھنے لگی ۔۔۔ کیا اس کے لیے یہ بات اتنی چھوٹی تھی ..

ونیزے کو پہلے حیرت جبکہ اسکے بعد شدید غصہ آیا ۔۔۔

اور وہ بغیر کچھ کہے وہاں سے اٹھی اور عادی کی گاڑی کی چابی اٹھا کر وہ بھی وہاں سے نکل گئ جبکہ عادی ارے ارے کرتا رہ گیا ۔۔۔.

..وہ بہت تیز ڈرائیو کر رہی تھی ..اب اسک دل کسی بھی چیز مین نہیں لگ رہا تھا

... ...کہ سپیڈ سے ڈرائیو کرنے کی وجہ سے وہ روڈ کراس کرتے آدمی سے ٹکرائ

اسنے ٹائیرز کو بریک دی ..اور جلدی سے باہر نکلی اس وقت اسکا دل بہت تیز سپیڈ

...میں دھڑک رہا تھا

کم بخت... تجھے نہین چھوڑو گی ..میرے شوہر کو تو مارنا چاہتی تھی "وہ عورت

..ہلک کے بل چلائ ..تو ونیزے ..اس سے دور ہوئ

...دیکھیں آنٹی "وہ ابھی کچھ بولتی کہ اس عورت نے ونیزے یزدانی

...ہاں ونیزے یزدانی کے منہ پر تھپڑ دے مارا

سالی ..آنٹی ہو گی تیری ماں ..تو مجھے آنٹی بولے گی ..تیری اس سوکھے بدن کے

..ٹکڑے کرا کر... بازاروں میں بیچ دوں گی "نہ جانے وہ کون تھی مگر جو بھی تھی

..ونیزے اسکی اس جرت ہر ..ہونق کھڑی تھی

وہ نہین جانتی تھی اس وقت اسکی آنکھیں سرج ہو رہیں تھیں جن سے پانی خود بخود نکل رہا تھا...

بی بی... حوصلہ کرو... بچی ہے "آبان جو ٹریفک جام دیکھ کر باہر نکلا تھا یہ نظارہ اسنے شوق سے دیکھا..اور پھر ونیزے ..کا ہاتھ تھام کر ..اسپر اپنی انگلیاں رگڑتے ہوئے ..وہ بولا تو ونیزے کرنٹ کھا کر اسکی اس حرکت پر دور ہوئ..

جبکہ آبان نے پھر سے اسکا ہاتھ پکڑ لیا..جبکہ ایکسیڈنٹ ہوئے بزرگ آدمی کو نہ اسکی بیوی دیکھ رہی تھی نہ کوی اور..

چپ چاپ کھڑی رہ...اگر تو چاہتی ہے پولیس کیس نہ بنے "آبان نے آنکھیں نکال کر ونیزے کو دھمکایا...

ونیزے ..کو اسوقت کچھ سمجھ نہیں آ رہا تھا...

ابے کوئ پولیس کو بلائے گا..میرے شوہر کا قتل کیا ہے اسنے "وہ عورت پر سے بولی...

وہ ..وہ زندہ "ونیزے نے کچھ بولنا چاہا۔۔۔ مگر آبان ..نے اسکی کمر میں ہاتھ ڈال ۔۔۔کر اسے چل کرایا ..وہ شخص اس لڑکی کو چھو چھو کر عجیب حرکتیں کر رہا تھا

ونیزے کو محسوس ہوا ..وہ اسے .غلط طریقے سے چھو رہا تھا ..اس وقت ..اسے شدت کا رونا آیا پہلی بار .وہ اس قسم کے لوگوں سے ٹکرائ .. تھی

..کھڑی رہو کہا نہ چپ" ..آبان نے پھر سے کہا

شیٹ آپ ..چھوڑو مجھے گھٹیا انسان "ونیزے چلا کر اس سے الگ ہوئ جبکہ آبان ۔۔۔نے گھور کر اسے دیکھا

۔۔۔بی بی یہ اسی قابل ہے پولیس کو بلاو ..بلکہ بلاو کیوں 9 بندہ مارا ہے اس نے ۔۔۔اسے خود لے کر چلیں گے

آبان نے غصے سے کہا حقیقتاً اسکا دل آ چکا تھا ونیزے پر اور وہ اسے بھلا پھسلا کر کم از کم آج کی رات ..اسکے ساتھ رہنا چاہتا تھا ..مگر یہ لڑکی ۔۔۔ شاید اسکے قابو نہیں آنے والی تھی تبھی وہ ..ونیزے کے بازو پکڑے ..اس عورت کے ساتھ ..پولیس

اسٹیشن کی جانب چل دیا ..ونیزے ہیلپ ہیلپ چلاتی رہی مگر کسی نے اسکی مدد نہ کی ..اور وہ اسے گاڑی میں ڈال کر نکل گئے ...

.....

وہ ابھی پولیس اسٹیشن سے نکلنے ہی والا تھا ..کہ ..ایک عورت اپنا سینہ پیٹتی ہوئ اندر داجل ہوئ ..اسنے ناگواری سے اس عورت کو دیکھا ..جبکہ اسکے پیچھے آبان ...اور آبان کے ہاتھ میں ونیزے کا ہاتھ دیکھ کر اسکا خون کھول گیا

...آبان مسکراتا ہوا اسکے نزدیک آیا

صاب ... مار دیا اس کم بخت نے مارے شوہر کو "وہ چیخی تو شاہ میر نے کھا جانے والی نظروں سے اسے دیکھا ..اور پھر آبان کی جانب ایک نظر اسنے روتی ہوئ ونیزے پر بھی ڈالی..

صفدر چیک کرو ..آدمی زندہ ہے "اسنے بے لچک لہجے مین کہا..

...جی سر زندہ ہے "صفدر نے بتایا

ہسپیٹل لے جاو "اسنے کہا ..اور اس عورت کے ہاتھ میں پیسے رکھ کر اسے وہاں سے جانے کا اشارہ کیا..

بڑے کھلاڑی ہو تم "آبان ونیزے کے رخسار پر ہاتھ پھیرتے ہوئے بولا ..جبکہ وہیں اسکا ہاتھ شاہ میر نے جکڑ لیا..

ارے ارے ... حرم سے دل بھر گیا جو ..اب یہاں چکر چلانا ہے ..اچھا چلو فٹی فٹی ... ".وہ خباثت سے ہنسا ..جبکہ ونیزے بری طرح رو دی ..یہ سب کیا ہو رہا تھا....

...جبکہ شاہ میر کی آنکھوں سے اسے خوف بھی آ رہا تھا

..دفع ہو جا "شاہ میر نے بس اتنی آہی کہا

...آہ میں ڈر گیا "آبان نے قہقہ لگایا

تیرے منہ مجھے لگنا بھی نہیں ..او گا حرم کو لینے ۔۔۔ "اسنے جیسے وارن کیا ..شاہ

۔۔۔میر نے طنزیہ نظروں سے اسے دیکھا

..تو آبان دانت پیس گ لگا

۔۔۔اور ونیزے کیطرف دیکھا

روتی ہوئ ل ٤کی بہت اٹریکٹ کرتی ہے "وہ پھر اپنی خباثت ہر اترا ..شاہ میر نے

۔۔۔اسک گریبان پکڑا ۔۔۔ اور

..۔۔۔باہر دھکا دیا

اپنی ٹانگیں سلامت چاہیے تو ..اب مت یہاں نظر آنا "اسنے وارن کیا ..اور جبکہ

..آبان ۔۔۔ اسے گھورتا ہوا ..وہ سے چلا گیا

۔۔۔شاہ میر نے ونیزے کا ہاتھ اپنی فولادی گرفت میں جکڑا

۔۔۔اور بغیر کچھ بولے

اسے لیے ۔۔۔ وہ گاڑی میں سوار ہوا ..بیس منٹ کا رستہ دس منت میں طے کر ۔۔۔کے ..وہ ..اسی طرح دندناتا ہوا ..اندر آیا

تو وہ سب ..چائے پی رہے تھے ۔۔۔ جبکہ حرم شید انھین کچھ بتا رہی تھی ..شاہ میر کا غصے سے خون کھول رہا تھا ..اپنے بھائ کی لاپرواہی پر ..اسنے آگے بڑھ کر شہروز کا گی ان جکڑا ..جو ابھی بات سمجھتا ہی کہ ..شاہ میر نے اسکے منہ پر مکہ ۔۔۔ ۔۔۔جڑ دیا

..اگر غیرت مند مرد ہو ..تو اگلی بار یہ اس حولیے میں اس گھر کی دہلیز پار نہ کرے ورنہ مجھ سے برا کوی نہیں ہو گا۔۔۔ "ایک ایک لفظ پر زور دیتے ہوئے ..وہ چلایا ۔۔۔

سب ہونق کھڑے تھے جبکہ ونیزے ...کا بس نہیں

۔۔۔چل رہا تھا وہ کہیں غائب ہو جائے اتنی توہین

شاہ میر نے ونیزے کا ہاتھ جھٹکا ..اور حرم ..کی کلائ پکڑ ..کر اسے اوپر اپنے روم ۔۔۔کی جانب ..لے گیا

.....

حرم اسکی اپنی کلائ پر گرفت سے ہی گھبرا چکی تھی ..وہ بہت تیز قدم اٹھا رہ، تھا ...جبکہ حرم کو لگا ..وہ اس سے زیادہ اسکے پی چھے نہیں بھاگ سکتی... .م ..میر"اسنے شاہ میر کو رکنا چاہا مگر وہ آندھی طوفان کیطرح اپنے کمرے می داخل ہوا اور حرم کو دروازے کے ساتھ چیپکا کر ..وہ بلکل اسپر چھا گیا... دونوں ہاتھ اسکے ارد گرد دروازے پر رکھ کر شاہ میر اسے شدید گھور رہا تھا جبکہ حرم کی سانسیں ہی رک چکیں تھیں وہ مزید دروازے میں گھس جانا چاہتی تھی مگر افسوس ..دروازے میں وہ گھس نہیں پا رہی تھی ..مگر حرم میں اسکے اتنے بگڑے تیروں کو برداشت کرنے کی بھی ہمت نہیں تھی تبھی... اسکی پلیں بھیگنے لگی ..اور شاہ میر نے اسکا منہ اپنی انگلیوں کی گرفت میں لے لیا ..شاہ میر کی گرفت سخت ہرگیز نہیں تھی ..مگر

حرم کو ..اس وقت کچھ بھی سجاہی نہیں دے رہا تھا تبھی اسے شاہ میر کی گرفت فولادی ہی لگی..

ایک ..آنسو بھی نہ گیرے ... ورنہ مجھ سے برا کوئ نہیں ہو گا "وہ اسکے تھر تھر کانپتے ..گلابی لبوں کو دیکھتے ہوئے بولا... تو حرم کی آنکھ سے کنٹرول کے باوجود آنسو ٹوٹ گیا... .جبکہ شاہ میر ..نے اسکی سانسوں کو جنونی انداز میں قید کرتے ہوئے ....یہ واضح کر دیا کہ ... اس سے برا حرم کے لیے حقیقت میں کوئ نہیں

حرم ..اسکی جنونیت کے آگے ..چھوئ موئ ہو رہی تھی جبکہ کمرے کی معنی خیزی ...وقت کے ساتھ بڑھتی جا رہی تھی

حرم کو اپنی سانس بند ہوتی .. محسوس ہوئ تبھی اسنے ایک کمزور سے کوشش کی ..مگر ...شاہ میر ..نے جیسے نہ روکنے کی قسم کھائ تھی

حرم کی ایک سے مسلسل آنسو ٹوٹ رہے ..تھے ..بالآخر شاہ میر نے اسکے نازک لبوں کو اپنی قید سے آزاد کیا... .اور... اسکا پہلے سے زمین میں لٹکا دوپٹہ .. کھینچ کر نیچے پھینک دیا....

..اسکی آنکھوں میں الگ ہی تاثر تھا جو حرم کی روح فنا کر رہا تھا

می... میر"حرم بقائیدہ بچوں کیطرح رونے لگی تھی ..مگر شاہ میر اسے بخشنے کے موڈ میں نہیں تھا ..وہ حرم ..کے بالوں کو اپنی مٹھی میں جکڑ کر اسکا سر پیچھے کر کے ..اب اسکی گردن کو اپنی جنونیت کا نشانہ بنا رہا تھا.....

شاہ میر کے دانت... اپنی گردن پر جا بجا محسوس کر کے .. حرم کی مدھم سی سسکی نکلی ..جسے ش، ہ میر نے ہاتھ رکھ کر دبا ..دیا....

حرم سے اب قدموں پر کھڑا ہونا شدید موحال تھا... .وہ لہرا کر گیرتی کہ شاہ میر صاحب نے اس ناتواں جان پر رحم کھانے کی سوچی... اور اب وہ .. بچوں کیطرح روتی ہوئ حرم کو توجہ سے دیکھ رہا تھا...

..اسک اچہرہ بلکل سرخ ہو رہا تھا۔۔۔ آنکھیں بھی رونے کے باعث سرخ تھیں جبکہ وجود کی کپکپاہٹ۔۔۔ ایسی تھی جیسے وہ،، پنے سامنے کسی جن کو کھڑا دیکھ رہی ہو..

۔۔۔گردن پر جا بجا نشان

۔۔۔شاہ میر۔۔۔ اپنا بدلہ لے کر اب پرسکون تھا

صبح مارے گئے ..ہلکے سے خفگی بھرے تھپڑ..کی سزا حرم کو کافی سے زیادہ مہنگی پڑی تھی۔۔۔ وہ شاہ میر کیطرف نہیں دیکھ رہی تھی ..دونوں ہاتھوں کی مٹھیوں کو آنکھوں ہر رکھے وہ آواز کے ساتھ رو رہی تھی ..جبکہ شاہ میر کی توجہ اب بھی اسکے ہونٹوں پر تھی۔۔۔ جو گلابی سے ..سرخ ہو چکے تھے۔۔۔

بار بار مجھے یہ احساس مت دلایا کرو میں نے ایک بچی سے شادی کر لی ہے"وہ بے زاریت سے بول،، ..تو حرم نے ہاتھ ہٹا کر ..اسکی جانب دیکھا۔۔۔.

کیوں کیا ہے آپ نے میرے ساتھ ایسا۔۔۔ "وہ کافی غصے میں لگ رہی تھی

شاہ میر سے اپنا آپ چھڑوا کر وہ جھنجھلا کر اس سے دور ہوئی ..اور گردن میں ۔۔۔

..ہونے والی ہلکی پھلکی سی تکلیف ..کو ہاتھ پھیر کر ختم کرنے لگی

جبکہ شاہ میر ..صوفے پر۔۔۔ گیر کر۔۔۔ اپنا سر ..صوفے کی پشت سے لگا چکا تھا

۔۔۔

میر صاحب آپ سے پوچھ رہی ہوں۔۔۔ کہاں سے گھستہ ہے آپ میں یہ جنگی

۔۔۔بھوت" ..وہ حد سے زیادہ غصے میں تھی

۔۔۔تبھی اونچی اوہ ز میں اس سے کچھ فاصلے پر کھڑی ہوتی بولی

تمھارا زائقہ اچھا ہے "میر کے الٹے ہی جواب پر وہ بلش ..کر گئ۔۔۔ جبکہ پلکوں پر

۔۔۔عجب ..تھرتھرانے کا رقص جاری تھ آ

..اسکی بولتی تو اتنے میں ہی بند ہو چکی تھی

تبھی ..میر اپنے چہرے پر چھلکنے والی مسکراہٹ کا گلہ گھونٹا ..پھر سے ..سر

.....صوفے کی پشت پر لگا گیا

.....اسکے دماغ میں اچانک ہی آبان ..کا تصور آیا تھا

.....کچھ عجیب تھا وہ شخص میں

.....جو شاید اسکی نظروں سے اوجھل تھا

..وہ ونیزے کے ساتھ اسکے انداز پر..... کافی سے زیادہ حیران تھا

کہیں سے بھی وہ اپنی بول چال سے..... ڈاکٹر معلوم نہیں ہوت،..تھا..کچھ تو

.....راض تھا

.....وہ اسی الجھن کو سوچتے ہوئے دماغ میں سب ریوائنڈ کرنے لگا

حرم.....نے اپنی حالت پر قابو پا کر سر اٹھا کر اسکیطرف دیکھا جو..آنکھیں بند کیے

..صوفے پر تقریب لیٹا ہوا..تھا

.....اسنے کبھی نہیں سوچا تھا اسکی زندگی میں اتنا بھرپور مرد آئے گا

...جو حد سے زیادہ سڑو... اور کھڑوس ہو گا

...جو صرف اپنی مرضی کرنا جانتا ہو گا

..وہ جتنی ضدی تھی... یہ بات تو رضا صاحب سے زیادہ بہتر کوئ نہیں جانتا تھا

...مگر اسکی ضد اس شخص نے توڑ دی تھی

...کیونکہ وہ خود اتنا ضدی تھا..کہ حرم... کچھ کر نہیں پاتی تھی

مگر اسے... اتنی ڈھیر ساری برائیوں کے باوجود..اس شخص سے محبت ہو جائے

...گی..یہ تو حرم نے سوچا بھی نہیں تھا

جو ل | کی اپنے گھر سے ایک دن دور نہ رہے وہ آج دو ہفتوں سے اس آدمی کے

..ساتھ تھی..اور اس کے مختلف موسم دیکھ چکی تھی

کبھی وہ رم جھم کیطرح اسپر برستا تھا... تو کبھی طوفان کیطرح اسکو بکھیر دیتا تھا

...

...وہ عجیب تھا... دھوپ چھاو سا مزاج

...جبکہ ..چہرہ اسکا حرم کے سامنے ..ہمیشہ سنجیدہ ہی رہا تھا

... مگر وہ مسکراتا ہوا .. بھی بہت پیارا لگتا تھا

حرم سکون سے اسپر تجزیے جر رہی تھی... جبکہ... شاہ میر اپنی ہی سوچوں میں ..گم تھا

اچھی طرح اسکا ایک ایک نقش دیکھ کر جب حرم ..کو احساس ہوا شاہ میر کی اسپر واقع توجہ نہیں تو اسے غصہ سا ..آیا ..ابھی تو اسکو کھانے پر تلا تھا ..اور اب کچھ ...بتائے بغیر ..سکون سے پڑا ..ہے

...حرم نے دونوں ہاتھ کھولے... اور دھڑم بیڈ پر جا گیری... اور ساکت ہو گئ

جبکہ شاہ میر ایکدم ..جیسے ہوش میں آیا ..تھا

...حرم "وہ گھبراتا ہوا تیر کی تیزی سے ..حرم تک پہنچا... یہ دن میں دوسری بار ..وہ بے ہوش ہوئ تھی ..شاہ میر ..کو سچویشن کافی خراب لگی

...حرم... "اسنے حرم کا چہرہ تھپتھپایا

ایک پل میں ہی اسے خود پر بھی غصہ آیا ..کیا ضرورت تھی بھلہ ..اسے ٹیز کرنے کی...

اسنے اپنا موبائل نکالا ..اور فواد کو کال ملانا چاہی ..مگر اسکے موبائل پر پاسورڈ تھا ..اور یہ بات اسنے آج نوٹ کی تھی کیونکہ ..وہ صرف آنے والی کال اٹینڈ کر رہا تھا .. خود سے کال کرنے کی یہ معبا<ل کھولنے کی اسنے زہمت نہیں کی .. تھی ..وہ گھور کر ایک نظر حرم کو دیکھنے لگا..

یہ اسی لڑکی کی کارستانی .. تھی..

مگر کیا اسنے دوائ نہیں لی تھی جو ایکدم بے ہوش ہو گئ..

اسنے حرم ..کا گال تھپتھپایا..

حرم ..چندا آنکھیں کھولو "اسنے ..اسکے گالوں ہر نرمی سے ہاتھ پھیرہ....

جبکہ حرم جو پانی ہنسی کنٹرول کرنے میں سرخ ہو رہی تھی ایک آنکھ کھول کر شاہ میر کیطرف دیکھنے لگی ..جس کے چہرے پر واضح گھبراہٹ تھی اور اب گھبراہٹ ...کے ساتھ شاہ میر ..کے تیور بدلنے لگے ... تھے

یہ جو تمھاری حرکتیں ہیں نہ ... "شاہ میر ابھی غصے سے بات مکمل کرتا ..کہ حرم ..نے ... ہنستے ہوئے اسکی بات مکمل کی

آپکی جان لے لے گی ..رائٹ "وہ ہنس رہی تھی شاہ میر نے ..واو کے انداز میں ...لبوں کو گول کیا .اور اسکے کان پر جھک ..کر

کسی تمھاری جان میرے ہاتھوں لے لے گی" ..اسکی گردن پر انگلی چلاتے ہوئے ..وہ انگلی کے سفر ..کو حدود سے پار کرنے لگا ..جبکہ اسکی کان کی لو کو وہ ...کاٹ چکا تھا

....تمھیں میرے ساتھ ... کیے گئے ..ہر فضول عمل کی سزا ملے گی

یاد رکھنا۔۔۔ اور اپنے ہاتھوں کو قابو میں رکھو۔۔۔ ورنہ ..میرے ہاتھ بے قابو ہوتے دیر نہیں لگے گی۔۔۔ "وہ حرم کی بھاری ہوتی سانسو ں سے نظریں ..چرا رہا تھا

پاسورڈ بتاو۔۔۔ "اسنے آئ برو اچکا کر حرم کی جانب دیکھا جس کو دماغ بلکل مفلوج ۔۔۔ہو چکا تھا

حرم "شاہ میر نے سختی سے ..کہا۔۔۔ تو حرم ہوش میں آئ مگر پاسورڈ بتاتے ہوئے ۔۔۔ بھی اسے شرم آ رہا تھی

۔۔۔م۔۔۔ میں۔۔۔ میں لگا دیتی ہوں "وہ سرخ ہوتی بولی

لگاو "شاہ میر اسے مزید تنگ کیے ..شرافت سے بولا ..اور حرم کی کانپتی انگلیوں کی ٹائیپینگ پر دیکھا ..تو حرم جان ..کے نام کا پاسورڈ۔۔۔ شاہ میر۔۔۔ کو بلکل حیرت نہ ہوئ وہ بغیر کسی ریسپونس کے

۔۔۔اسکے پاس سے آٹھ گیا

جبکہ حرم ۔۔۔ شاید اب رات بھر اس سے بات کرنے قابل نہیں رہی تھی ۔۔۔ .وہ سزا ہی ایسی دے جاتا تھا ۔۔۔ کہ ۔۔۔ وہ سدھ بدھ گوا دیتی تھی

.....

شہروز آج ان نظروں میں گڑھ کر مر چک اتھا جو اسکی ماں بہن یہ بھائ نے اسپر ڈالی ۔۔۔.

جبکہ لالا کے الفاظ اسکے دماغ پر ہتھوڑے کی مانند برس رہے تھے ..کسی نے اسے کچھ نہین کہا تھا ..سب لونج میں سے جا چکے تھے ..جبکہ وہ ۔۔۔ لاونج کے صوفے پر سر تھامے ..جبکہ ونیزے ۔۔۔ دوسرے صوفے پر بیٹھی مسلسل رو رہی تھی ۔۔۔شاید آج زندگی اسے سب سے بڑا سبق دے چکی تھی ۔۔۔

۔۔۔وہ شرمندگی کی شدید گھرائیوں میں تھی

...اب اور نہیں "شیروز ٹیمپر شدید لوز ہو چکا تھا

...وہ جان گیا تھا ..کہ ونیزے وہ لڑکی بلکل نہیں ہے ...جو اسکے ساتھ رہے ..اور وہ تو ایسی لڑکی ہے جو صرف اسے نیچا دیکھا نے جے لیے ..ایک لڑکے کی قربت ...میں تھی

یہ بات طے تھی... وہ ..آگ اور پانی تھے جو ایک جگہ نہیں رہ سکتے تھے ..شہروز کی نفرت پل کے پل میں اس سے بڑھ چکی تھی تبھی اسنے فون اٹھایا ..اور اپنے ..دوست کو کال ملائ

...ہاں ہارون ..انکل فری ہوں گے "اسنے... پوچھا ..آواز میں... ضبط ..تھا ..دوسری طرف سے کیا جواب ملا ونیزے نہیں جانتی تھی

یار پلیز انکل سے ایک کام کرا دو ..مجھے ڈائورس پیپیر ریڈی کرنے ہیں "اسکی بات پر ...ونیزے کے وجود کو ایک اور جھٹکا ..لگا

...نہیں "اسکے لب تھرتھرائے

.....وہ نہیں جانا چاہتی تھی کہیں ... اب ... مگر

...کیا یہ اسکی سزا تھی ..اتنی بڑی سزا

...ونیزے ... کی ہچکیاں بند گئیں

...اوکے یار پرسوتک میرا کام لازمی کرا دینا ... تھینکیو "اسنے کہہ کر کال کٹ کی

...اور اپنی جگہ سے اٹھا

شہروز ..پلیز" ..ونیزے کے بولنے کی دیر تھی شہروز چیل کیطرح اسپر جھپٹا ..اور اسکا

...دوائیاں گال ..ہے در پے پڑنے والے ..پانچ تھپیڑوں سے سرخ کر دیا

...یہ زندگی میں پہلی بار اسکو کسی نے مارا ..تھا

...بتا دیا نہ تم نے کہ ہاں ہو تم ایک طوائف کی بیٹی

...وہ بولا ..تو ونیزے ... سٹل رہ گئ

...یہ پہچان تو ..وہ خود پر سے کھرچ کر پھینک دینا چاہتی تھی

..ارے ونیزے بی بی ..طوائف کی بیٹی طوائف ہی ہوتی ہے ..میرے اس پاک

...گھر میں تمھاری جگہ نہیں ہے ..تم کوٹھے کو چمکاو

ضرور تمھاری وہاں قیمت... ایسی ہو گی ..کے کوئ خرید نہ سکے مگر مجھے اس عزیت

..سے چھٹکارہ دو کہ تم میری بیوی ہو..."وہ دھاڑا ..جبکہ ..سائیڈ لیمپ اٹھا کر

...زمین پر دے مارا

...ونیزے کا وجود حرکت کرنا بھول گیا ..تھا

تمھیں طلاق دے کر ..میں خود کو پرسکون کرنا چاہتا ہوں ..تم اس قابل نہیں ہو

...میری بیوی بنو

..اور یہ ..یہ لباس "اسنے اسکے کوٹ ..سے چھلکتی ..شرٹ ..کو اپنی مٹھی میں

...جکڑا ..ونیزے پتے کی طرح ہل گئ

...میڈیم مین پہننے کی بھی کیا ضرورت ہے

...اتار دو سب... "اسنے اسکا ..کوٹ اتار کر دور اچھال دیا

لیمپ کے گیرنے کی آواز پر ..اماں .. سمیت ..شاہ میر ..شانزے ..اور شاہ میر کی پیٹھ کے پیچھے چھپی حرم بھی لاونج کے دروازے پر آ گئے تھے ..مگر اندر ..ہوتے معاملے کو ..دیکھ کر وہ سب وہاں سے ہٹے...

حرم پوری فلم دیکھنی ہے ..بیبی"حرم جو ونیزے کو دیکھ کر .. حق و دق .. تھی ..شاہ میر کی بات ہر سٹپتا گئ...

دیکھ تو وہ پہلے بھی چکی تھی مگر تب شاہ میر نے اسے حیران ہونے کا موقع نہ دیا ...

شاہ میر اسکے بلش کرنے پر ..اپنے سر پر ہاتھ مار کر رہ گیا...

اور اسکا ہاتھ پکڑ کر دوبارہ روم میں لے گیا...

ونیزے ..بغیر کوٹ کے سلیو لیس ..شرٹ میں کھڑی اب بھی ساکت تھی ..اسکے آنسو جیسے شہروز کے لفظوں میں گم ہو چکے تھے...

کاش میں تمھارا قتل کر دیتا" ..شہروز نے نفرت سے اسکے وجود کو دیکھا ..اور پیچھے ..دھکا دے کر ..وہ اسکے کوٹ پر ..اپنے جوتے کی دھول اڑاتا ..وہاں سے نکل گیا ..جبکہ ونیزے کو

اسوقت ... .اپنا آپ ... ایک چٹیل میدان میں معلوم ہوا .جو ایک آندھی سے ...ریزہ ریزہ ہو چکا تھا

...وہ اپنے آپ کو غور سے دیکھنے لگی

....اور پھر سامنے لگے آئینے ... پر دیکھ کر ..وہ خود کو نوچ نے لگی

..جبکہ ..اسکی سسکیوں اب چیخوں میں بدل رہیں تھیں

..اماں جو اپنے کمرے میں بے چینی سے ادھر ادھر ٹھل رہیں تھیں ان سے مزید ...یہ سب برداشت نہ ہوا

غلطی سب سے ہوتی ہے ..اور اس کی آنکھیں بتا رہیں تھیں ..وہ اپنی غلطی ہر ....بری طرح نادم ہے

.. تبھی وہ ..لونج میں آئیں ..اور ونیزے کا پاگل پن دیکھ کر اس تک پہنچی

.....کیا کر رہی ہو یہ ..." انھوں نے ..اسکو روکنا چاہا

.....نہیں مجھے ... مجھے مت روکیں ..میں طوائف نہیں ..ہوں

.....نہیں ہوں میں

وہ وہ ٹھیک کہتے ہیں ..مجھے ..مر جانا چاہیے ..اسطرح .. مجھ پر سے ..یہ داغ ہٹ

..جائے گا "..وہ پاگوں کیطرح ..اب بھی خود کو نوچتی چلا رہی تھی

..اماں ..نے پریشانی سے اردگرد دیکھا ..وہاں کوئ نہیں تھا

.....ادھر دیکھو

.....نہیں ہو تم طوائف .. تم میرے بیٹے ..شہروز کی بیوی ہو .. سمجھی

غلطی تم سے ہوئ ہے .. تم معافی منگو ..اللہ سے ..وہ معاف کر دے گا..... اور

جب اللہ معاف کر دے ..تو وہ بندے کے دل کو بھی نرم کر دیتا ہے ..اسطرح خود

.....کو مارنے سے کچھ فائدہ نہیں" انھوں نے اسکے بالوں کو چہرے پر سے ہٹایا

...ونیزے نے نفی میں سر ہلایا

وہ... طلاق ..دے گے "اپنے اندر کا ..سب سے بڑا خوف .اسنے انکے سامنے

...رکھا ..تو ..وہ ..اس لڑکی ..پر ایک پل کے لیے مسکرا دیں

...نہیں دے گا... اٹھو تم "اماں نے ... اسکو اٹھایا

ونیزے سے چلا نہیں جا رہا تھا... ہیل پہننے کی وجہ سے ... اسکے آہوں میں

...موچ آ چکی تھی

...تبھی وہ لنگڑا کر چل رہی تھی

...اماں نے اسے بیڈ پر بیٹھایا

...ونیزے اب بھی رو رہی تھی ..اسکی آنکھ سے آنسو .. نہیں جا رہا تھا

اٹھو یہ لباس تبدیل کر لو "انھوں نے ایک سفید رنگ کا اپنا لباس اسکے ہاتھ میں

..تھمایا ..تو وہ انکو دیکھ کر رہ گیئں

..اوہ کوئ خوبصورت عورت نہیں .. تھی ..مگر اسوقت اس عورت کے چہرے کا نور

..ونیزے ..کو اپنا آپ ..بدصورت ترین ..لگا

..اسنے اماں کے ہاتھ تھا .لیے .اور انپر سر رکھ کر .رونے لگی

.···آپ بہت خوبصورت ہیں"وہ بولی تو ..اماں ..نے ایک قدم .اس سے دور کیا

···یہ بات انھیں صرف شاہ میر کہتا تھا ..اور ایک بار تو اسنے ایسا کلمہ ..لیا کہ

اماں نےا سے جھڑک دیا ..تب وہ منہ بسور ..کر رہ گیا ..مگر اب بھی وہ لاڈ میں

..انکی تعریفوں ..کے پل باندھتا تھا ..مگر وہ سب انھین ہمیشہ جھوٹ لگیں

···اور آج ..اس لڑکی کے منہ سے سن کر ..انکے دل کی کیفیت .. عجیب ہوئ

..مجھے آپکے جیسا بننا ہے ..آپکے جیسی خوبصورتی چاہیے مجھے بھی "ونیزے سسکی

..تو ..اماں ··· نے .ایک گھیرہ سانس لیا

.···اچھا اٹھو

اور جا کر لباس تبدیل کرو۔۔۔ "انھوں نے اسکو کہا تو ..وہ سر ہلاتی وہاں سے آٹھ کر واشروم میں آگئ ..اپنا آپ اپنا حولیہ شہروز کے الفاظ سب یاد کر کے وہ ایک بار پھر بے اوسان رو دی..

لباس تبدیل کر کے۔۔۔ ..وہ بیس منٹ میں باہر آئ ..تو ..اس سے دوپٹہ سمبھل ہی نہیں رہا تھا ..مگر اسنے ..پوری طرح سختی سے اپنے ہاتھوں میں جکڑا ہوا تھا اماں مسکرا کر اسکے نزدیک ہوئیں۔۔۔ اور ..دوپٹہ اسکے شانوں پی ر پھیلا کر اسکے بال درست کیے..

تم بہت پیاری ..لگ رہی ہو "اماں نے اسکی گوری رنگت ..اور کھڑے نقوش ..کو غور سے دیکھا..

ونیزے .کو یہ الفاظ .تیر کیطرح لگے۔۔۔

وہ بدصورت تھی ..اور جو اب اسے پیارا کہتا ..یہ صرف اوپر طنز تھا ..اور یہ طنز وہ ہر پل ڈیزرو کرتی تھی۔۔۔

...وہ کچھ نہ بولی ..بس بھیگی پلکوں سے انھیں دیکھنے لگی

...وضو کیا ہے تم نے "اماں نے اسکی حالت دیکھ کر بات تبدیل کی

..وہ ..انکی جانب دیکھنے لگی ..اور شرمندگی سے سسکی

"...مجھے نہیں آتا

...اماں نے ایک لمحے اسکی صورت دیکھی

جو رو رہی تھی ..اور رونے کے باعثلث اسکی آنکھیں سوج کر اور بھی پیاری لگ

...رہیں تھیں

"...کوئ بات نہیں میں سیکھا دیتی ہوں

.اماں نے کہا ..اور اسے واشروم میں لے کر چل دیں

.....

...شاہ میر حرم... شانزے... جبکہ شہروز بھی ناشتے کی ٹیبل پر تھے جبکہ اماں اور ونیزے جس کا ذکر گھر میں کوئ نہیں کرنا چاہتا تھا..وہ نہین تھی سب خاموشی سے اماں کا ویٹ کر رہے تھے..

...م..میر "حرم میر کے کان میں تقریب گھستے ہوئے بولی

...میر نے .اس سے فاصلہ بنا کر گھورا تو وہ منہ بسور کر رہ گئ

بھوک لگی ہے "..وہ بھرائ ہوی آواز مین بولی تو میر اسکی شکل ..حیرت سے دیکھنے لگا..یہ لڑکی پل میں آنسو کیسے نکال لیتی تھی...

صبر کرو "میر نے کہا..تو حرم ..نا دانستگی مین ..چمچ بجانے لگی ..شہروز اور شانزے نے اسکی جانب دیکھا .جبکہ شاہ میر تو اسے کھا جانے والی نظروں سے گھور رہا تھا...

ابھی وہ رونا سٹارٹ کرتی...کہ وہ تینوں ہنس پڑے ..جبکہ ماحول کی کثافت ..کافی کم ہو گی..

..سو کیوٹ بھابھی "شانزے نے ..اسکے گال ہر چٹکی کاٹی جو سرخ ہو رہی تھی

...شاہ میر نے پیار سے اپنی بہن کو دیکھا

بھابھی آپ ..کہاں تک پڑھی ہین میرے خیال سے آپکی سڈی تو ابھی کنٹینیو ہو گی ..تو آپ میرے کالج کو جائن کر لیں "شانزے نے ..حرم کو مشورہ دیا ..جبکہ

...حرم کے گلے میں پڑھائ ..اٹک گئ

..یونی جانا اسکے لیے شروع دن سے محال تھا ..اللہ اللہ کر کے جان چھٹی تھی

ن ..نہیں ..وہ اب میری شادی ..ہو گئ ہے نہ "حرم نے جیسے اسے بتایا ..شاہ میر ..سب سمجھتے ہوئے آئ برو اچکا کر اسکی صورت تکنے لگا ..جبکہ شہروز نے

..مسکراہٹ چھپاتے ہوئے چہرہ پھیر لیا

اچھا... ..ہو گئ تمھاری شادی "شاہ میر ..نے سنجیدگی سے پوچھا ..ھرم کی پلکین

..پھیر سے بھیگنے لگی

لالا پلیز یار ..یہ ..اکڑو پولیس والا بن کر ہماری بھابھی کو ٹریٹ نہ کریں "شہروز بالآخر ...بولا ..تو شاہ میر ..نے داد دینے والے انداز مین گلی بجائ

کل سے تم یونی جا رہی ہو... انڈرسٹوڈ"شاہ میر نے سختی سے کہا ..حرم سر جھکا ...گئ... جبکہ ناراضگی سے وہ ٹھیڑی نظرو سے میر کو دیکھ رہی تھی

..شانزے اور شہروز کے پاس ہنسنے کے سوا کوئ چارا نہیں تھا

شہروز... تم خود ..دونوں کو پیک اینڈ دروپ دو گے ..اور میں کوئ کوتاہی برداشت ...نہیں کروں گا "اسنے ..جیسے اسے وارن کیا

...تو شہروز نے سر ہلایا ..تبھی اماں کے کمرے سے ..ونیزے ..اور اماں نکلیں ونیزے کا حولیہ حرم ..منہ کھولے دیکھ رہی تھی ..جبکہ ان تینوں کو نے ایک نظر ..اماں کو دیکھ کر سلام کیا ..اور سر جھکا لیے

حرم نے ..اماں کو دیکھا ...جو ونیزے کے شانے پر ہاتھ رکھے ..اسے اپنے ساتھ والی کرسی پر بیٹھا رہین تھیں ..نو سو چائے کھا جر بیلی حج کو چلی" ..شہروز نے

نفرت سے ..کہا ..جو ٹیبل پر موجود ..شاہ میر اور ..ونیزے نے سنا ..ونیزے کا ..دل .. بھر آیا ..جبکہ پلیکں بھیگ گئیں تھیں

..اسے ان تینون کا سلام کتنا اچھا لگا .. تبھی کچھ دیر بعد کنفیوز سی ہوتی ..اسنے بھی ...ایکدم سلام جھاڑا

...تو ..سب کی نظر اسپر اٹھی ..جن سے ایکدم وہ گھبرا گئ تھی

...اس سے پہلے وہ رونا شروع کرتی ..اماں مسکراتی ہوئیں اسکے نزدیک گئ

اور اسکے سر کا بوسہ ..لیا ..کیسی ہو ڈول ... "انھوں نے لاڈ سے پوچھا تو ..حرم کا ...سانس بحال ہوا

...اور اسنے خوشی سے سر اثبات میں ہلایا

میری بیٹی سب سے پیاری ہے "اماں نے حرم کے گال پر ایک بار پھر پیار کیا اور ..جگہ پر بیٹھ گئ

...دیکھا بچو "حرم بے ساختہ بولی

...تو ناشتہ کرتے ان تینوں کے قہقے ... خان ہاوس کی درودیوار میں گونج گئے

....جبکہ حرم نے منہ بسور لیا..اماں بھی ہنس دیں

ناشتہ کرو خاموشی سے ..جب سے میری بہنیں آئیں ہیں ہنسنا بند نہی.ں ہو رہا تم

..سب کا "امان نے ناراضگی سے ..کہا تو شہروز نے اعتراض کیا

اماں بہنوں نہیں بہو... بھابھی بہت کیوٹ ہیں "اسنے حرم کی طرف دیکھا نظروں

...میں عزت ہی عزت تھی

ونیزے سے کچھ بھی کھایا نہیں جا رہا تھا..اسے ..حرم کی قسمت پر رشک آنے

..لگا

شہروز ناشتہ کرو "امان نے کہا تو وہ جاموشی سے ناشتہ کرنے لگا..جبکہ حرم اپنی

..تعریفون پر ..پھولے نہیں سما رہی تھی

..اور شاہ میر کو اسوقت وہ بہت پیاری لگ رہی تھی

اگر سب یہان نہیں ہوتے اور وہ شاہ پیلس میں ہوتا تو ضرور اسکے پیارے لگنے پر

...اسے ... بڑی ..پیاری سزا دیتا

.....

میر ..پلیز دیکھیں میں اماں کی ہیلپ کروں گی سارے کام بھی کرو گی ..مگر مجھے پڑھنا نہیں ہے" ..وہ رات سے یہ ہی گردان اسکے کانوں میں بولے جا رہی تھی

...جبکہ وہ اپنی پریس نہ ہوئ یونیفارم کو غصے سے گھور رہا تھا ...

...بغیر حرم کی بات کا جواب دیے شاہ میر کمرے سے باہر نکلا

اماں "اسنے وہیں سے ہانک لگائ ... کچن میں مصروف اماں نے ... ایک نظر ..ونیزے کو دیکھا ...جو ..بے تاثر نظروں سے چھری ... کو چلتا دیکھ رہی تھی

...وہ چھری لے کر باہر نکل گئیں ..کہیں وہ کچھ کر نہ لے

..کیا پروبلم ہے شاہ میر "اماں نے ناگواری سے پوچھا ..تو وہ جھنجھلا گیا

کیا میں یہ یونیفارم پہن کر جاو گا ..آپ نے پریس نہیں کرایا··· شانزے کر دیتی ..یہ ..واچمین سے کہہ کر کرا دیتی··· ".خان ہاوس میں ایک بھی نوکر نہیں تھا اماں سارا کام خود ہی کر لیں تھیں شانزے بھی انکی مدد کر دیتی تھی ..جبکہ شاہ ···میر اور شہروز بھی اکثر ..کسی دن موڈ میں ہوتے تو ہیلپ کر دیتے .···اماں کو گھر کے کام نوکروں سے کرانا بلکل پسند نہیں تھا ···اوپر سے شاہ میر بھی گھر میں کوئ بھی نوکر نہیں چاہتا تھا ···جبکہ شہروز اکثر اِس بات پر جھنجھلا جاتا تھا .···اس میں چیخنے کی کیا بات ہے··· شانزے جاو ..لالا کے کپڑے استری کر دو اور اگلی بار تم بلاوجہ یوں چیخیں تو ..میں بلکل پریس نہیں کروں گی صبح صبح گھر کو چڑیا گھر بنا دیتے ہیں"اماں غصے سے بڑبڑائیں تو ..حرم··· کو شاہ میر کی کلاس ···لگتے دیکھ کافی مزاہ آیا

···اور وہ اچانک ہی شاہ میر کے پیچھے سے نمودار ہوئ

اماں کیا میں پریس کر دوں ۔۔۔ اب ۔۔تو یہ کام مجھے ہی کرنے ہیں "وہ تھوڑا سا بلش ہوتی ۔۔۔ بولی تو شاہ میر ۔۔اسکی صورت تکنے لگا ۔۔۔یہ لڑکی اچھی خاصی چالاک تھی ۔۔۔یونی نہ جانے کی وجہ سے ۔۔اسنے شاید یہ آفر کی تھی ۔۔۔اماں نے اسے وارفتگی سے دیکھا

میری بیٹی تو بہت سمجھدار ہے "۔۔اماں نے کہا تو ۔۔حرم نے پورے دانتوں کی نمائشکرتے ہویے شاہ میر کو دیکھا اور اسکے ہاتھ سے شرٹ جھپٹ کر ۔۔وہ سٹور روم کی جانب چل دی کیونکہ آئرن سٹینڈ ہی وہیں تھا ۔۔۔

۔۔شاہ میر ۔۔ مٹھی بھینچتے ہوئے ۔۔۔ اسکے پیچھے گیا

۔۔۔حرم ۔۔جاو ۔۔۔ اپنی تیاری کرو یونی جانے کی "شاہ میر نے ۔۔اسکو گھورا ۔۔۔میر ۔۔بیوی کا کام کیا ہوتا ہے

شوہر کی خدمت نہ کرو کتابوں میں وقت جھونک دوں ..ایسا نہیں ہوتا نہ "وہ ..معصومیت سے آنکھیں پٹپٹا کر بولی ... جبکہ شاہ میر ... اسکی عقل مندی کا ... جیسے قائل ہوا ..تھا مطلب وہ سیدھی زبان میں ماننے والی نہیں تھی

اوہ ..تو میرے بیبی کو ..بیوی بنے کا بہت موڈ ہے ... "شاہ میر ... نے اسکے ہاتھ سے شرٹ جھپٹی ... اور آئرن سٹینڈ پر پھینک کر اسنے سٹور روم کا دروازہ بند ... کیا

... حرم کو محسوس ہوا ..اب اسنے پاوں ہر کلہاڑی مار لی ہے

م ... .میر میرا وہ مط ... مطلب نہیں تھا "..شاہ میر کو خود کے قریب آتا دیکھ کر ... حرم ہکلائ .

تو کیا مطلب تھا سوئیٹ ہارٹ ..جانتی ہو بیوی کے کام ..اور فرائض کیا ہوتے ہیں "..اسنے ..اسکی کمر میں ہاتھ ڈال کر ... خود سے قریب کیا ..جبکہ حرم ..پل ... میں جیسے پھیگل گئ تھی ... اسکا چھونا ہی حرم ... کو مدہوش کر دیتا تھا .

.... عجیب سحر انگیز شخص تھا

.....م... میں... مجھے چھوڑیں ..مجھے جانا ہے "حرم منہ بسور تی ہوئ بولی

...ارے ابھی سے... میں تو سوچ رہا ہوں... آج یہ دروازہ بند کر کے

.....ایک میں ..اور ایک تو

وہ گنگناتا ..ہوا .اسکے بال ..گردن سے ہٹا ..کر... ابھی کچھ کرتا ہی کہ حرم "

....کرنٹ کہا کر اس سے دور ہوئ

...آپ... کتنی بری باتیں کرتے ہیں"حرم اپنے دل کی دھڑکنوں کے شور کو

... سمبھالتی ہوئ... کانپتی آواز میں بولی

ڈارلنگ... ابھی سے کیوں گھبرا رہی ہو" ..شاہ میر نے ایک ہونٹ... .دانتوں

میں دبا کر .. حرم کو رسیلی نظروں سے دیکھا ..جبکہ ایک ہاتھ سے وہ ..اپنی رف پھنی

....ہوئ شرٹ کے بٹن کھول رہا تھا

.. حرم اسکے اس لوفرانہ ..انداز پر آنکھیں پھاڑ کر رہ گی

..م... میر "..شاہ میر کو اپنے بلکل نزدیک دیکھ کر حرم دیوار میں چپک گئ

...ریلکس بیبی... تم تو بیوی بننا چاہتی ہو

...تو اب ڈر کیوں رہی ہو "..شاہ میر نے... اسکی گھبراہٹ سے حظ لیتے ہوئے

...اپنے پرانے ..انداز میں .. سنجیدگی سے

اسکے گالوں کو چھوتے ہوئے پوچھا ..تو اسے حرم کی دھڑکنوں کا شور اپنے کانوں میں

...بھی محسوس ہوا

ن... نہیں م... میں جاتی ہوں نہ... یونی بھی تو جانا ہے "حرم بھیگے لہجے .

...میں بولی تو شاہ میر... مدھم سا مسکرا دیا

یہ بات بات پر رو کیوں دیتی ہو "..اسنے ..دونوں ہاتھوں.ں سے اسکے چہرے پر

سے بال سمیٹے ..اور اسکی آنکھوں میں دیکھا ..جبکہ حرم اسکے لبوں پر ٹھری

...مسکراہٹ دیکھ رہی تھی

..خیرت... .پسند آ گئے ہیں کیا" ..اسنے شرارت سے ..پوچھا ..تو حرم نے سٹپٹا

...کر ..آنکھیں کھا لیں

...ج... جاوں" .وہ .. ممنائ

کیا جو تمھیں چیز پسند ہو اسکا ٹیسٹ نہیں کرتی" ..شاہ میر مدہوش سا ..اسکے ..لبوں

...پر جھکنے لگا

....حرم نے ..آنکھیں زور سے بھینچ دیں

...شاہ میر نے ..اسکو مزید خود میں بھینچ لیا

..ابھی ..وہ اسکی سانسوں .کو بھی قید کرتا اس سے پہلے ہی دروازہ دھڑ دھڑ بجا

...دونوں .. جھٹکے سے الگ ..ہوئے

حرم کی تو سانسیں ہی اکھاڑنے لگیں ..جبکہ شاہ میر شانزے کو دیکھ کر اچھا خاصا

...بھکلا چکا تھا

..کم از کم اسکی بہن کے سامنے اسکا ایسا امیج نہیں تھا

..اسنے خود پر ..افسوس کیا

ارے بھابھی ..کیا ہوا "حرم کا کھانسنا جب نہیں روکا تو شانزے اس تک پہنچی اور

..اسے اٹھایا

میں ٹھیک ہوں ... "حرم نے منہ پر ہاتھ رکھ کر ..ایک نظر شاہ میر کو دیکھا ..جو

....اسی کیطرف سنجیدگی سے دیکھ رہا تھا

...اور شانزے کا ہاتھ پکڑ کر ..وہ وہاں سے تقریباً بھاگی ہی تھی

یہ آدمی بہت خطر ناک تھا... اسنے اب شاہ میر سے دور رہنے کا فیصلہ کر لیا تھا

...

.....

..ونیزے خاموشی سے ... اماں کو کام کرتے دیکھتی رہی

..بیٹا جاو... شہروز کی مدد کرو اسے شاید کسی چیز کی ضرورت ہو "اماں نے کہا تو

...ونیزے پھینکا سا ہنس دی

"انھیں ضرورت نہیں میری ہیلپ کی

اچھا اور تمھین کیسے پتا ..بات نہیں کروگی تو بات ختم نہیں ہوگی ..جاو شاباش

انھوں نے اسکا ہاتھ پکڑ کر باہر کی جانب کیا ..تو ..ونیزے ... ہمت کرتی ..شہروز"

... کے کمرے کی جانب بڑھی

.اور ابھی وہ دروازہ بجاتی ... مگر دروازہ تو پہلے سے کھلا ہی تھا ..وہ اندر آئ ..تو شہروز

... ٹراوزر پہنے گلے میں ٹاول ڈالے ..بغیر ... شرٹ کے کھڑا ... تھا

... ونیزے کو اپنے کمرے میں دیکھ کر وہ غصے سے ..پلٹا

یہاں آنے کی وجہ ... "وہ بھنایا

..جبکہ ونیزے اسکے کڑے تیوروں ... سے گھبراتی ... بولی ...

وہ آنٹی نے کہا ..تمھاری ہیلپ کروں ... میرا مطلب آپکی "اسنے حرم کو شاہ میر کو

..آپ کہتے سنا تھا ... اسے لگا شہروز بھی اسکا یہ انداز شاید پسند کرے

گریٹ ..تو اب کون سی گیم چل رہی ہے تمھارے دماغ میں میرے خلاف مجھے دیکھنے کے لیتا اب کس مرد کا سہارا لینے والی ہو "شہروز نے کڑے تیروں سے اسکو ..دیکھا ..جبکہ اسکی کڑوی بات ..ونیزے نے ... نم آنکھوں سے برداشت ..کی ..اور سر جھکا گئ

...دیکھو محترمہ یہ ڈرامے بازی تم نہ کسی اور کو دیکھو

حیران ہوں میں تمھاری اداکاری پر... اچانک تمھیں نیک پارسا بننے کا شوق چڑھ ..گیا ..چانک تم میرے ساتھ رہنے کے لیے تیار ہو گئ

..اچانک .. تم نے اپنا حولیا بدل لیا

...چاہتی کیا ہو تم "اسنے گلے سے ٹاول اتار کر غصے سے بید پر پٹخی

میں غلط تھی "ونیزے ..نے اپنے آنسو صاف کیے ..شاید اسکے دل کا بوجھ اس ...سے معافی مانگ کر کم ہو جائے

" ....اچھا بڑی جلدی نہیں پتا چل گیا تمھں کہ تم غلط تھی

...شہروز نے شانے اچکائے

...اور... اپنی شرٹ اٹھالی ..ونیزے اب بھی سر جھکائے کھڑی کہتی

میرا آپ سے شادی سے پہلے کوئ بھی عمل تھا ..اسکے لیے ..میں اپنے خدا سے

...معافی مانگ سکتی ہوں آپ سے نہیں

مگر آپکے نکاح میں رہ کر میں نے صرف آپ کو... نیچا دیکھنے کے لیے عادی کے

..ساتھ جو بھی کیا ..اسکے لیے میں آپ سے معافی مانگنا چاہتی ..ہوں

مجھے اپنی غلطی کا احساس ہے" ..وہ اپنے آنسو پونچتی اب اسکی صورت تک رہی تھی

...

...جو شرٹ پہن چکا تھا

میری تم سے کوئ فلی وابستگی نہیں کہ مین تمھیں سینے سے لگا کر یہ کہو کہ اگر صبح

...کا بھولا شام کو لوٹ اۓ ..تو ٹھیک ہوتا ..ہے

..میں نے تمھاری جیسی لڑکی کو کبھی پانے لائف پاٹنیر کے طور پر ..پسند نہیں کیا

تم نے میرے نکاح میں رہ کر جو بھی کیا ..وہ اگر وقت کے ساتھ میں بھول بھی جاو تب بھی ہم دونوں کا ساتھ ممکن نہیں نہ میں تمھیں اپنے ساتھ رکھنا چاہتا ..ہوں

..میں نے ڈیورس پیپر ریڈی کرنے کا کہا ہے ..میرے دوست کے فادر وکیل ہیں لیکن ابھی وہ یہان نہیں ہیں ..تو جیسے ہی وہ ایئں گے تمھیں طلاق دے کر مین ..تمھیں آزاد کر دوں گا ..تم اپنی جگہ خوش رہو میں اپنی جگہ ..اب تم جا سکتی ہو

اسنے دو ٹوک بات کی جبکہ اس دوران وہ ..ونیزے کا زارو قطار رونا .. عجیب" ...نظروں سے دیکھ رہا تھا ..مگر ...جو حقیقت تھی وہ اسنے سامنے رکھ دی تھی ، ..ونیزے ابھی باہر نکلتی کہ ... اماں کو دیکھ کر اسنے اپنی بھیگی آنکھیں صاف کیں ..بول دیا تم نے جو بولنا تھا"..اماں نے ..شہروز کو غصے سے دیکھا

شہروز نے پلٹ کر انکی جانب دیکھا اور سلام کیا جس کا جواب انھوں نے سر کے ...اشارے سے دیا

شہروز مجھے تم سے اتنی سنگدلی کی امید نہیں تھی ..میں کوئ لمبی چوڑی باگ نہیں کروگی ..صرف اتنا بتاوگی ..تمھین کہ ونیزے کے علاوہ ..نہ تم میرے زندہ رہنے تک کسی سے شادی کرو گے اور نہ ونیزے کو طلاق دو گے..."..وہ سختی سے بولیں ..تو شہروز ..نے ایک خونی نظر ونیزے پر ڈالی...

اماں ..ہم دونوں ..اکھٹے نہیں رہ سکتے "..شہروز نے کہا ..تو ..اماں نے ہاتھ اٹھا کر اسے ٹوک دیا...

سب ٹھیک ہو جائے گا وقت کے ساتھ...

"..وہ تمھارے ساتھ رہنا چاہتی ہے ..تمھیں اسے موقع دینا چاہیے

بکواس ہے ..یہ لڑکی اب بھی کوئ گیم سوچے بیٹھی ہے "اسنے ناگواری سے کہا ..تو اماں نے شہروز کو گھورا... تم اپنا منہ بند کرو ..اور اگر وہ اتنی ہی پلینگ تمھارے بقول کر چکی ہے تو کیا تم میں اتنی صلاحیت ہے کہ تم اسے اپنا کر سکو "اماں نے جیسے اب اسے آڑے ہاتھوں لیا..

..میں کتنا ہی نہیں چاہتا" ..شہروز ..نے صاف ٹکا سا جواب دی آ

ٹھیک ہے ..تمھارا دماغ ..جب درست ہو جائے تب بات کرنا ..ورنہ اب مجھ سے

" بات مت کرنا

...وہ بولیں اور باہر نکلنے لگی

یار اماں آپ اس لڑکی کی وجہ سے اپنے بیٹے سے ناراض ہو گئیں"وہ ایک پل میں

اس تک پہنچا

..بیوی ہے یہ لڑکی تمھاری "شہروز نے ..گھیرہ سانس لیا

اچھا ٹھیک ہے جیسں آپ چاہتی ہیں ویسا ہی ہو گا... "وہ کم از کم اپنی ماں کی

...ناراضگی برداشت نہیں کر سکتا تھا

..تبھی حامی بھری

جبکہ دل میں وہ ونیزے کی اصلیت اماں کے سامنے لانے کے لیے ..پختہ ارادہ

...باندھ چکا تھا

..اماں اسکی حامی ہر مسکرائیں

...مجھے فخر ہے اپنے بچوں پہر "انھوں نے لاڈ سے کہا ..اور اسکے سر پر ہاتھ پھیر

...جبکہ وہ بغیر ونیزے کو دیکھے اماں کے ساتھ ہی نکل گیا

.....

..آبان تمھارا ایک مہینہ پورا ہو چکا ہے "وہ بولا تو آبان نے سر تھام لیا

..صرف پندرہ دن ..پندرہ دن کے اندر اندر حرم تمھارے پاس ہو گی"ابان نے کہا تو مقابل نے اسکو دو چار گالیاں دیں ..اور سولہویں دن اسکو مار دینے کی دھمکی دے کر فون بند کر دیا ..جبکہ ابان ..کو اب سیدھے راستوں سے کچھ ہوتا نہیں دکھ رہا تھا..

...وہ حرم کو کڈنیپ کرنے کا ارادہ کر چکا تھا ..جبکہ شاہ میر ..کو بھی مزاہ چکھانا تھا

اور آج ہی اسے اپنے سورسز سے پتا چلا تھا کہ .. حرم نے یونی جانا شروع کر دیا ہے

. . . .

. . . مگر اسکی یونی چینج تھی جبکہ اسکا نام بھی چینج تھا

.. اسنے رضا کو بتانا ضروری نہین سمجھا

اچھا تھا وہ بڈھا ایسے ہی اسکو دیکھنے کے لیے ترسے . . . کیونکہ وہ کچھ کرنے لائق

.. نہین تھا .. دن بادن رضا .. کی حالت اور صحت گیرتی جا رہی تھی جبکہ یہ ہی حال

. . . زرینہ کا بھی تھا

. . . . . .

. . . شام کے سائے چارو اور پھیل چکے تھے

اماں شانزے حرم ونیزے سب ہی بیٹھے تھے .. جبکہ حرم چیئر پر آنکھیں بند کیے

.. اب پوری طرح نیند میں اترنے لگی تھی

.. حرم "اماں نے پکارہ . . . تو وہ سرخ آنکھوں سے چونک کر انھیں دیکھنے لگی

... ...تھک گئ ہے میری بیٹی "وہ پیار سے بولیں

..تو حرم نے منہ بنایا

...میں تھکتی تو نہیں ہو..وہ آپ کا جنگلی بیٹا ہے ..ڈرا دھمکا کر پڑھنے بیجھتا ہے میں بھی فیل ہو گی ..پکا"..وہ آنکھیں بند کیے نیندوں میں بولی تو... اماں سمیت ...وہ دونوں بھی مسکرا دیں

ونیزے کی حرم سے اب تک کوئ بھی بات نہیں ہوئ تھی

..کیونکہ ...کوئ موقع نہیں بنا

..اچانک ہی اسکو کچھ یاد آیا

..حرم تم نے میڈیسن لی ہے "ونیزے بولی تو اماں اور شانزے نے چونک کر ...اسکی ..جانب دیکھا جبکہ حرم نیند میں بڑبڑاتی ..ہوئ ..اب ..ہاتھ چلا رہی تھی ...اور پھر وہ گھیری نیند میں اتر گئ

..بیٹا تم حرم کو جانتی ہو "اماں نے پوچھا تو... ونیزے نے اثبات میں سر ہلایا

"ہم ایک ساتھ پڑھتے تھے

پھر تو تمھاری بھی پڑھائی کا کافی لوس ہو گیا ہو گا .. تم بھی دوبارہ جوئن کر لو "اماں ... نے مشورہ دیا تو ونیزے .. انکی طرف دیکھنے لگی

میرے خیال سے شہروز کو اچھا نہیں لگے گا "ونیزے نے کہا تو اماں نے .. نفی ..کی

نہیں وہ کچھ نہیں کہے گا ... تم بھی دوبارہ سے جاو ... اور .. ویسے تو .. میرا "مطلب .. تمھارے والدین جو سب کچھ ہو چکا ہے اسکے بارے میں جانتے ہیں ... انھوں نے کچھ جھجھک کر پوچھا کہیں وہ برا نہ مان جائے

... نہیں آنٹی ... میری ماں نہیں ہے .. اور بابا ... وہ .... .. نیویوک گئے ہیں .. معلوم نہیں وہ کب آئیں .. کسی کو اس بات سے فرق نہیں پڑے گا ونیزے کہاں ہے زندہ ہے یا مر گئ "نم آنکھوں سے وہ پھیکا سا ہنسی تو اماں نے اسکے سر

..پر ہاتھ رکھا ..جبکہ شانزے جو اسکے لیے کچھ اچھے خیالات بلکل نہیں رکھتی تھی

...اسکو بھی ونیزے پر ترس آیا

...یقینا اگر اسکی اچھی پرورش ہوتی تو ..اسکا ماضی ..اسکے لیے ..پشتاوا نہ ہوتا

بھابھی کچھ نہیں ہوتا اب آپ یہاں ہیں اور ہمیں تو فرق پڑتا ہے" ..شانزے بولی

...تو ونیزے ..نے ڈبڈبائ آنکھوں سے اسکی جانب دیکھا

کیا تم نے مجھے معاف کر دیا "وہ بے تابی سے بولی تو شانزے ...کو اسکا ایسا بولنا

..بلکل اچھا نہ لگا

بھابھی ..میں بھلہ کون ہوتی ہوں آپکو معاف کرنے والی "اسنے ایک نظر اماں کی

..جانب دیکھ کر کہا جو دونوں کو دیکھ رہیں تھیں

..میں نے تمھارے بھائی کے ساتھ اچھا نہیں کیا ضد اور غصے اسپر الزام لگایا

...اور "..وہ سسکی تو... شانزے

..آٹھ کر اسکے پاس آئ

آپ مت روئیں ..آپکو اپنی غلطی کا احساس ہے ..اتنا بہت ہے" ..اسنے ونیزے کو گلے لگاتے ہوئے کہا ..تو ونیزے مسکرا فی ..یہ لوگ بہت اچھے تو ..وہ نہ جانے کیوں ان لوگوں سے پیچھا چھڑانا چاہتی تھی ...

بہت برے ہی آپ میر" ..حرم ... اپنے ہونٹوں پر ..غصے سے ہاتھ پھیرتا اچانک بولی تو ..وہ تینوں اسکیطرف متوجہ ہوئیں ...

اور اسکی بات پر تینوں ہی ..جزبز ہوئیں ..اور اس سے پہلے ..وہ کچھ کہتی ..کہ شاہ میر اور شہروز کی گاڑی گھر کے اندر داخل ہوئ..

اماں کو وہاں لون میں دیکھ کر وہ دونوں ہی وہیں آ گئے اور سر جھکا کر سلام کیا..

شہروز نے ایک اچٹتی نظر ونیزے پر ڈالی ..جبکہ شاہ میر ..حرم ... کو یہاں سوتا دیکھ وہ بھی اس وقت ..حیران ہوا ..اور اب اسکے تیور بگڑنے لگے تھے ..وہ جانتی تھی یہ اسکے آنے کا وقت ہے اور پھر بھی ..سوئ ہوئ تھی ...

کیسا گزرا دن تم دونوں کا "اماں نے پوچھا تو ..دونوں نے انکی طرف دیکھا..

...اٹس ہارڈ "..شاہ میر نے کہا ..اور حرم ..کی چئیر کی بیک ہر ہاتھ ٹیکا لیا

...ٹھیک تھا بس..." .شہروز نے جواب دیا ..اور شانزے کی چئیر پر بیٹھ گیا

گڑیا ..پلیز کافی دے دو "شہروز نے شانزے سے کہا تو ..وہ سر ہلاتی ..کچن کی

..جانب چلی گئ

ونیزے خود میں چاہ کر بھی اٹھنے کی ہمت نہیں پا رہی تھی تبھی بیٹھی رہی جبکہ سر

...جھکا ہو تھا

...اور پھر اچانک اسے شاہ میر کا خیال آیا ...جو اب بھی حرم کے پاس کھڑا تھا

...آپ... آپ بیٹھ جائیں... "ونیزے... نے ایکدم اٹھ کر چئیر چھوڑی

...نو اٹس اوکے ..میں روم میں جاو گا "..اسنے ..بے تاثر لہجے میں کہا

...شہروز اور اماں دونوں نے دیکھا جبکہ ونیزے اگلا لفظ نکالنے قابل نہیں تھی

...بیٹھ جاو شاہ میر "اماں کو شاہ میر کا انداز برا لگا گھا .. تبھی بولیں

تو شاہ میر بھلہ اماں کی بات ٹال سکتا تھا۔۔۔ وہ بیٹھ گیا ..جبکہ حرم کا اسطرح سوبا اسے اکورڈ لگ رہا تھا۔۔۔

اماں شہروز سے گلاسری کے بارے میں بات کرنے لگی کیونکہ مہینہ ختم ہونے والا تھا اور گلاسری وہی لاتا تھا۔۔۔

شہروز انکی بات سن رہا تھا۔۔۔

شاہ میر کی بھی توجہ ادھر ہی تھی جبکہ ونیزے بھی سائیڈ پر کھڑی تھی۔۔۔

میر "اچانک ہی حرم کی لجائ ہوئ آواز پر سب نے اسکیطرف دیکھا ..جبکہ شاہ میر کو پہلی بار اپنے کانوں سے دھواں نکلتا محسوس ہو رہا تھا۔۔۔

اسکی آواز میں ایک عجیب تاثر تھا ..اور بس اس سے زیادہ وہ برداشت نہیں کر سکتا تھا۔۔۔

اسنے حرم کی تیوری چڑھا کر کلائ پکڑی ..اور .. کھینچ کر اسکو کھڑا کیا۔۔۔

یہ رہا میر بولو کیا کام ہے ۔۔۔ "وہ غصے سے بولا جبکہ ..اماں ارے ارے کہنے کا بھی اثر نہ ہوا۔۔۔ دوسری طرف ..ونیزے اور شہروز بیقوقت مسکرا رہے تھے ۔۔۔

حرم ۔۔۔ .سرخ ..آنکھوں سے اسے دیکھ رہی تھی ..جبکہ ..شاہ میر نے اسے ایک جھنجھوڑا بار پھر ۔۔۔.

آپکے ساتھ مسئلہ کیا ہے "..حرم تو جیسے ہتھے سے اکھڑی ۔۔۔

میرا مسلہ تم ہو ..افسوس ہے مجھے تم سے شادی کی میں نے ۔۔۔ "شاہ میر نے اسکو چیڑانے کے لیے .مزے سے کہا اور۔۔۔ چئیر پر بیٹھ گیا ۔۔۔

اوہ اب ہو رہا ہے افسوس ۔۔۔ آپکو ..اب تو مجھ سے جان نہیں چھٹتی آپکی کرتے رہیں افسوس "وہ غصے سے پیر پٹخ کر بولی ۔۔۔

جبکہ شاہ میر ۔۔۔ نے اپنے مسکراتے لبوں کو ..انگلی اور انگوٹھے کی مدد سے چھپا لیا ۔۔۔

اسے ہی نہیں چھوٹتی ۔۔۔ اماں مجھے کرنی تھی آپ سے اس موضع پر بات ۔۔۔.

میں چاہتا ہوں آپ میرے لیے ایک اچھی سی لڑکی ڈھونڈیں ۔۔۔.

جو مجھے بیوی لگے ..چھوٹی بچی نہیں"اسنے ایک اور شوشا چھوڑا ..جبکہ شہروز سے اب ہنسی روکنا محال تھا...

واہ لالا واہ "..اسنے تالی بجائ ..جبکہ .. حرم جو اپنے روم کیطرف جا رہی تھی شاہ میر کی بات پر پلٹی ..اور دندناتی ہوئ اماں تک پہنچی..

میں کہہ رہی ہوں آپکو ..اگر اپنے ان کے لیے لڑکی ڈھونڈی تو ..میں اس لڑکی کو بھی اور انھیں بھی مار دوں گی "وہ برائے وہ لہجے میں غصے سے سرخ چہرہ لیے بولی..

ارے میرا بچہ "اماں نے حرم کو آٹھ کر گلے سے لگایا...

فضول بول رہا ہے ..بھلہ میری حرم سے زیادہ میری بھی کوئ ہو گی "انھوں نے پیار سے پچکارہ تو... حرم نے اثبات میں سر ہلایا ..جیسے بلکل متفق ہو انکی بات سے...

بس کرو اب ..جاو دونوں فریش ہو" ..اماں نے دونوں بیٹوں کو کہا ..اور وہ خد ..اندر کی جانب چل دیں..

ویسے لالا ..پلین آپکا اچھا ہے

...دوسری شادی کا مگر اماں "شہروز اٹھتے ہوئے افسوس سے بولا .

...جبکہ حرم نے شہروز کو کھا جانے والی نظروں سے دیکھا

لالا کی جان... .بھلہ پہلے اماں کو ..تمھارے لالا کی شادی کی خبر ہوئ تھی "شاہ میر

...شاید اچھے موڑ میں تھا تبھی حرم کی جان جلا چکا تھا

یار آپکی تو بات ہی کیا ..ہے" ..وہ دونوں ..ایک دوسرے کے شانوں پر ہاتھ رکھے ..مزے سے ..دوسری شادی کی باتیں کرتے... وہاں سے ..اندر چلے گئے

...جبکہ حرم کا تو بس نہیں چل رہا تھا... شاہ میر میں گھس کے پھٹ جائے

...جبکہ ونیزے... کے پاس الفاظ ہی نہیں تھے

.....

شاہ میر کو حیرت تھی ..اتنا بولنے کے بعد بھی حرم نے رات سکون سے کیسے گزار لی تھی...

...وہ آرام سے ..بغیر اس سے بولے سو چکی تھی

اور آج سنڈے تھا .. تبھی ..شاہ میر سکون سے رف حولیے میں ..اپنے بستر میں گھس ہوا تھا..

جبکہ حرم میڈیم سکون سے سوئ ہوئ تھیں جبکہ اسکے ہاتھ پاوں میر کے اوپر تھے ..اور میر ایل سی ڈی پر میچ دیکھ رہا تھا...

اچانک اسنے گھڑی کیطرف دیکھا ..12 بج رہے تھے ..اور باہر سب کی آوازیں آ رہی تھیں....

اور اسکی بیگم اب تک سو رہی تھیں..

حرم" .شاہ میر نے ... اسکو اٹھانا چاہا ..مگر حرم ٹس مس نہ ہوئ..

حرم اٹھ جاو..." شاہ میر نے اسکے چہرے پر بکھرے بال انگلیوں کی مدد سے ہٹائے...

کیوں"حرم نے ایک آنکھ کھول کر اسکیطرف دیکھا...

...کیونکہ دن نکل چکا ہے ..اور سب جاگ چکے ہیں... اور مجھے بھوک لگی ہے فریش ہو جاو ..پھر اکھٹے ناشتہ کرنے چلیں گے "شاہ میر نے... اسکی بند آنکھوں ...ہر پھونک ماری تو ..حرم .نے ..اسکے سینے پر مکے برسانا شروع کر دیے کیوں میرے ساتھ کیوں کریں گے ..اپنی بیوی لے کر آئیں اسکے ساتھ کرنا یہ سب ..مجھے کہیں نہیں جانا ..اور مین آپکے کمرے میں بھی کیوں ہوں ..جا رہی ہوں میں "حرم غصے سے بولتی اٹھی جبکہ شاہ میر بھی کمبل ہٹا کر اٹھا ..کیونکہ حرم ...نائٹ ڈریس میں تھی ... کبھی وہ یوں ہی باہر نہ نکل جاتی

....ہیلو... بس بہت ہوا

جب تک ہو بس گم ہی ہو میری بیوی ..اب مزید مین تمھارے چنچلے اٹھانے کے لوڈ میں بلکل نہیں ہوں تو بہتر ہے ..جاو فریش ہ وجاو... اور شاپنگ ہر چلی جانا آج شاہ میر نے اسکو باہر نکلنے سے روکا ..اور سختی سے کہا ..تو حرم نے ..ادا" ... ..سے اپنے شانے پر سے بال ہٹائے

آ گئے نہ لائن ہر ..ویسے جب تک کا مطلب بتائیں گے "اسنے ڈمغور سے شاہ میر ..کو دیکھا

..اور پھر ہی انگلی اٹھا کر اسکو وارن کیا

ساری عمر ... اوکے ساری عمر "اسنے کہا ..اور ..واشروم میں چلی گئ ..جبکہ شاہ ...میر ..جو فریش تو ہو چکا تھا ... اسپرایک گھوری ڈال کر ..روم سے باہر نکل گیا

...نیچے سب ناشتے کی ٹیبل ہر اکھٹے تھے

...سوری میں لیٹ ہو گیا "شاہ میر نے سب سے معزرت کی

جبکہ اماں نے اثبات میں سر ہلایا ..اور آج سب کو ونیزے ناشتہ سرو کر رہی تھی ...

..شاہ میر کے آگے پلیٹ رکھتے ہوئے وہ تھوڑا ہچکچائ

..شاہ میر سے اسے چماچھا خاصا ڈر لگتا تھا

..نہ جانے حرم کیسے اس سے اتنا فری تھی

رکھ دو "..شاہ میر نے بالآخر خود ہی کہا ..تو ونیزے نے اسکو ناشتہ سرو کیا ..اور ابھی سب نے پہلا لقمہ توڑا ہی تھا کہ حرم آندھی طوفان کیطرح وہاں پہنچی ..وہ اتنی سپیڈ سے سیڑھیاں اتری ..کہ لاسٹ سیرمڑھی پر اچانک ہی ..اسکا ..جیسے سنس بند ..ہونے لگا ..اور وہ وہیں بیٹھتی چلی گئ

...شاہ میر وہیں ناشتہ چھوڑے استک پہنچا جبکہ ..وہ سب بھی اٹھ گئے

م... ..میر ..مجھے ..پین ہو رہا ہے" ..وہ اٹکتے ہوئے بمشکل بولی... تو شاہ میر ..نے اسکو بانہوں میں بھر لیا...

..حرم .. تمھین کس نے کہا تھا ..اسطرح اترو ".وہ غصے سے بھنا یا ..حالت دیکھو اسکی ..بس غصہ کرنا ہے "اماں نے اسے جھڑکا ..جبکہ ..شانزے ..اسکی ٹیبلٹس لے آئ

...مگر حرم ..کی کیفیت .. عجیب ہو رہی تھی ..اور اب

وہ بے ہوشی میں جا رہی تھی ..شاہ میر نے اسکے سرد پڑتے گال دیکھو ..اور وہاں سے ہٹ کر اپنے ماتھے پر پھیلا پسینہ صاف کیا اور فواد کو کال کی ...

اسے فورا پہنچنے کا حکم دے کر ..وہ اب بے ہوش پڑے حرم کے وجود کو بے بسی سے دیکھ رہا تھا ..یہ وہ لمہ تھا ..جب سب اسکے اختیار سے باہر ہو جاتا تھا ...وہ ..چاہ کر بھی کچھ نہیں کر پاتا تھا

..وہ بے چینی سے ٹہلنے لگا

..جبکہ شہروز ..نے ..اسکی جانب دیکھا

لالا ہم ہسپیٹل لے جا سکتے ہیں بھابھی کو ..آپکی ضد کی وجہ سے انھیں کچھ ہو گیا تو" شہروز نے پہلی بار اس سے اونچی آواز میں بات کی تھی ..وہ خاموشی سے دانت بھینچے اسے دیکھنے لگا ..

..جبکہ وہ تینوں حرم کو یوں ایکدم بے سد ہوتا دیکھ رونے لگیں تھی

تم تو چپ کرو پہلے ہی سب پریشان ہیں حوصلہ دینے کے بجائے ..رونے بیٹھ گئ ہو "..شہروز نے سختی سے ..ونیزے کو کہا تو... وہ ..اسکی بات سمجھتے ہوئے ..اماں اور شانزے کے لیے پانی لینے چلی گئ ...

..جبکہ فواد بھی پہنچ چکا تھا

میں نے تمھیں ہزار بار کہا ہے ..انکی لائف کا رسک لے رہے ہو تم ... انھیں اسطرح پرانی میڈیسنز پر چلا کر "فواد نے حرم کو دیکھ کر بھڑک کر شاہ میر کو کہا ... ...

زیادہ بولنے کی ضرورت نہیں ہے ... اسے ہوش مین لاو ..ورنہ میں .اسکا گلہ فبا کر سری دمر کے لیے یہ آنکھیں، بند کر دوں گا "شاہ میر کی گرج ... تھی ...کہ ..سب خاموش ہو گئے

ان کا ٹریٹمنٹ ..کسی سرجن سے ہونا چاہیے ..انھیں ہسپیٹل لے کر جانا ہو گا ابھی "فواد نے کہا تو ..شاہ میر نے .اسکو اور ش ہی روز کو اپنے راستے میں سے ...ہٹایا آ ..اور حرم کو دونوں بازوں میں بھر لیا

حرم۔۔۔ مجھے نہیں چھوڑ سکتی تم۔۔۔ "..شاہ میر اسے خود میں بھینچے بڑبڑایا ..اور

۔۔۔وہاں سے نکلا۔۔۔ جبکہ شہروز ..اور فواد بھی انکے پیچھے نکلے

۔۔۔مگر روتی ہوئ ..شانزے پر فواد نے بڑی گھیری نظر ڈالی تھی

....

۔۔۔فیضان نے آج شاید مہینے بعد وہ نمبر ڈائل کیا

۔۔۔جو کہ اس کی توقع کے عین مطابق .ریسیو نہیں کیا گیا

۔۔۔جبکہ اسنے بیت ساری کالز دیں ..تب بھی ریسیو نہ ہوا تو اسنے جھنجھلا کر

۔۔۔موبائل سائیڈ پر پٹخ دیا

۔۔۔گھر کے ماحول میں عجیب کثافت یہ شاید منحوست کہنا زیادہ بہتر تھا

۔۔۔وہ نہیں جانتا تھا ..یہاں پر کوئ دوسرے سے نگاہ کیوں چرا رہا ہے

کیا بات ہے ..جو ..سب ... کل لاونج میں بیٹھے ماضی کو یاد کر رہے تھے جبکہ ..اسکے آنے پر سب خاموش ہو گئے

...اسے اکتاہٹ ہو رہی تھی اس ماحول سے

تبھی اسنے ..اپنے دوستوں کے ساتھ ... شمالی علاقہ جات مین جانے کا ارادہ کیا مگر وہ اس سے پہلے شانزے سے بات کرنا چاہتا تھا ..جو کہ ممکن نہ ہو سکا ...

...مگر ایس انہیں تھا کہ ان گزرے دنوں میں اسنے اس لڑکی کو بھلہ دیا ...

....یہ تو نا ممکن تھا کہ وہ ... اسکو بھلا دے

...حرم کے لیے پریشان وہ بھی تھا

مگر جب سے اسے پتا چلا تھا کہ وہ راض انکل کے بیٹے کے پاس ہے ..جو اسکے لیے حیرت انگیز ہی تھا ..کہ انکا بیٹا کون سا بیٹا کہاں سے اما گیا وہ بیٹا ...جو ان سے ...حد سے زیادہ نفرت کرتا ہے

وہ کچھ سمجھا نہیں اور جب اسنے سب سے استفسار کیا تو ملنے والی خاموشی سے اسکا دماغ اچھا خاصا تپ چکا تھا .. تبھی ..وہ یہاں سے جانا چاہتا اتھا ... اسنے ایک بار ..پھر نمبر ڈائل کیا ... جو کہ ریسیو نہ ہوا ..تو اسنے یک میسج سینڈ کیا

....فیضان تمھیں کبھی نہیں بھول سکتا

آج کل پرسو ..کب تک کال نہیں اٹھاو گی ایک دن تمھین میرے پاس ہی آنا ہے

...اسنے میسج سینڈ کیا... اور سکون سے لیٹ گیا"

.....

ڈاکٹر نے حرم کو کچھ دن اڈمیٹ کرنے کا کہا ..جبکہ اسکی طبعیت کے حساب سے ...ساری دوائ تبدیل کی

..سب ہی اسکے پاس تھے ... جبکہ حرم کے ہاتھوں ہر ڈریپس لگی ہوئیں تھیں ...جس سے وہ جھنجھلا چکی تھی ..کچھ ہی گھنٹوں میں اسکا چہرہ بلکل کملا گیا تھا

...اماں ہم گھر چلتے ہیں"اسنے منہ بسورا

چندا چلین گے جب تم ٹھیک ہو جاو گی اوکے "انھوں نے پیار سے کہا اور سیب کا ٹکڑا اسکے منہ میں دیا...

حرم... سکون سے لیٹ جاو... تمھارے ہلنے سے دریپ ..نہ ہل جائے پھر سوئیں لگ جائے گی..."ونیزے نے حرم کو ٹوکا جو بار بار ہاتھ اٹھا کر دیکھ رہی تھی...

تم بھی ڈانٹ لو "اسنے رونی صورت بنائ ..تو شانزے اور ونیزے بیقوقت اسکے آگے ہاتھ جوڑ گیئں..

" خدا کے لیے رونا مت

اور تبھی شاہ میر ..شہروز فواد تینوں ..سرجن اسفند کے ساتھ کمرے میں داخل ہوئے...

"کیسی ہو بیٹا ڈاکٹر نے پیار سے پوچھا

میں ٹھیک ہو۔۔۔ .مگر گھر جانا ہے ..مجھے بلکل یہ ہسپیٹل اچھا نہیں لگ رہا "حرم سے کہاں کچھ عقل مندی ک امید کی جا سکتی تھی ..سب اسکی بات پر مسکرا دیے..

بلکل آپ جلد یہ سے ڈسچارج ہو جائیں گی ..اور میں نے آپکے ہسبینڈ سے کہہ دیا ہے ۔۔۔ وہ آپکو ..اب سیر و تفریح ہر لے جائیں گے .تاکہ آپ جلدی سے ..ٹھیک ہو جائیں گی "ڈاکٹر نے اسکی ہارٹ بیٹ چیک کرتے ہوئے کہا ..تو حرم ..کے دانت باہر نکل آئے اور اسنے شاہ میر کی .طرف دیکھا۔۔۔ جس کا چہرہ حد سے زیادہ سنجیدہ تھا ۔۔۔.

ڈاکٹر ..نرد مس کو کچھ ہدایتیں کر کے ۔۔۔ وہاں سے ..باہر نکلے تو شاہ میر بھی انکے ساتھ ہی نکالا ۔۔۔

جبکہ اسکے نکلتے ہی چادر میں چھپے ایک آدمی سے وہ زور سے ٹکرایا ۔۔۔

معزرت چاہتا یوں بیٹا" .اس آدمی نے ۔۔۔کہا ..مگر اپنا چہرہ مزید چھپا لیا ۔۔۔

شاہ میر نے کڑے تیوروں سے اسے گھورا اور ڈاکٹر کی پکار پر ..انکے پیچھے گیا ..جبکہ اس آدمی نے مسکرا کر پہلے شاہ میر کو اور پھر ... روم نمبر دیکھا .جبکہ اندر ہونے والی گفتگو بھی وہ سن چکا تھا ...

اور وہاں سے پلٹ کر نکل گیا ...

"..ڈاکٹر نے اسکی جانب دیکھ کر کہا میر .. تمھیں زیادہ سے زیادہ اسے .. خوش رکھنا چاہیے

"شاہ میر نے ..پوچھا تو ..وہ چیئر ہر بیٹھ گئے ..کیا وہ ٹھیک نہیں ہو سکتی

دیکھو شاہ میر ..بعض پیشنٹس ..کور کر جاتے ہیں مگر بعض اندرونی طور پر اتنے نازک ہوتے ہیں کہ ... انکے بارے میں ..کچھ بھی کہا نہیں جا سکتا ..میں تمھیں حرم ..کے بارے میں ..کچھ نہیں کہہ سکتا... مگر اسکو وخش رکھو ..صدمہ کوئ بھی اسکے لیے ... .اتنا نقصان دے ہے کہ اسکی جان بھی جا سکتی ہے"..

...انھوں نے تفصیل سے کہا ..اور شاہ میر کا اترا ہو چہرہ دیکھا

..شاہ میر فواد کا دوست تھا ..اور اسی وجہ سے ان سے بھی اسکے اچھے تعلقات تھے

...اور اسکی نیچر کے بارے میں کون نہیں جانتا تھا

..تبھی انکو اسکا اترا ہوا چہرہ دیکھ کر حیرت ہوئ

..."یعنی تم بہت پیار کرتے ہو اپنی بیگم سے" انھون نے کچھ شرارت سے پوچھا

...شاہ میر نے کوئ جواب نہین دیا ..تو وہ ہنس دیے

یار لڑکی کی خاموشی اقرار ہوتی ہے ..لڑکے کو تو اقرار کرنا پڑتا ہے بر حال پریشان

...مت ہو... .سب ٹھیک ہو گا..." انھوں نے اسے تسلی دی جبکہ شاہ میر

...وہاں سے باہر نکل گیا

.....

...دو دن بعد اسے ڈسچارج مل گیا تھا

...اور شاہ میر نے اگلے ہی دن پوری فیملی کا سوات جانے کا پلین بنا لیا تھا

سب ہی راضی تھے ..کیونکہ ڈاکٹر کی ہدایت جو انھوں نے حرم کے متعلق دی تھی اس سے سب واقف تھے ...

حرم ایکسٹیڈ ..نہیں سپر ایکسٹیڈ تھی اسے لگ رہا تھا وہ ایک مدت بعد گھر سے باہر نکلی ہے ...

سب اپنی گاڑیوں میں روانہ ہوئے تھے ..شہروز ان تینوں کو جبکہ ..شاہ میر اور حرم اپنی گاڑی میں تھے ...

سارے راستے حرم سوتی جاگتی رہی جبکہ شاہ میر مسلسل ڈرائیو کر رہا تھا ....

ساتھ ساتھ وہ حرم کی فضول گوئ بھی سن رہا تھا ...

وہاں پہنچتے ہی ..ہوٹل جو وہ پہلے ہی بوکڈ کرا چکا تھا ....

سب ..اپنے اپنے رومز میں چلے گئے ونیزے اماں کے ضد کرنے پر شہروز کے روم میں گئ تھی جبکہ خوف سے اسکی جان سوکھ چکی تھی ...

...دوسری جانب شاہ میر ڈرائیو کر کے بہت تھک چکا اسنے شاور لیا..جبکہ حرم بڑی ساری میرر وال ..سے اسپر جگمگاتی روشنیوں کو دیکھ رہی تھی

...وہ شاور لے کر نکلا تب بھی حرم وہیں کھڑی تھی

..حرم فریش ہو جاو "اسنے اپنا سیل فون چیک کرتے ہوئے مصروف انداز میں کہا

..میر..ہم باہر چلتے ہیں "حرم ..اسکے پاس آ ئ اور اسکا ہاتھ پکڑا

خدا کو مانوط... نا جانے کتنے گھنٹے کی ڈرائیو کر کے اب سکون ملا ہے اب میں تمھیں باہر لے جاو چپ چاپ فریش ہو اور سو جاو... میڈیسن بھی لینی ہے سونے سے

...پہلے "وہ اسکا ہاتھ اپنے ہاتھ پر سے ہٹاتا ہوا بولا تو حرم نے برا سا منہ بنایا آپ کتنے برے ہیں میر کیا ہو جائے گا اگر ہم دونوں تھوڑا سا گھوم آئیں "شاہ میر کو ..لیٹتے ہوئے دیکھ کر... اسنے کہا تو شاہ میر ..نے تکیوں کو اپنے منہ پر رکھ لیا..

...لیٹ کر اسے اچھا خاصا سکون ملا تھا

حرم سونے دو اب مت بولنا۔۔۔ "وہ تکیوں میں منہ دیے بولا تو حرم نے گھور کر اسکو دیکھا..

۔۔۔ٹھیک ہے ..میں جا رہی ہوں"وہ بولی اور اسکی جانب دیکھا جو ٹس مس نہ ہوا

..میں جا رہی ہوں اکیلی میر۔۔۔ "وہ بلند آواز میں بولی مگر۔۔۔ نتیجہ وہی ..وہ تو جیسے سو گیا تھا..حرم کو غصہ آنے لگا..

۔۔۔کوئ بھی بات نہیں مانتا تھا یہ شخص اسکی

وہ پاوں پٹختی ہوئ۔۔۔ دروازے تک پہنچی ..مگر..دروازہ ڈبجی]ل تھا جو کہ کارڈ سے کھلتا تھا..اسنے پلٹ کر..کھا جانے والی نظروں سے شاہ میر کو دیکھا..

۔۔۔اسے معلوم تھا تبھی ..وہ اتنے سکون سے پڑا تھا

۔۔۔حرم دوبارہ اس تک آئ..

ممم۔۔۔ ..میر۔۔۔" .اسنے غصے سے تقریباً اسے جھنجھوڑ دیا جبکہ شاہ میر کا پارہ اب ہائ ہو چکا تھا۔۔۔

۔۔۔تمھارا دماغ ٹھیک ہے ۔۔۔ "وہ چلایا۔۔۔ جبکہ حرم اس سے دو قدم دور ہوئ

۔۔۔وہ خوف ذدہ نظروں سے شاہ میر ..کو دیکھنے لگی

۔۔۔جبکہ شاہ میر نے گھیرہ سانس بھرا

۔۔۔عجیب سچویشن تھی ..وہ غصہ بھی نہیں نکال سکتا تھا اسپر

حرم دیکھو میں تھک چکا ہوں مجھے ریسٹ کرنا ہے ..میں کل لے کر چلوں گا تمھیں

جہاں کہو گی "اسنے نرمی سے کہا۔۔۔ تو حرم کو بھی حوصلہ ہوا ..نگر دماغ کا بھوت

۔۔۔اب بھی نہیں اترا تھا

میر میں بور ہو رہی ہوں مجھے ریسٹ نہیں کرنا میں اماں کے پاس چلی جاو گی آپ

"کارڈ دیں

۔۔۔اسنے دونوں ہاتھ کمر پر رکھ کر ..اسکو بتایا ..اور کارڈ مانگنے کے لیے ..ہاتھ بڑھایا

براو۔۔۔ یعنی تمھاری اس کم عقل میں میری بات نہیں آئے گی "وہ شانے اچکا کر تیوی چڑھائے بولا ..اور حرم کی کلائ ۔۔۔ جو اسنے اسکی طرف بڑھائ ہوئ تھی ایک جھٹکے سے کھینچی ۔۔۔

حرم ..اس حملے کے لیے کہاں تیار تھی ۔۔۔

سیدھا اسکے سینے پر آگیری ۔۔۔

م ..میر "اسنے شاہ میر کی سرخ نظروں کو دھڑکتے دل کے ساتھ دیکھا ۔۔۔

تم تو تجلی ہوئ نہیں ہو۔۔۔ .میری تھکاوٹ اتار دو پھر "شاہ میر گھمبیر مگر مدھم لہجے میں ۔۔۔ .بولا۔۔۔ اور حرم کے بال ۔۔۔ کان کے پیچھے ..کیے وہ اسکا سرخ پڑتا چہرہ بڑی توجہ سے دیکھ رہا تھا ۔۔۔..

آپ ۔۔۔ میں ۔۔۔ مجھے فریش ہونا ہے "حرم کا لہجہ لڑکھڑا سا گیا جبکہ شاہ میر کے دماغ اسکی خوبصورتی ..اور معصومیت کے آگے مفلوج ہو کر رہ گیا تھا ۔۔۔

کیا ضرورت ہے ۔۔۔ "نرمی سے کہہ کر ..اسنے حرم کو اپنے مقابل لیٹا لیا ۔۔۔

حرم کے ہاتھ پاوں کانپنے لگے تھے جبکہ شاہ میر ..کو اسکے وجود سے اٹھتی خوشبو اور ہاتھوں کی کپکپاہٹ مزید اپنے عمل پر اکسا رہی تھی....

اسنے حرم کی کمر میں ہاتھ ڈال ..کر اسے خود سے نزدیک کیا....

حرم کی سانسیں بھاری ہو رہی تھی...

ریلکس حرم "شاہ میر نے ..اسکو پیار سے کہا... کہیں ..اسکی طبعیت ہی نہ بگڑ جائے....

بہت نازک ہو تم "اسنے حرم کی گردن ... پر پہلا وار کیا....

جس سے حرم کا وجود ساکت رہ گیا....

شاہ میر ..کو اسکی مزاہمت محسوس نہ ہوئ ..تو اسکی ورافنگی ... .دیوانگی میں بدلنے لگی....

می ... میر "حرم کو اس سے خوف آیا...

شششش ... زیادہ نہیں بولنا ... اسنے اسکو روکا...

... ...اور... ہمیشہ کی طرح حرم کی سانسوں کو اپنا قیدی کر لیا

اور حرم کے دونوں ہاتھ ..اپنی گردن کے گرد حائل کر ..کے ..وہ جیسے ..دنیا فہمیا

...سے غافل ہو گیا

حرم اسکی شدتوں ہر سمیٹتی جا رہی تھی ..کہ لائٹ جو...کمرے میں ہلکی پھلکی

..چل رہی تھی وہ بھی چلی گئ

..شاہ میر جانتا تھا ..یہاں ..بارش کے باعث اکثر لائٹ چلی جاتی ہے

...حرم کو اندھیرے سے مزید گھبراہٹ ہوئ

...اور اسنے ..شاہ میر... کا ہاتھ زور سے تھانہ

...لائٹ چلی گئ میر..."وہ ڈر کر بولی

..اچھا ہوا ..میر کی جان "میر تو شاید اپنے حواسوں میں نہیں تھا

...جلد ہی اسنے ..حرم کے حواس بھی غائب کر دیے

.....

لائٹ کیسے چلی گئ" ..شہروز کی جھنجھلائ ہوئ آواز کمرے میں نمودار ہوئ ..وہ ابھی فریش ہو کر نکلا تھا ...

..یہاں ... اکثر بارش کے باعث لائٹ جاتی ہے ... "ونیزے جو کھڑکی سے آتی ٹھنڈی ہوا کو محسوس کر رہی تھی اچانک ہی مدھم لہجے میں بولی ...

بڑی معلومات ہے کتنی بار آ چکی ہو ... اور کس کس کے ساتھ ..."شہروز نے ہتک امیز لہجے میں پوچھا جبکہ ... .ونیزے کے مڑ کر دیکھنے پر ..اسے معلوم ہوا ..وہ ہنس رہا تھا ...

اس وقت وہ لڑکی اس کی بات سے کتنے ٹکڑوں میں تقسیم ہوئ ... یہ وہ خود یہ اسکا خدا جانتا تھا ...

ونیزے خاموشی سے شہروز کو دیکھ رہی تھی ... جبکہ شہروز بھی اسی کی آنکھوں میں اترتی جھیل جسے شاید وہ لڑکی بھنے سے روک چکی تھی وہ دیکھ رہا تھا ..

اسنے کافی بھاری ..بات کی تھی .. حالانکہ وہ بات واضح نہیں تھی ..مگر اس کے اندر چھپا مفہوم ونیزے خوب سمجھتی تھی جبکہ شہروز بھی اپنی بات کی گھیرائ جانتا تھا...

تیز ہوا... کے جھونکے سے ..ونیزے جیسے ہوش میں آئ ..وہ اس سے معافی مانگ چکی تھی... وہ نہیں جانتی تھی اسنے اسے معاف کیا یہ نہیں مگر بات بات پر اسکی عزت کی دھجیاں اکھیڑ دیتا ایسا... ونیزے کے لیے ..برداشت کرنا محال تھا...

بہت ساروں کے ساتھ..." ..ونیزے سفاکی ..سے بولی ..اور ایک قدم شہروز ..کیطرف اٹھایا ..جبکہ شہروز نے گھور کر اسے دیکھا

"بکواس بند کرو اپنی

کیوں کیا ہوا ..سچ بولوں تو بھی کڑوا ..لگتا ہے..." .ونیزے ..تلخ مسکراہٹ کے ساتھ اسکی جانب بڑھتی جا رہی تھی جبکہ شہروز... پیچھے قدم لے رہا ہا تھا...

..اور جاتے ہو جتنوں کے ساتھ روکی ..ادھر اسی ہوٹل میں روکی ... "وہ مزید بولی

اسکا لہجہ اسکی ٹون ..بتا رہی تھی ... وہ

..اپنے آپے میں نہیں .

ونیزے آئ سیڈ کیپ کائٹ بہت ..بول چکی ہو ... "شہروز نے برداشت کرتے

ہوئے ..آگے بڑھ کر ..اسکا ہاتھ سختی سے جکڑا اسطرح کے ونیزے کو اپنے ہاتھ

...میں اسکی انگلیاں ..چبھتی محسوس ہوئ

کیا ہوا ... وہی تو بول رہی ہوں جیسا آپ سننا چاہتے ہیں ... ".ونیزے ..نے

. ...حیرت کا اظہار کیا ..تو شہروز نے غصے سے اسکا منہ جکڑ لیا

" ...ونیزے میری برداشت سے باہر مت جاو ..ورنہ

ورنہ ... ورنہ کیا ... مار دیں گے ... مار دیں ..لیکن سچ اب یہ ہی ہے ..مجھے

"افسوس ہے آپ جیسے پرسا کو .. مجھ جیسی ..ناپاک ... غلط عورت ...ملی

...شیٹ آپ ونیزے..." شہروز نے اسکی چلتی زبان کو اپنے تھپڑ سے بند کر دیا

.

کیا شیٹ آپ...آپکی جرت بھی کیسے ہوئ مجھ سے یہ سول کرنے کی "ونیزے

.....بھی پھٹ پڑی

....شہروز خاموشی سے اسکے گال پر چھپی اپنی سرخ انگلیوں کو دیکھنے لگا

....کیوں خاموش ہوں اب... .شہروز بتائیں مجھے

کون سا غیرت مند مرد اپنی بیوی سے یہ سوال کرتا ہے ..شرم آنی چاہیے آپکو "وہ

..حلق کے بل چلائ

تو شہروز... نے جھپٹ کر اسکے بالوں کو مٹھی میں جکڑا

کیونکہ ونیزے بی بی اپنی آنکھوں سے ان انگلیوں... کو کسی ~یر مرد کے لبوں کو

...چھوتے ہوئے دیکھا ہے

"...کیا میری غیرت مر چکی تھی

...وہ پھنکارہ تو ونیزے بری طرح رو دی

ہاں مر چکی تھی آپکی غیرت کیوں نہیں وہاں سب کے سامنے تھپڑ مار کر اپنے ساتھ

لے آئے ..کیوں چھوڑ کر آئے وہاں مجھے ..آپ سے زیادہ تو آپ کے بھائ میں . غیرت ہے ..کم از کم انھون نے ..مجھے ..بیچ چھورائے میں چھوڑا تو نہیں "وہ دوبادو بولی

...تو شہروز نے ... اسکو پیچھے بستر پہ ر دھکا دے دیا

...اچھا... .کیا توقعات ہیں ..گریٹ "..وہ غصے سے ..تالی بجا کر بولا

زہر لگتے ہیں آپ مجھے "ونیزے ..بے بسی سے ... چلائ ..تو شہروز... نے بھی

...اپنا موبائل ..جو وہ اٹھا کر چیک کرنے لگا ..تھا ..بیڈ پر اسکے پاس پھینکا

اچھا تو کون اچھا لگتا ہے پھر تمھیں ... "وہ بیڈ کر گیری ونیزے کے اوپر جھکا... تو ..ونیزے کی سیٹی جیسے گم ہو گئ

بولو نہ ونیزے میڈیم کون اچھا لگاتا ہے ..وہ مرد جو تمھیں سہرائے ..وہ تو جہاں تک ...مجھے نالج کمہے تمھیں پسند نہیں کیوں کے بچپن سے ہی سہرائ جا رہی ہو رائٹ "تو کون اچھا لگتا ہے تمھیں

وہ اسکی آنکھوں میں آنکھیں ڈالے ... پوچھ رہا تھا ..ونیزے ..پانی بھری سرخ ...آنکھوں ... کو اسکی انکھیوں میں گاڑے ہوئ ... تھی

..آ.....پ "اسکے لفظ بے آواز ... پھڑ پھڑائے ... .شہروز

...حیرت سے ..ان ہونٹوں کی ہلکی سی جنبش کو تکنے لگا

...جبکہ ونیزے کی آنکھوں سے ... زارو قطار آنسوں کی لڑی بندھ گئ

جانتی ہو ..میں کتنا مشکل ثابت ہوں گا تمھارے کیے "وہ سر سراتے لہجے میں ...اسکی اڑتی چند لٹوں کو اپنے چہرے پر آوارگی سے حرکت کرتا محسوس کر رہا تھا

...ایک خمار سا ..اسکی خوشبو ..سے اسکے ذہن پر سوار ہونے لگا تھا

آپ کے ساتھ کے لیے ... مجھے ہر آزمائش قبول ہے "ونیزے پھر سے سسکتی

...ہوئ ... مدھم آواز میں بولی ... جبکہ شہروز ... اسکے چہرے پر جھکنے لگا

"سوچ لو ... پشتوا نہ ہو ... .ان باتوں کا بعد میں

اس سے پہلے ونیزے ... اسکو کوی جواب دیتی ... شہروز نے اسے اگلا لفظ بولنے

قابل نہیں چھوڑا تھا

...چند سیکینڈز بعد اسنے ونیزے ..کی آنکھوں سے نکلتے آنسوں کو غور سے دیکھا

صبح پشتانا ابھی ... .ان کی ضرورت نہیں "اسنے بے دردی سے اسکے آنسو صاف

.....کیے ... اور اسکے نازک وجود کو اپنے سخت گرفت میں جکڑ لیا

.....

...صبح خوبصورت تھی ..

...ان چارو کے لیے .

حرم نے تو شاہ میر سے ..کوئ بات نہیں کی تھی... اسے شاہ میر سے اول تو شرم ہی بہت آ رہی تھی ..جبکہ... دوسرا وہ اس سے اپنی جان میں ناراض بھی ہو چکی تھی جبکہ دوسری جانب شاہ میر کو ناجانے کیا ہوا ..تھا .. عجیب خاموشی نے اسکے ہونٹوں کو کفل لگا دیا تھا کہ وہ اپنے منہ سے یک لفظ پھوڑنے کے لیے تیار نہیں تھا...

اسکی خاموشی سب ہی محسوس کر چکے تھے...

جبکہ دوسری جانب... ونیزے ..بلکل خاموش تھی جبکہ شہروز کی شوخیوں کا کوئ لیول نہیں تاھ ..ونیزے سمجھ نہیں پا رہی تھی وہ انسان وقع خوش ہے یہ صرف بن رہا ہے...

اسکے علاوہ شہروز سیدھی زبان میں اسکی جان کو آیا ہوا تھا ..وہ اماں کے سامنے بھی اسے تنگ کرنے سے بعض نے آیا...

اور ناشتہ کرتے ہوئے...

ٹیبل کے نیچے سے ..اسکا ہاتھ تھام لینا... جس سے اسک اناشتہ کرنا محال تھا ...

..وہ ونیزے کو ہلکان کرنے کی ساری حرکتیں کر رہا تھا

شاید وہ اسکا سٹیمنا چیک کر رہا تھا ..کہ وہ کس حد تک اپنی بات پر سچی ہے... مگر ...وہ تو اپنے دل اور ذہن کو اسکے ساتھ رہنے کے لیے پوری طرح آمادہ کر چکی تھی

اس وقت وہ چشموں کے پاس کھڑے قدرتی حسن کو... دیکھ رہے تھے جبکہ ...شانزے اور اماں بھی انکے پاس ہی تھیں سب باتوں میں مگن تھے

...جبکہ شاہ میر ان سب سے دور خاموشی سے حرم کی پشت کو تک رہا تھا

...یہ اسنے کیا کیا تھا

...ایسا بھی کمزور نفس نہیں تھا اسکا

وہ کم از کم اپنے سب سے بڑے دشمن کی چہتی کو ..اپنے دل کے مقام پر نہیں بیٹھا سکتا ..بھلے اسکا دل ہی زخمی کیوں نہ ہو جاو ..کیا ہوا ..اگر حرم ..کو اوہ تکلیف ...نہیں دے سکتا ..مگر وہ اپنا گزرا ہوا کل ..کسی صورت نہیں بھول سکتا تھا

کیا ایسا ممکن ہے آپ اپنے اذیت میں گزرے ماہ سال کو ..فقت ایک لڑکی کی چند ..دنوں کی رفاقت سے بھول جائیں

...ہر گیز نہیں کسی صورت نہیں

وہ حرم کو تکلیف نہیں دے سکتا تھا ..مگر اسے اپنے ساتھ بھی نہیں رکھ سکتا تھا ...

اگر اسے اپنے ساتھ نہیں رکھنا تھا تو ..ایسے ..اپنے یہ اسکے جزبات کے ساتھ یہ ...مزاق ضروری تھا

....اسنے غصے سے ایک درخت ..پر مکہ مارا

نہیں رضا... تمھارا انجام اپنی آنکھوں سے دیکھوں گا اور اپنے ہاتھوں سے تمھیں ...انجام تک پہنچا کر سکون ملے گا مجھے

....ورنہ میری روح یوں ہی بدسکون رہے گی" ..اسنے غضب ناک انداز میں سوچا ...اور ان سب کے پاس سے ہٹ گیا

جبکہ ۔۔۔ سامنے ..حرم کو اچانک ہی میر یاد آیا ..تو وہ ..امان کو کان میں کچھ کہہ ۔۔۔کر ..میر کیطرف دوڑی

میر ..روکین بھئ کہاں جا رہے ہیں "حرم نے پوری آواز میں چیخ کر اسے پکارہ تو کئ لوگ اسکی جانب متوجہ ہوۓ جبکہ شاہ میر کا دل کیا ..ادھر ہی کسی پتھر پر سر ۔۔۔مار کر سر پھوڑ لے اپنا

۔۔۔جبکہ کسی شخص ۔۔۔ نے حرم ..کو گھیری نظروں سے دیکھا

۔۔۔اور ..اسکے نزدیک آنے لگا ..دوسری طرف سے شاہ میر دور کھڑا اسے گھور رہا تھا

۔۔۔جبکہ حرم ۔۔۔ سب کی نظروں سے کنفیوز ہوتی رو دینے کو تیار تھی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔اس سے پہلے وہ شخص اس تک پہنچتا ۔۔۔ شاہ میر دندناتا ہوا حرم تک آیا تھا

۔۔۔کیا تمھارا ہر جگہ اپنا یہ بچپنا ثابت کرنا ضروری ہے "وہ سرد لہجے میں بولا

حرم کو ..اسک الہجہ اور چہرے کی سنجیدگی پہلے روز کی مانند لگی تو اسکی زبان آٹھ نہ سکی...

"ن .. نہیں میں

کوائیٹ... ..اور اماں کے پاس جاو... اب وہاں سے ..ادھر ادھر گھومتی مجھے نہ دیکھنا..." اسنے کہا... اسکی آنکھوں میں جیسے پہچان کا عنصر غائب تھا...

...میر "حرم کی آنکھیں بھیگ گئیں ..اسکے سفاک انداز پر

...مر گیا میر "وہ بڑبڑایا ..اور حرم کا ہاتھ پکڑ کر ..اسے ..اماں کے نزدیک لے گیا چھٹیاں منانے نہیں آیا ہوں کام بھی تھا میرا یہاں ..تو آپ... اسکو قابو میں رکھیں"اماں کے ہاتھ میں اسکا ہاتھ تھماتے ..وہ وہاں سے... نکل گیا ..جبکہ وہ سب پیچھے اچانک بدلنے والے اس کے رویے پر پریشان تھے ..جبکہ حرم کی آنکھوں سے گیرنے والے آنسو کو اماں نے صاف کیا...

اماں ہوٹل چل لیں پلیز "اسنے کہا ..دل ایکدم اداس ویران ہو چکا تھا ... ایک

.... خوبصورت صبح کا آغاز وہ اتنے برے رویے سے کیوں کر رہا تھا

.... وہ سمجھ نہ سکی کچھ بھی

... اسکے کہنے ہر ..وہ سب ہوٹل کی جانب چل دیے ... جبکہ

.... دور کھڑا ... شخص شاہ میر ہر پچو تاب کھا کر رہ گیا

.....

... حرم ہوٹل آتے ہی اپنے روم میں بند ہو چکی تھی جبکہ

،شانزے ... وہیں ہوٹل کے گارڈن میں ... دور کھیلتے بچوں کو دیکھ رہی تھی ونی

ے بھی اسکے ساتھ تھی ... جبکہ اماں بھی اپنے کمرے میں چلی گئیں ..اور

... شہروز ان سے کچھ فاصلے پر

... کسی ملنے والے سے باتیں کرنے میں مگن تھا

پاپکورن کھاو گی ... "ونیزے نے مسکرا کر شانزے سے پوچھا جس نے اثبات میں

... سر ہلایا

اور اپنے نزدیک آتی..فٹبال کو زمین پر سے اٹھا... لیا..جبکہ ونیزے... کنٹین کیطرف چلی گئ....

میں نہیں دینے والی "وہ ایک بڑے پیارے چھوٹے سے بچے کو دیکھتی ہوئ بولی جو اسے گھور رہا تھا....

تم بولتے نہیں "شانزے نیچے بیٹھ کر اسکے گالوں میں پڑنے والے گڑھوں پر انگلی رکھ کر بولی... ساتھ اسے ہنسی بھی ای وہ بچہ کوئ ریسپونس نہیں دے رہا تھا ...اسنے پیار سے اسکے بڑے بڑے گال چومے... اور بال اسکے ہاتھ میں دے دی جو بچہ لے کر ..اپنی فیملی کیطرف بھاگا تو وہ مسکرا کر پلٹی ..اور بڑا زور سے کسی سے ٹکرائ..

آہ... .کیا مصیبت ہے "وہ اپنے ناک رگڑتے ہوئے بولی جبکہ فیضان حیرت سے شانزے کو تک رہا تھا...

آپ گاڈ ..مجھے نہیں پتا تھا ہماری ملاقات اتنی رومانٹک جگہ پر وہ بھی اتنے رومانٹک موسم میں ہوگی "فیضان چھکا... ہلکی ہلکی تم جھم شروع ہو چکی تھی جس کے باعث وہاں سے سب ہٹ کر ..اب ہوٹل کے اندر جانے لگے تھے ..جبکہ کچھ من چلے اب بھی باہر ہی تھے...

.دماغ ٹھیک ہے "شانزے تپی...

پہچان تو وہ چکی تھی ..یہ وہی چیپکو ہے جو ایک ماہ پہلے اسکے پیچھے ہاتھ دھو کر پڑا تھا...

اب لگ رہا ہے ... ٹھیک ہو جائے گا ..آپ سے جو ملاقات ہو چکی ہے "فیضان نے پورے دانت نکالے...

تم میرے بھائیوں کو نہیں جانتے یہ دانت ... توڑ کر تمھاری ہتھیلی پر سجا دیں گے "شانزے ..طنزیہ مسکرائی ..اور برا سا منہ بنا کر ..وہاں سے جانے لگی..

...ارے ایک منٹ ..یہ تم اکیلی ... کیوں نہیں گھومتی پھیرتی ہو

"بھائیوں کو ساتھ لے لے کر ..چلیں خیر ہے ..میں کوئ ڈرتا ہوں سالوں سے

..کیا بکواس کر رہے ہو "سالوں لفظ پر شانزے نے ..اسکو گھورا جبکہ فیضان دمبھلا

..یہ تو پوری شیرنی تھی

میرا مطلب باعزت محترم ..سالے ..میرا ..رشتے میں سالے ... گالی تھوڑی نہ

...دی ہے" ..وہ اسکے گھورنے ہر اپنی بات کلیر کر کے بولا

تم شکل دیکھی ہے اپنی "شانزے نے ماتھے پر بل ڈالے ..جبکہ فیضان ... کی

..مسکراہٹ ہی نہیں تھم رہی تھی

"ہاں ہو باہو تمھارے جیسی ہے ... پکا ..ہمارے بچے ے ے ے

...لالا ... "..شانزے چلائ ..تو فیضان ... کے رنگ فق ہوئے

دیکھو ... ایسے مت کرو ..اچھا نہیں لگتا سالے ..بہنوئ کو پیٹیں "وہ بغیر موڑے

...

...تقریباً اہوزاری کرنے لگا جبکہ پہلی بار شانزے .اسکی حرکت پر مسکرائ

...وہ ڈرا ہی اس طرح تھا

"...ہڈیں سلامت چھاتے ہو تو ..اب شکل نہ دیکھنا

...شانزے ..نے اب سختی سے کڑے تیوروں میں کہا

..اور وہاں سے گزر گئ ..جبکہ فیضان نے پلٹ...کر ..بالوں میں ہاتھ پھیر

"...ہنسی تو پھنسی... شانزے میڈیم تمھارے لیے تو ہڈیں بھی ٹوٹوا لو

...اسنے دور جاتی اسکی پشت کو دیکھا

دوسری طرف سے آتے شاہ میر نے اسکے شانے پر ہاتھ پھیلایا ..تو فیضان کی آنکھیں بھی پھیلیں...

...اور وہ... نہ محسوس طریقے سے انکی طرف چلنے لگا

لالا اپنے بہت غصہ کیا ہے بھابھی پر "شانزے کی آواز اسکی سماعتوں سے ٹکرای آہ گاڈ" ..یہ اس جلاد کی بہن ہے "فیضان کے تو ہاتھ پاوں پھول گئے ..اور اس ...سے پہلے شاہ میر پلٹتا فیضان خود ہی پلٹ کر تیزی سے وہاں سے بھاگا

.....یعنی حرم بھی ادھر ہی تھی..." اسنے سوچا

...اور حرم سے ملنے کا ارادہ بندھا

.....

اکیلی یہاں کیا کر رہی ہو "شہروز نے اسکی پشت دیکھی جو وائٹ شرٹ پجامے میں دوپٹہ لیے ..بے حد حسین لگ رہی تھی کوئ بھی اسکے اس حسن سے ایمپریس ہو سکتا تھا...

وہ شانزے نے پاپکارن کھانے کا کھا تو ..میں لینے آگی مگر یہاں تو لائن ہی بہت لمبی ہے "وہ جھنجھلائ ہوئ لگی...

اکیلی آنے کی کیا ضرورت تھی اسے بھی ساتھ لے آتی "شہروز نے ارد گرد دیکھا یہاں کافی رش تھا... تو ونیزے خاموش ہو گئ..

چلو رہنے دو... "اسنے اسکا ہاتھ پکڑا..

ارے اتنی مشکل سے دوسرا نمبر آیا ہے ..مجھے لینے دیں "وہ بولی اور ..پاپکورن والے کو پیسے دیے ... .مگر اسنے کلچ چیک کیا ..جو خالی تھا ... اسکا حیرت سے منہ ...کھلا ..اسکا کلچ کبھی بھی خالی نہیں ہوتا تھا

... بابا ایک کام تو بقائیدگی سے کرتے تھے وہ تھا اسکو ..پیسے پہچانا

..ونیزے نے شہروز کیطرف دیکھا جو یہ دیکھ کر بھی انجان بنا کھڑا تھا

... ہاں دو دو پیسے "اسنے کہا تو ونیزے ..نے ... افسردگی سے اسکیطرف دیکھا ایک تو ..تم لڑکیوں کا بھی عجیب ہے ..کیش کرنے کے لیے ..ایسی ہو جائیں گی جیسے ..میمنا "وہ بولا ..اور اپنی اپکٹ سے پیسے نکال کر ..آدمی کو دیے

...اور پپکارن کے تھیلے پکر کر وہ وہاں سے ابھی ہٹے ہی تھے

..ارے سر آپ یہاں "شہروز کی ایک سٹیڈنٹ ... اچانک نمودار ہوئ

..اول تو شہروز کسی سے بات نہیں کرتا تھا ..مگر اچانک ... اس لڑکی کی آمد سے

...اسنے خوش اخلاقی کے تمام ریکارڈ توڑنے کا سوچا

...ارے آپ... کیسی ہیں "در حقیقت وہ اسکا نام بھی نہیں جانتا تھا

"میں بلکل ٹھیک آہ گاڈ سر آپکو میں یاد ہوں سیریسلی ..مجھے بت حیرت ہو رہی ہے

وہ لڑکی گالوں پر ہاتھ رکھے حیرت کا اظہار کر رہی تھی جبکہ شہروز منہ میں پپکورن

ڈالتا... بنچھیں کھیلائے... سر ہلا رہا تھا ..ونیزے نے اکتا کر ..یہ منظر دیکھا ..وہ

سمجھتی تھی خوب....

سر پلیز... میں آپکو اپنی فیملی سے مولانا چاہتی ہو "وہ لڑکی اب زیادہ پھیل رہی

تھی مگر شہروز تو گل فارم میں تھا...

آہ کیوں نہیں آپ جیسی ٹیلینٹڈ اور ہونہیار طلبہ کے والدین سے میں ضرور ملنا چاہو

گا "وہ بولا ..تو یہ سوچ ..کر کے... ونیزے فل جل رہی ہے وہ ونیزے کیطرف

جھکا

..بہت خوبصورت بھی ہے ،اسنے کاہ اور دو تین پپکورن میں میں ڈال لیں ..

اوکے میں تھک گئ ہوں ۔۔۔ روم میں ہوں ۔۔۔ "ونیزے نے ادھر ادھر دیکھتے

۔۔۔ بے تاثر لہجے میں بس اتنا کہا ..اور وہاں سے نو دو گیارہ ہو گئ

جبکہ شہروز ..کو کھانسی لگی تھی ..ساری پیکورن میں سے باہر نکل گئیں ..جبکہ اسنے

۔۔۔ونیزے کی پشت کو ۔۔۔ خونی نظروں سے گھورا

..سر چلیں پھر "وہ لڑکی اسکا ہاتھ پکڑنے لگی

۔۔۔شیٹ آپ "شہروز ..دبا دبا غرایا

اور وہاں سے بغیر کچھ دیکھے وہ پلٹا ..اور ڈرتے ہوئے ..ہوٹل کے اندر ..کی جانب

۔۔۔ چل دیا

..اب وہ کم از کم ونیزے کو نہیں چھوڑنے والا تھا

بہت تھکی ہوئ ہو نہ بتاتا ہوں تمھاری تھکان کی تو ایسی کی تیسی "وہ دانت کچکا کر

۔۔۔بولا اور رکھ اپنے روم کیطرف تھا

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

حرم کا رو رو کر بڑا حال تھا ..کسی انسان کے نرم رویے کے بعد اسکا ایسا رویہ بھلہ ..وہ کیسے برداشت کر لیتی وہ بھی وہ شخص جس نے زبردستی اپنا آپ ..اسکے وجود ..اسکا دل و دماغ اسکی سانسوں میں اتارا تھا...

اور اب وہ ایسے بے گانہ ہو گیا تھا ..کتنی سختی سے بولا تھا...

..حرم کے پاس کارڈ گھا ..وہ غصے سے اٹھی

" میں کیوں رو ..میرا جہاں دل کرے گا وہاں جاو گی

وہ سوچتی ہوئ روم سے نکلی ..اور ..نیچے ریسیپشن حال میں ای... تو وہاں شاہ میر ..کی پیٹھ... نظر آئ ..وہ کسی لڑکی سے بات کر رہا تھا..

لڑکی بے حد خوبصورت تھی...

اسکی ڈریسنگ بھی موڈرن تھی...

اور سب سے پیاری بات اسکے گال ہر ڈیمپل پڑتے تھے....

ونیزے کے دماغ میں شاہ میر کی وہ بات آئی کہ میرے لیے لڑکی ڈھونڈیں جو مجھے بیوی لے کم از کم بچی نہیں..

یعنی ڈھونڈ لی آپ نے" ..وہ سسکتی ہوئی بولی..

دماغ تو اتنا ہی تھا...

اور منہ ہر ہاتھ رکھ کر پلٹی اسکا بس نہیں چل رہا تھا یوں ہی بچوں کیطرح ..رو دے ...

وہ روم میں ای کیا کہیں جاتی ہر جگہ ..پایا جاتا تھا وہ...

ہمم ہائٹ میری بھی چھوٹی تو نہیں "اسنے شیشے میں اپنا حولیہ دیکھا ..جب سے شاہ میر کا ساتھ میسر تھا ..وہ جینز شرٹ کو ترق کر چکی تھی...

اسنے اپنا قد ناپنا چاہا جو ..کپری شرٹ میں بلکل چھوٹا سا لگا...

اسنے اپنے دانت چبا ڈالے تو یہ ہے غصے کی وجہ...

اب میرا کیا ہو گا "اسنے سوچا ..اور بید پر اندھے منہ گیر کر بری طرح رو دی...

مگر وہی... چپ بھی خودی ہونا پڑا...

پہلے ٹیسٹ دیہاتی تھا ..اور اب اچانک موڈرن ہو گیا۔۔۔ "اسنے غصے سے اسکا تکیہ اٹھا کر پھینکا۔۔۔

دل تو کر رہا ہے کچا چبا جاو۔۔۔ اس لڑکی کو ..مگر نہیں اسے پتا چلنا چاہیے .. حرم کتنی خوبصورت ہے اور شاہ میر صرف حرم کا دیوانہ ہے..

شاید اسنے نخون کترے۔۔۔

اور جلدی سے آٹھ کر ..شاہ میر کی وارڈ روپ دیکھنے لگی۔۔۔

وہاں تو سب بڑی بری شرٹیں تھی بٹ اٹس اوکے..

اسنے ایک وائٹ شرٹ کھینچی..

اب میں بھی موڈرن بن جاو گی .. جیسے آپ کو پسند میں ویسی ہی ہوں گی مگر ..آپکو کسی اور کا نہیں ہونے دوں گی "وہ خود سے بہت کچھ سوچ چکی تھی۔۔۔

ایک جینز تو بلیک کلر کی اسکے پاس بھی تھی ..کرتے کے ساتھ پہننے کے لیے اسنے وہی کھینچی۔۔۔

...اور ڈریسر کیطرف چلی گئ

میکپ کے نام پر بس ایک سرخ لیپسٹک لگا کر... وہ بالوں کو... آڑھی مانگ دے کر..ایک شانے پر آگے کیے...

بلکل پہلے جیسی لگ رہی تھی ..مگر افسوس اسکی ہیل نہیں تھی... اسنے آئینے میں خود کو دیکھا ..اور' ..ٹھنوں تک جاتی شرٹ کا ایک کونا ..جینز کے اندر کر کے ایک باہر چھوڑ دیا... بازوں فولڈ کیے جبکہ اوپر سے دو بٹن کھولے وہ توبہ شکن بنی ..اب باہر نکلی تبھی ..شاہ میر بھی روم میں آیا ..حرم جو ڈریسر کا دروازہ بند کر رہی تھی... اسکی طرف موڑی تو بڑے اسٹائل سے اسکے آگے آئے بال ..چہرے سے ہٹے...

شاہ میر اپنی جگہ سٹل رہ گیا...

جبکہ اسکو... کو دیکھنا... .شاہ میر کا منہ کھلے حرم کو ..کانپنے پر مجبور کر گیا..

عجیب نشیلی شے تھی...

..رات کا نشہ ..وہ غصہ کر کے جھٹک رہا تھا ..کہ وہ پھر سراپا امتحان بنی کھڑی تھی

حرم ..شرما بند کرو بولد بنو "اسکے اندر کوئ بولا ..تو وہ ہوش میں ای ..ٹھیک کہتی

...ہو "..اسنے بربڑا کر جواب دیا

...اور اپنے کانپ اٹھے قدموں کو زور زور سے زمین پر جماتی ..وہ اس تک پہنچی

...تو شاہ میر کی ہائٹ سے کافی چھوٹی اسکی ہائٹ تھی

..اسنے افسوس کرنے پر مٹی ڈالی ..اور اسکی شرٹ ..کے بٹن کھولنے لگی

..شاہ میر تو اتنا دنگ ہوا ..کہ

...منہ سے ایک لفظ پھوٹ نہ پایا

یہ کیا کر رہی ہو حرم "اسنے سوچا جبکہ اینر وائس اسے ..داد دے رہی تھی ..اچھا

...ہے اسے اپنا احساس کراو

...م... میر "اسکی کانپتی ..انگلیوں

..کی تھرتھراہٹ ..اپنے سینے پر محسوس کر کے ..شاہ میر کا ضبط جوب دے گیا

اسنے ..حرم کی کمر میں ہاتھ ڈالا... اور ..اسکو ..گھوما کر دیوار پر چیپکا دیا ..اب وہ اسکے سرخ اناری لبوں کو دیکھ رہا تھا ..دل تو کر رہا تھا اس کی لیپسٹک خراب کر دے..

...جبکہ دماغ کہہ رہا تھا ..پھر سے پشتانے کے لیے ریڈی رہو

...شاہ میر نے دل کی سنی ..اور اسپر جھک ..گیا

..اسطرح... کے حرم سہم ہی گئ

...وہ ہمیشہ ایک جنون لیے ہوئے تھا

....وہ کچھ دیر بعد ہٹا

اسکی لیپسٹک واقعی خراب تھی ..اس سے پہلے وہ کوئ اور عمل کرتا کیونکہ اوپر کے کھلے دو بٹن..

....شاہ میر ہوش میں آیا

...یہ کیا بیہودہ حولیہ ہے "وہ غصے سے بولا

..حرم نے گھیرہ سانس لیا

آپ کو ہی پسند ہے ..یہ "حرم نے بھی غصے سے کہا جبکہ رونا بھی آیا ..اب بھی

..غصہ نہیں گیا تھا

...میں نے کب کہا یہ "وہ بھنایا

نہیں کہا باہر جو اس لڑکی سے چپکے کھڑے تھے ایسی ہی تھی

...وہ "وہ بولی تو آواز رندھ گئ تھی

...کیا بکواس ہے "شاہ میر حیران ہوا

...جبکہ اب حرم دونوں ہاتھوں سے چھرا چھپا کر رو دی

"آپ صبح سے ڈانٹے جا رہے ہیں ... پھر ... میں کیا کرو

...حرم اسکی تو شاہ میر نے اسکیطرف قدم بڑھائے

.....

تو تم نے یہ طریقہ سوچا مجھے منانے کا "آپ ہی آپ اسکے لب مسکراہٹ میں

ڈھلے اور وہ حرم کے نزدیک تر آگیا...

حرم کی اینر وائس رو اب کہیں جا سوئ تھی...

جس کے باعث اسکے گال شرم سے سرخ پڑ رہے تھے...

اگر تم اس حولیے میں باہر نکلتی تو میں ضرور .. تمھیں شوٹ کر دیتا "اپنی بے پناہ جنونیت سے اسکے اوسان خطا کرتے ..وہ اسکے کانوں میں بھی رفتہ رفتہ بولنے لگا ...

مگر شاہ میر کی بڑھتی جرتیں...

حرم کے لبوں پر قفل لگا چکا تھیں...

شاہ میر ..اسکے حسن کے آگے ..سب بھول چکا تھا آج صبح کیے خود سے دعوے ..اپنا غصہ...

وہ لڑکی اسے ہار ماننے ہر اکسا رہی تھی...

اور یہ غلط تھا ..اگر وہ ہار مان لیتا...

.....تو حرم ... کے لیے اسکو سہنا ..دنیا کا مشکل ترین کام ہو جاتا

.....شاہ میر اسے ایک اور بار ..کمر میں ہاتھ ڈالے بیڈ پر لے آیا

..جبکہ ... حرم ..کی جان ... سوکھنے لگی ... مگر شاہ میر

.....اپنے عمل پر ڈٹا رہا

...اور سب بھلائے ..وہ حرم کے وجود میں پناہ ڈھونڈنے لگا

.....

.....گولیوں کی آواز تیز تیز تیز ہوتی جا رہی تھی

جبکہ وہ تمام گولیاں شاہ میر کے سینے سے اس پار ہوتیں ... وقت کے ساتھ

.....ساتھ ... اسکے مظبوط وجود کو ڈھے دے رہی تھیں

... گٹھن بھڑ رہی تھی

...جبکہ حرم کی چیخوں نے آسمان سر پر اٹھایا ہوا تھا

...وہ شخص کون تھا... حرم چھا کر بھی اسکا چہرہ نہیں دیکھ پا رہی تھی

...مگر اسکا قہقہ

...حرم کے کونوں میں سیسہ پگھلا گیا

...ایک اور بار... گولیوں کی تڑ تڑ..نے

شاہ میر کے وجود کو زمین بوس کیا... .وہ اندھے منہ گیرہ

...وہ اس تک پہنچنا چاہتی تھی

.....مگر اسکی کلائ ..پر ..ایک گرفت تھی

...حرم نے اپنی کلائ کی طرف دیکھا

گھٹن آمیز اندھیرے میں اسے اپنی شفاف کلائ پر لمبے لمبے نخونوں کی گرفت محسوس

...ہوئ ..جس سے ایک بار پھر اسکی چیخوں... نے... .حشر میچایا تھا

...وہ ہاتھ چھڑانا چاہتی تھی... مگر ..اسکا ہاتھ نہیں چھوٹ رہا تھا

...اسکی نظر شاہ میر کی لاش پر پڑی

...وہ شاہ میر کے پاس چاہنے کے باوجود نہ پہنچ پائ

...اور یوں وہ گندہ نخونوں والا ہاتھ شاہ میر سے حرم کو... دور لیتا گیا

..."میر..." وہ ایکدم جھٹکا کھا کر اٹھی

...کمرے میں صرف نائٹ بلب کی روشنی تھی

...جبکہ... اچھے خاصے ڈھنڈے ماحول میں اس کا چہرہ... پسینے سے شرابور تھا

اسنے تڑپ کر اپنے ساتھ لیٹے شاہ میر... کی جانب دیکھا..اسکا دل گھبراہٹ کے

...مارے بند ہونے کے قریب..تھا

شاہ میر شرٹ لیس... بغیر بلنکٹ کے اسکی جانب کروٹ لیے ہوا..کافی گھیری

...نیند میں تھا

...حرم نے اسکو اٹھانا مناسب نہیں سمجھا... .اور خود اپنا حولیہ درست کرتی وہ

...شاہ میر پر بلنکٹ ڈال کر... سائیڈ درار سے

.۔۔۔اپنی میڈیسن نکالنے لگی

دوائ کو دیکھ کر۔۔۔ اسکے دماغ نے خواب کو اپنی بیماری کے ساتھ جوڑنا چاہا

تو کیا میں مرنے والی ہوں۔۔۔ "اپنے زہن کو سپیڈ سے چلاتے ہوئے وہ اتنا ہی

.۔۔۔سوچ پائ

..۔۔۔تو اسکی آنکھیں نم ہوگئیں

.۔۔۔جبکہ لبوں سے سسکی آزاد ہوتی

۔۔۔کہ اسنے ہتھیلی رکھ کر اسکو روکا

مگر میں مرنا نہیں چاہتی۔۔۔ .اور میر کو گولیاں "..وہ پریشانی ..سے۔۔۔ اب رونے لگی تھی

تھوڑی دیر بعد اسنے اپنے آنسو صاف کیے ..گھبراہٹ سے اسے ایسا لگا ..وہ ابھی نہ

۔۔۔مر جائے ..اسنے جلدی سے گولیاں منہ میں ڈالی اور

.۔۔۔پانی سے پی گئ

...مگر خواب کا اثر اب تک زائل نہیں ہوا ..تھا

...اب اسے اندھیرے سے بھی ڈر لگنے لگا ..تھا

...جبکہ گرفن پر میر کی جنونیت ..اب چبھن میں بدلنے لگی تھی

...اسنے آنسو صاف کر کے ..شاہ میر کو دیکھا

...کتنے سکون سے سو رہا تھا

...جبکہ اسکے خواب میں آکر اسکا سونا مشکل کر چکا تھا

..وہ اپنی جگہ سے اٹھی ..اور روم میں لگی میرر وال کے پاس کھڑی ہو گئ

...دنیا اب بھی حرکت میں تھی روشنیاں ہل چل

...اب بھی جیسے سب تھا مگر اسکا دل ..اداس تھا

حرم "شاہ میر کی پکار پر وہ پلٹی نہیں ..بلکہ ..اس آواز کو سن کر ..وہ میر وال سے

...سر ٹکائے بری طرح رو دی

..شاہ میر ایکدم خود ہر سے بلنکٹ ہٹا کر اس تک پہنچا

..کیا ہو، .. طبعیت ٹھیک ہے تمھاری "اسنے حرم کا روخ اپنی طرف کیا

م ..مجھے ڈر لگ رہا ہے "شاہ میر کے سینے سے سر ٹکائے وہ بولی ... تو شاہ میر

... نے اسکے بالوں پر ہاتھ پھیر جیسے ..اسکو تسلی دینا چاہ رہا ہو

... میرے علاوہ کس سے ڈر گگ رہا ہے تمھیں"شاہ میر نے .. سنجیدگی سے پوچھا

اپنی موت سے "حرم بولی تو شاہ میر ... کو لگا جیسے اس بات نے اسکا دل مٹھی

... میں جکڑا ہو

اے ... کیسی باتیں کر رہی ہو ... مجھے نہیں پسند میرا بیبی اتنی بڑی بڑی باتیں

.. ... کرے "اسنے اسکے چہرے کو اپنے مقابل کیا اور اسکے آنسو صاف کیے

حرم اسکی آنکھوں میں دیکھنے لگی ... اسکی آنکھوں میں حرم کی بات سے ایک

... عجیب احساس تھا

... میں ہوں نہ ... تمھارے ساتھ

اب زیادہ مت سوچو۔۔۔ اور یہ تم نے مجھے اٹھا کر اپنا نقصان نی کیا۔۔۔ "وہ ایک

۔۔۔آئ برو اچکا کر۔۔۔ بس ہلکا سا مسکرایا تھا

۔۔حرم۔۔۔ بلش کر گئ جبکہ خواب کا اثر اسکے دماغ سے زائل ہوا تھا

بہت چالاک ہو تم۔۔۔ آج کی رات تم نے اکسایا ہے مجھے "وہ اسکے کان پر جھکا

مدھم لہجے میں بولا تو۔۔حرم کا اسکیطرف دیکھنا محال ہوا۔۔اسنے گھ را کر۔۔اسکے سینے

۔۔۔میں چہرہ چھپا لیا۔۔جبکہ۔۔شاہ میر

۔۔کا دل کافی تیز رفتار میں دھڑک رہا تھا

۔۔۔اچانک اسنے ایسی بات کیوں کی تھی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔آج وہ وادیے کالام کی جانب۔۔گئے تھے

۔۔۔شاہ میر کا موڈ بھی۔۔کل کی نسبت آج اچھا تھا

اور وہ حرم کی ساری فرمائشیں اور نکھرے اٹھا رہا تھا جبکہ دوسری طرف شہروز اور ونیزے بھی ایک دوسرے کو نارمل ٹریٹ جر رہے تھے..

اماں اپنے بیٹوں کو دیکھ کر بہت خوش تھیں جبکہ شانزے فیضان کو وہاں بھی دیکھ چکی تھی اور وہ سوچ چکی تھی کہ اب اگر اس شخص نے کچھ کہا تو وہ لازمی شاہ میر سے اسکو دھلوا دے گی ..اتنا ہی عشق ہے...

اسکا ..تو زرا پتہ بھی تو چلے...

وہ اس بات کو صرف مزاق میں لے رہی تھی جبکہ یہ بات تو کوئ نہیں جانتا تھا

فیضان کس قدر سیریس ہے اسکے لیے...

جبکہ فیضان حرم کو دیکھ کر اچھا خاصا حیران تھا...

وہ تو اس طرح خوش تھی ..جیسے کوئ معملہ ہی نہ ہو ..اسے حرم پر غصہ بھی آیا ...

چاچو چچی کی کیا حالت ہو چکی تھی اور وہ ..کتنی خوش تھی...

...رم جھم بارش برسی

تو..سب وہاں بنے چھوٹے موٹے ہٹس میں... جما ہو کر بارش انجوائے کرنے لگے...

...شانزے جس ہٹ میں آئ ..اسی ہٹ میں فیضان بھی تھا

...وہ اس سے بات کرنے کی نیت سے... اسکے نزدیک ہوا

ہیلو میڈیم"وہ ہلکی سی آواز میں بولا جبکہ... فون کان سے لگا لیا جس سے یہ معلوم ہو کہ وہ فون پر بات کر رہا تھا...

...شانزے نے موڑ کر دیکھا

کیسی ہیں محترمہ "فیضان نے ..مسکرا کر پوچھا جبکہ شانزے نے ..دوسری ہٹ میں کھڑے .شاہ میر کو دیکھا...

...فیضان نے... اسکی نظروں کا مفہوم سمجھ لیا تھا

دیکھو۔۔۔ .یہ بات بت پر اپنے بھائیوں کی دھمکیاں نہ دو "فیضان نے تیوری چڑھا کر کہا۔۔۔

..جس دن تم پیٹو۔۔۔ .گے ..اس دن دماغ درست ہو جائے گا "شانزے ..بولی

۔۔۔تو ..اسکا چہرہ سرخ ہو گیا تھا ..جبکہ

۔۔۔فیضان کو اسکا چہرہ بڑا پیارا لگا

۔۔۔اچھا ٹھیک ہے ۔۔۔ ساری باتیں ترق کر کے ۔۔۔ ایک بات کر رہا ہوں

"شادی کرنا چاہتا ہوں تم سے

فیضان نے ۔۔۔ سیل ہٹا کر ۔۔۔ بلکل سیریس ۔۔۔ ہو کر اس سے کہا ..تو شانزے ۔۔۔تو حیران رہ گئ

جبکہ سامنے کھڑے شاہ میر کی اسی وقت ۔۔۔ شانزے پر نظر پڑی ۔۔۔ جو قسمت سے اس ہٹ میں اکیلی تھی ۔۔۔ جبکہ اسکے ساتھ فیضان کو دیکھ کر اسکا میٹر ۔۔۔گھوما ..یقیناً وہ اس سے کوئ بات کر رہا تھا

ت ۔۔۔ تم "شانزے کو اس سے اس بات کی امید نہیں تھا ..اسکا دل بری طرح

۔۔۔دھڑکنے ۔۔۔ لگا ..پہلی بار فیضان سے شرم سی محسوس ہوئ

پیار کرتا ہوں تم سے ۔۔۔ ".فیضان نے مسکرا کر ..اسکا نکھرتا چہرہ دیکھا ..اور اس

۔۔۔سے پہلے وہ اسکا ہاتھ پکڑتا

۔۔۔زور دار مکہ اسکے جبڑے پر پڑا

۔۔۔اسنے شاہ میر کیطرف دیکھا

۔۔۔جس نے ..اسکا گریبان پکڑ کر اسے ہٹ سے باہر کھینچا

..لا لا "شانزے ..گھبرہ جر بولی ..تو شہروز .. بھی شاہ میر کیطرف بڑھا

لالا کیا کر رہے ہیں چھوڑیں اسے "..شہروز نے سے ہٹانا چاہ آ ..جو فیضان کو ..دو

۔۔۔تین گالیوں سے نوازتا

۔۔۔پیٹے جا رہا تھا

کس نے بھیجا ہے تجھے ..رضا نے نہ ..تیری جرت کیسے ہوئ میرے بہن سے بات کرنے کی "وہ چلایا...

جبکہ حرم جو ..ہونق تھی... فیضان کو پیٹتے دیکھ کر ..اچانک شاہ میر کیطرف دوڑی ..فیضان کا سر پھٹ چکا تھا ..اماں بھی وہیں آئ ..جبکہ وہ شاہ میر کو روک رہیں تھی..

...لالا پلیز چھوڑ دیں "شانزے... نے روتے ہوئے اسے روکنا چاہا

...تو شاہ میر نے خون آشام نظروں سے شانزے کو گھورا

...جبکہ فیضان ..کہ لیے تو یہ خوش آئین تھی کہ وہ اسکے لیے روی

...اماں نے شانزے کو سختی سے پیچھے ..کھینچا

...شہروز نے ..شاہ میر کو ..بمشکل... ہٹایا.

...تو فیضان ..ہنسنے لاگ ..جبکہ ارد گرد ..بہت سے لوگ جمع تھے

...فیضی "حرم دوڑ کر اس تک پہنچی جبکہ ونیزے بھی

تم .. تم ٹھیک ہو "حرم رونے لگی .. جبکہ ونیزے نے .اپنے دوپٹے سے اسکے سر کا خون صاف کیا ...

ارے ... تم رو کیوں رہی ہو ... "فیضان ... نے .. حرم .. کو پیار سے دیکھا چند لمحے والا غصہ اسکے آنسوں سے غائب ہو گیا ..

سالے صاحب .. اچھے خاصے اڑیل ہیں مگر میرا بھی ابھی پتہ نہی انھیں "وہ زور سے بولا جبکہ شاہ میر دندناتا ہوا اس تک پہنچا ...

اسکی بات اسکے وجود میں شرارے لگا رہی .. تھی ..

کھڑی ہو حرم ".اسنے حرم سے کہا ...

آپ بھی اٹھیں "ساتھ ونیزے کو بھی کھا ... تو ونیزے فیضان کو ٹیک کیئر کہ کر اٹھی .. جبکہ حرم نے اپنا ہاتھ چڑھایا ..

بھائی ہے یہ میرا کیوں مارا ہے آپ نے "وہ غصے سے بولی جبکہ شاہ میر ... نے اسکو گھورا .

ٹھیک ہے بہاڑ میں جاو "..شانزے کا ہاتھ تھام کر ... وہ وہاں سے چلا گیا ..جبکہ ...

شانزے نے مڑ کر ایک نظر ..فیضان کو دیکھا

...جو اسی کیطرف دیکھ رہا تھا

جاو حرم ..میں ٹھیک ہوں ... مگر اپنا سیل فون نمبر دو مجھے تم نہیں جانتی چاچو چچی کا حال کیا ہے ... وہ تمھیں بیت یاد کرتے ہیں دن رات تمھیں ڈھونڈنے ..مین لگے ہیں"فیضان نے جیسے اسے احساس دلایا

...میرے پاس فون نہیں "وہ بارش میں بھیگتی روتی بھی گئ

میں تم سے ملنے او گا ..بس مجھے اڈریس بتاو ..اسلامہ آباد میں کاہس رہتی ہو تم

...فیضان نے اتھتے ہوئے ..پوچھا"

..شہروز اور ..ونیزے .. سمیت اماں بھی قریب آ گئیں تھیں

جبکہ حرم یہاں بھی بے بس تھی وہ نہیں جانتی تھی جبکہ اماں نے اسے اڈریس ...بتایا

...شہروز نے اماں کو دیکھا

...اور وہ بھی تب فن کرتا وہاں سے نکلا

تو فیک

.فضان ہنس دیا

جاو تم "اسنے کہا اور حرم نہ چاہتے ہوئے بھیا نکے ساتھ ہو لی ..جبکہ پیچھے فیضان . کمکے دوست اب آئے ..تھے اسکا رنگین منہ دیکھ کر ..اب وہاں ہلڑ بازی شروع ہو ...گئ تھی

.....

...بغیر کوئ بھی بات کیے وہ دو دن میں امان سب کو لے کر واپس آگیا تھا

..حرم سے اسنے کوئ بات نہیں کی تھی جبکہ وہ اسے منا منا کر تھک چکی تھی

..غلطی نہ ہونے کے باوجود معافیاں بھی مانگ رہی تھی

...جبکہ شانزے

..الگ کمرے میں بند ہو کر رہ گئ .. تھی

اسکے دل کی کیفیت ..اس جگہ سرے سے بدل گئ تھی جب ..شاہ میر نے اسے

.سب کے سامنے پیٹا

شاہ میر ڈیوٹی سے گھر آیا

تو گھر میں سناٹا تھا

اسنے اماں کے کمرے کا روخ کیا ..ونیزے اور حرم دونوں تھیں وہاں جبکہ

شانزے اسکو دیکھ کر ..وہاں سے ..چلی گئ

..شاہ میر نے ضبط سے یہ منظر دیکھا

اماں میں آپ سے اکیلے میں بات کرنا چاہتا ہوں"اسنے کاہ تو ..ونیزے

..وہاں سے خاموشی سے چلی گئ ..جبکہ حرم منہ بنے بیٹھی تھی

آواز نہیں آتی تمھارے کانوں میں "وہ غصے سے بولا

یہ کس طرح بات کر رہے ہو "اماں نے ڈپٹا تو حرم مزید معصوم ہو گئ

...حرم جاو یہاں سے "شاہ میر نے کنٹرول کر کے کہا

...بلکل نہیں"وہ منہ پھلا کر بولی

...تو شاہ میر ضبط سے رہ گیا

...شانزے کے لیے فواد کا رشتہ آیا ہے

"...اسنے چانک بم پھوڑا

